In modern multi faith world, Muslims are impelled by their belief to cooperate with Muslims and non-Muslims for securing peace and justice. The views expressed in this paper show that Muslims have enough theological resources to redefine their position in the contemporary pluralistic world. A pluralistic society can be built so those involved, Muslims or otherwise, can feel free to engage and participate fully in a society that they are living in. It is worth mentioning that the Qur'ân claims itself as the book of guidance. The prophet Muhammad has followed it and had shown the community what it means and how that should be practiced. If a clear direction is not found in al-Qur'ân Muslims are encouraged to look into the practices of the Prophet. If nothing is found there, the Muslim community – through its learned scholars – is encouraged to reach a consensus which is nearest to the spirit of Islam. In this process any attempt to freeze society in the norms of the past is not acceptable, nor is it tolerable because it will drag the society back to the past. What the era requires is not just to look back profoundly and

positively to keep the connection with the mainstream. It will enable us in establishing reconciliation among diverse cultures for the safe and peaceful future of the world. In this regard a keen eye is required to differentiate between what is central and what is peripheral. Today self centred attitude is felt by many Muslims. This attitude is not appropriate for modern world. It is felt that Muslims must come to other religions, which have been on earth for hundred and even thousands of years, with humility that seeks to learn what role they play in God's providence, in what way they manifest God to man, how they lead man toward salvation.

If the Muslims are to come to other religions in humility to learn something more of God and His will for man and the world, they must meet them with openness and come to dialogue. If Muslims are going to be receptive to the truth they must shut off no possible approach ;they must be open to truth(God) every where, and should follow it when it is found, even when it means modifying or abandoning of earlier presumably unchangeable positions. This will pave a way toward peace and reconciliation. The peace of world is dependent on the peace among world religions. The only tool for peace among religions is dialogue based on pluralistic approaches and attitudes. It is time for Muslims to take the lead in the process of healing through dialogue.

References

1 Wilfred Cantwell Smith, *Faith of Other Men* (New York: New American Library, 1962/1963; New York:Harper Torchbooks, 1972), p.3.

2 See for details: Alan Race, *Christians and Religious Pluralism : Patterns in Christian Theology of Religion*s (London:SCM Press,1983) p.1ff.; John Hick, *The Rainbow of Faiths: Critical Dialogue on Religious Pluralism*(London: SCM Press,1995),p.12-13;Daniel B. Clendinin, *Many Gods, Many Lords: Christianity Encounters World Religions* (Grand Rapids, MI:Baker Books 1995) p.18-29; Charles Kimball, *Striving Together : A way forward in Christian-Muslim Relations* (Maryknoll, NY: Orbis Books,1991), p.48-56.;David A.Hait (ed.), *Multi Faith Britain* (London: O Books,2002),p.23-31; Mahmut Aydin, 'Religious Pluralism: A Challenge for Muslims - A Theological Evolution' ,Journal of Ecumenical Studies,38:2-3,Spring- Summer 2001,p.330-345;Mahmoud M. Ayoub, 'Islam and Pluralism', Encounter ,Journal of Inter Culture Prospective 3:2 (1997),p.103-118.

3 Wilfred Cantwell Smith,op.,cit.,p.11.

4 Mahmut Aydin, op.cit., p.336.

5 Jhon Hick, *The Fifth Dimension: An Exploration of Spiritual Realm* (Oxford: Oneworld,1999),p.77.

6 Mahmut Aydin, op.cit.,p.336.

7 Mahmoud M. Ayoub, op.cit., p .110.

8 John Hick, *Rainbow of Faiths*, p.13.

9 John Hick, *God and the Universe of Faiths: Essays in Philosophy of Religion* (London: Macmillan, 1973; (repr.Oxford: Oneworld, 1993),p.viii-ix.

10 Paul F. Knitter, No Other *Name? A Critical Survey of Christian attitudes toward the World Religions*, American Society of Missiology Series 7 (Maryknoll, NY: Orbis Books; London: SCM Press, 1985),p.9.

11 Mahmoud M. Ayoub, op.cit., p .110.

12 Ibid.,p.332.

13 Panikkar Raimon, *The Intra- Religious Dialogue* (New York,N.Y. ; Paulist Press 1978),xiv.

14 Milko Youroukov , 'Dialogue Between Religious Traditions as a Barrier against cases of Extreme Religious Fundamentalism,' in Plamen Makariev (ed.), *Islam and Christian Cultures: Conflict or Dialogue* (Washington, D.C. :Council for Research in Values and Philosophy, 2001), p.65.

15 Ibid.

16 Ibid., p.66.

17 Ibid.

18 Ibid.

19 Panikkar, 'The Invisible Harmony: Universal Theory of Religion or a Cosmic Confidence in Reality,' Leonard Swidler (edit.), *Towards a universal Theology of Religions* (Maryknoll, New York 10545: Orbis Books, 1988),p. 125.

20 Mahmut Aydin, op.cit.,p.336.

21 See Al Qur'ân 2:127-133 ; 3:51-52,84 ; 6:161-163 ; 10:83-84 and 90.

22 In the 95th chapter (*Surah)* of Qur'ân word *tin* (Fig) is mentioned as a symbol of Prophet hood. Manazir Ahsan Gilani, a famous Indian scholar explores that the followers of Buddha unanimously believe that he received *nirvana*, the first revelation, under a wild fig tree. He considers that the mentioning of Fig at the start of *Surah tin* is a subtle way of mentioning Buddhism in Qur'ân. See Hameedullah Muhammad, *Emergence of Islam* (Islamabad, Islamic Research Institute, 1999), p.203.

23 Al Qur'ân 35:24.

24 Ibid., 17:70.

25 Ibid., 11:118.

26 Ibid., 49:13.

27 Ibid., 3:104,110;9:71.

28 Ibid., 35:24.

29 Ibid., 2:136,285; 3:84 and 4:15.

30 Al Bukhari Abu Abdullah Muhammad bin Ismael d.870, *Al Jamiya Al Sahi* (Dar Ibn Kaseer, 1987), Kitab al-Khusûmât, and Kitab al –Tawhî.

31 Al-Qur'ân 10:47.

32 Leonard Swidler, 'Interriligios and Interideological Dialogue: the Matrix for all Systematic Reflection today', Leonard Swidler(edi.), *Towards a universal Theology of Religions* (Maryknoll, New York 10545: Orbis Books, 2nd edi.,1988),p.12.

33 Zafar Ishaq Ansari, 'Some Reflections on Islamic Bases for Dialogue with Jews and Christian,' *Journal of Ecumenical Studies*, vol. 14,1997,p.436.

34 Ibid.

35 Al-Qur'an 5:48.
36 Ibid., 2:148.
37 Timidhi,Al-jamiya Manâkib, 32.
38 Al-Bukahri , Anbîyâ 48, 48;Al-Muslîm,Fadâîl,145.
39 John Hick, *God and the Universe of Faiths: Essays in Philosophy of Religion* (London: Macmillan,1973; (repr.Oxford:Oneworld,1993),p.viii-ix.
40 Ismail Raji al-Faruqi , 'Rights of non-Muslims under Islam', In Ismail Raji al-Faruqui Islam and Other Faiths edited by Ataullah Siddiqui (Leicester: The Islamic Foundation Mark field Conference Center,1998),p.284.
41 Al-Bukhârî,al- *Jâmi al-Sahilil al- Bukhârî,* Bab Ma qila Fi Ulad al-Muslamin, Hadith No 1296.
42 Al- Qur'ân 35:24.
43 Ibid., 16:36.
44 Ibid., 17:13.
45 Ismail Raji al-Faruqi , 'The role of Islam in Global Inter Religious Dependence ', In Ismail Raji al-Faruqui Islam and Other Faiths edited by Attaullah Siddiqui (Leicester: The Islamic Foundation Mark field Conference Center,1998),p.78-79.
46 A-Quran 16;36.
47 Ibid., 14:4.
48 Ibid., 4 : 165.
49 Ismail Raji al-Faruqi , 'The role of Islam in Global Inter Religious Dependence ', op.cit., p.79.
50 Ismail Raji al-Faruqi , 'Rights of non-Muslims under Islam', op.cit.,p.285.
51 Ibid.,p.286.
52 Al- Qur'ân 3:68.
53 Ibid., 3:64.
54 Ibid., 2:62.
55 Ismail Raji al-Faruqi, 'Islam in Great Asian Religions (New Yourk: Macmillan, 1975),p. 329.
56 Ismail Raji al-Faruqi , 'Rights of non-Muslims under Islam' op.,cit., p.287.
57 Gülen Muhammad Fethullah, *Towards a Global Civilization of Love and Tolerance* (New Jersey : Light Publications,2006), p. 74.
58 see Zeki Saritoprak and Sidney Griffith, 'Fethullah Gülen and the 'People of the Book': A Voice from Turkey for Interfaith Dialogue', *The Muslim World*, Vol. 95,No.3 July 2003,p.337.
59 Al Qur'an 5:51 and 6:108.
60 Ibid., 2:256
61 Ibid., 22:40
62 Ibid., 2:256.
63 Ibid., 16:125.
64 Ibid., 39:41;10:108;27:92;6:104;34:50.
65 Ibid., 10:99.
66 Ismail Raji al-Faruqi , 'Rights of non-Muslims under Islam', op.cit.,p.291.

67 Muhammad Asad, *The Message of the Qur'ân* (translation and explanation) (Gibralter:Dar al-Andalus,1980,1984),p.57-58,n.249.

68 Al-Qur'ân:2:256.

69 For an explanation of this term, see Ibn Manzoor , op.cit.,,s.v. *miqlât*,p.2/72-73.

70 Tabarî,Muhammad b.Jarîr, *Jâmi ' al-bayân an ta'wîl ây al Qur'an*(Cairo,1954),p.3/ 14-16; Abu Ubaid, al-Qâsim b. Sallâm al-Harawî *Kitâb al-nâsikh wa al-mansûkh* (Ed.) J.Burton .E.J.W. Gibb Memorial Trust (Cambridge : St. Edmunds bury Press, 1987), p. 96-99; Ibn al-Arabî al-Mâlikî, *Ahkâm al-Qur'an* (Beirut: Dâr al-ma 'rifa,n.d.),p.1/233; Qurtabî,Abu Abd Allah Muhammad b. Ahmed al _ansârî, *al Jâmili –ahkâm al-Qur'an* (Beirut: Dâr al-fîkr,1993),p.3/256.

71 Tibirî, Jâmi al –bayân,p.3/15.

72 Tabrisî,Ahmed b. Ali, *Majma al-bayân fi tafsîr al Quran* (Beirut: Dâr al-fîkr wa Dâr al-Kitâb al-Lubnânî,1954),p.2/305.

73 Ibn Zanjawayhi Humayd, *Kitâb al- amwâl*, (Ed.) Shâkir Dhîb Fayyâd.(Riyadh: markaz al-malik faysal li-'buhûth wa al-dirâsât al-Islâmiyya,1986) p.1/145.

74 Ibn ʾshûr,Muhammad Tahir, *Tafsîr al-Tahrîr wa al-tanw*îr (Tunis: al- Dâr al-Tûnisiyya li-'l-nashr,1973) , p.3/26.

75 al-Qâsmî, Jamâl al-Dîn , Mahsin al-ta'wil, (Cairo: Dâr Ihyâ al-Kutub al-arabiyya,1957)p.3/665.

76 Sa 'id b. Mansûr ,Sunan,p.3/961.

77 Tibirî, *Jâmi al –bayân*,p.3/16; Ibn al-Arabî , *Ahkâm al-Qur'an* (Beirut: Dâr al-ma 'rifa,n.d.),p.1/233.

78 Ibn Qudâmah, *al- Mughanî* (Cairo: Dâr al-manâr,1367A.H),p.8/144.

79 Ibn al-Arabî, op.cit.,p.1/233-134.

عہد نبویؐ میں اسلامی حکومت اور اداروں کی تشکیل

ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمٰن*

Abstract:

The Prophet (PBUH) established economical, social, political and cultural institutions, based upon ideological doctrines, with some modification. He revived the basic features of society, whose values were democratic in nature in-spite of being very close to the un-civilized period. Therefore it can be called a successful revolution by establishing a society standing on strong footing with in a short period of time.

سرزمین مکہ میں انبیاء ورسل کے سلسلے کی آخری کڑی جناب محمد رسول اللہ ﷺ کے دورِ نبوت کا آغاز ہوا...... پہلے خفیہ اور پھر علی الاعلان تبلیغ کا کام جاری تھا۔ محدود تعداد نے حق کی آواز پر لبیک کہی، لیکن عام اہل ملک کی دشمنی اور عملی مخالفت میں روز افزوں اضافہ ہوتا گیا، خود آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرامؓ کو بڑے صبر آزما حالات سے گزرنا پڑا۔ مصائب و آلام اور اذیت ناک سزائیں جس طرح روا رکھی گئیں وہ تاریخ اسلام کا ایک نہایت دردناک باب ہے......، بظاہر تمام کوششوں کے باوجود یہاں اسلام کے عالمگیر اصولوں کے مطابق مستقل بنیادوں پر اسلامی حکومت کا قیام ممکن نظر نہیں آ رہا تھا...... چنانچہ بیعت عقبہ اولیٰ اور بیعت عقبہ ثانیہ کے بعد کچھ صحابہ کرامؓ ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے اور بعد ازاں سیّد دو عالم ﷺ بھی ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لے آئے اور یہیں حضور ﷺ کی قیادت میں پہلی اسلامی حکومت کا قیام عمل میں آیا۔

اسلامی ریاست

اسلام کا مقصد اگرچہ دنیا میں حکومت و سلطنت کا قیام نہیں ہے، لیکن وہ حسن عمل کا لازمی نتیجہ ہے۔ اللہ جل شانہٗ نے اپنے بندوں سے استخلاف فی الارض کا وعدہ کیا ہے جس کا ذکر اس آیۂ قرآنی میں موجود ہے، ﴿وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ......الآیہ﴾. (۱) اسلام کے احکام و قوانین کا پورا قیام و نفاذ حکومت کے بغیر نہیں ہوسکتا، چنانچہ سیّد دو عالم ﷺ نے مدینہ میں قیام کے بعد ریاست مدینہ کو عملی شکل دینا شروع کر دی جس کی تکمیل خلافت راشدہ کے زمانے

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، ایڈیٹر ''فکر و نظر'' ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد۔

میں ہوئی اور عہد رسالت کے سادہ نظام حکومت نے آگے چل کر ایک عظیم الشان حکومت کی شکل اختیار کر لی، جس کا ایک سرا ہندوستان وچین سے ملتا تھا اور دوسرا جبرالٹر سے۔

کسی ایسی ریاست کو جس میں بسنے والے لوگ مختلف مذاہب، مختلف قبائل اور مختلف نظریات کے حامل ہوں، کسی ایک دستور کا پابند کیے بغیر مستحکم بنیادوں پر استوار کرنا یا عملی شکل دینا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے۔ چنانچہ حضور ﷺ نے ہجرت کے پہلے ہی سال ایک دستور مرتب فرمایا۔ جس میں حکومت، رعایا اور دیگر تمام متعلقات کا تفصیلی ذکر موجود ہے، بقول ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ یہ ''دنیا کا سب سے پہلا تحریری دستور'' ہے۔(۲) اس دستاویز کی باون دفعات ہیں۔ یہ دستاویز حضور ﷺ کی سیاسی بصیرت اور حکمت عملی کا شاہکار ہے۔ عہد نبویؐ کے نظامِ حکومت کا جائزہ لیتے وقت اس دستاویز کا تفصیلی ذکر بے محل نہ ہوگا۔ اس کی ایک ایک دفعہ سیاسی تدبر اور ریاست کے استحکام کی مظہر ہے۔

دنیا کا سب سے پہلا تحریری دستور

مدینہ پہنچنے کے بعد آنحضرت ﷺ نے مدینہ میں بسنے والی اقوام نصاریٰ، یہود اور مسلمانوں کے درمیان ایک معاہدہ قلمبند کرایا جو تاریخ میں ''میثاق مدینہ'' کے نام سے مشہور ہوا اور یہ وہ پہلا تحریری دستور ہے جو آج تک تاریخ کے صفحات میں موجود اور محفوظ ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ لکھتے ہیں: دنیا کا سب سے پہلا تحریری دستور آنحضرت ﷺ نے تحریر کروایا''۔ غرض عام قواعد وقوانین ملک کم وبیش تحریری صورت میں ہر جگہ ملتے ہیں لیکن دستور مملکت کو عام قوانین سے علیحدہ تحریری صورت میں لایا جانا اس کی نظیر باوجود بڑی تلاش کے مجھے عہد نبویؐ سے پہلے نہیں مل سکی۔(۳)

ہجرت کے پہلے ہی سال آنحضرت ﷺ نے یہ نوشتہ مرتب فرمایا۔ اس دستور کی اہمیت کو غیر مسلم مورخین نے بھی تسلیم کیا ہے۔ اس دستور کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ شروع دور اسلام میں قرآن کے علاوہ کوئی دوسری چیز لکھنے کی ممانعت تھی، لیکن اس دستور کو آنحضرت ﷺ نے خود قلمبند کروایا۔

اس معاہدے کی ہر دفعہ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کسی ایسے مدبر اور ماہر قانون کا تیار شدہ ہے جو حالات کی جزئیات تک سے کلی طور پر واقف ہو۔ آپؐ مدینہ میں نووارد تھے اور محض اپنے چند ساتھیوں سمیت تشریف لائے تھے تو اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مسلمان تو خیر آپ کے تابع تھے ہی دوسرے قبائل اور یہود نے آپ کی سیاسی بالادستی کو کیسے قبول کر لیا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ مدینہ میں دو بڑے قبیلے اوس وخزرج اکثر برسرپیکار رہتے تھے۔ اگر ان میں کبھی امن پیدا ہو بھی جاتا تو یہود ان میں نیا فتنہ پیدا کر کے تماشائی کا کردار ادا کرتے اور اس طرح اہل مدینہ پر

اپنی بالا دستی قائم رکھتے تھے۔اوس وخزرج کے بعض سمجھدار لوگ یہودیوں کی اس فتنہ پردازی سے نالاں تھے،لیکن ان کے پاس اس کا کوئی علاج نہ تھا۔کوئی ایسی بااثر شخصیت ان کے سامنے موجود نہ تھی جو یہ فتنہ دبا سکے۔ہجرت سے پہلے ان لوگوں نے حج کے موقع پر آپ ﷺ سے ملاقات کی تو آپ ﷺ کی ذات میں اپنی منزل گم گشتہ نظر آئی۔ چنانچہ آپؐ تشریف لائے تو ان لوگوں نے یہود کے فتنہ اور سیاسی دباؤ سے بچنے کے لیے آپ سے اتحاد وتعاون میں عافیت سمجھی۔ادھر یہود خود ایک وحدت نہ تھے، بلکہ تین بڑے قبائل میں بٹے ہوئے تھے۔جن کی آپس میں رقابت چلتی تھی۔ چنانچہ میثاق مدینہ کو ان لوگوں نے بیک وقت قبول نہیں کیا۔ یکے بعد دیگرے حالات کے سامنے جوں جوں مجبور ہوتے گئے قبول کرتے گئے۔آپ ﷺ نے میثاق مدینہ میں چونکہ ہر شخص کی مذہبی آزادی اور عدل و انصاف کے ساتھ ہر ایک کے حقوق کو یکساں طور پر تسلیم کیا تھا،لہذا ان لوگوں کے لیے اس دستاویز کو قبول کرنے کے بغیر کوئی چارہ نہ تھا۔

''میثاق مدینہ'' صرف اپنے زمانے ہی میں اہمیت کا حامل نہیں بلکہ آنے والے تمام مسلمان حکمرانوں کے لیے بھی اس میں رہنما اصول مہیا کیے گئے ہیں۔(۴)

معروف مستشرق نکلسن لکھتے ہیں:

> ''بظاہر یہ محتاط اور دانشمندانہ اصطلاح ہے،حقیقت میں یہ ایک انقلاب ہے۔محمد ﷺ نے قبائل کی بے راہ روی پر کھلم کھلا ضرب نہیں لگائی،لیکن اسے ختم کر ڈالا...... ہر چند اس وحدت میں یہودی،مشرکین اور مسلمان شریک تھے لیکن آپ ﷺ اس حقیقت کو سمجھتے تھے کہ اس نوزائیدہ ریاست میں فعال اور بااثر حصہ دار مسلمان ہی ہیں۔ اس حقیقت کو آپ کے مخالفین پہلے نہ دیکھ سکے''۔(۵)

آنحضرت ﷺ نے ریاست کے استحکام کے لیے وہاں کے مروجہ نظام کو ہی اختیار فرمایا۔قبائلی نظام جمہوری نظام کے بہت قریب تھا۔سردار،عمر،علم اور خاندانیت میں افضل ہونے کی بناء پر منتخب کیا جاتا تھا اور وہ قبیلہ کے دیگر افراد کے مقابلے میں First among equal کی حیثیت رکھتا تھا۔آئین مدینہ نے اس نظام کو قبول کیا اور اس طرح علاقائی جمہوریت کا نظام بھی مہیا کیا گیا۔علاقائی جمہوریت سے مراد یہ ہے کہ مرکزی حکومت وفاق پر اپنی will کو مسلط نہیں کرتی۔تاہم کسی وفاقی اکائی کو بادشاہت، جاگیردارانہ نظام یا اشرافیہ،استبدادیت قائم کرنے کی

اجازت نہ تھی۔ ڈاکٹر حسن ابراہیم حسن نے جمہوریت سے متعلق اسلامی رویہ کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:
آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد جانشینی کا سوال ایک سیاسی ہنگامہ کی شکل میں اٹھا، بات یہ تھی کہ آنحضرت ﷺ نے اس کا فیصلہ اپنی زندگی میں نہیں کیا تھا۔ اس کی وجہ غالباً یہ تھی کہ آپ عربوں کے جمہوری نظام کو پسند فرماتے، اس لیے آپ کو اعتماد تھا کہ مسلمان جمہوریہ طریقہ انتخاب سے ایک شخص کو اپنا حاکم بنالیں گے۔(٦)

ریاست مدینہ کی تشکیل

جزیرہ نمائے عرب نے اسلام سے پہلے کبھی ایک منظّم حکومت کی شکل اختیار نہیں کی، اس دستاویز کو قبول کرنے کے بعد پہلی مرتبہ یہاں کے باشندگان حضور ﷺ کی سیادت وقیادت میں متحد ہوئے۔ جس ملک میں نزاج کا دور دورہ ہو، قبائل عصبیتیں عروج پر ہوں، وہاں ایک مرکزیت قائم کر دینا بلاشبہ یہ حضور ﷺ کا عظیم الشان کارنامہ تھا۔ اس دستور کے ذریعے سے شہر کی حفاظت و مدافعت اور قریش سے مقابلے کا انتظام شروع ہوا۔ ساتھ ہی ساتھ مدینہ پہنچتے ہی آنحضرت ﷺ نے سب سے پہلے اپنے بے خانماں ساتھیوں کی رہائش کا انتظام کیا۔ پھر ان مہاجرین اور مدنی مسلمانوں میں ''مؤاخات'' (٧) کے نام سے تنظیم پیدا کر کے ایک شہری مملکت کی بنیاد ڈالی۔ یوں تو تمام امت مسلمہ رشتہ اخوت میں منسلک ہے اور ﴿اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ﴾ کا ارشاد اسی حقیقت کا بیان ہے لیکن اس اخوت و یگانگت کا جو عملی مظاہرہ مدینہ طیبہ میں نظر آیا تاریخ اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر و عاجز ہے، مکہ کے مہاجرین اللہ اور رسول ﷺ کی محبت اور حفاظت دین کے لیے اپنا گھر بار، مال ومتاع سب کچھ چھوڑ کر مدینہ پہنچ گئے۔ ظاہر ہے کہ نئی جگہ انہیں معاشی مسئلہ درپیش تھا اور اس کے ساتھ ساتھ یہاں کے باشندوں سے انہیں کوئی خاص شناسائی بھی حاصل نہیں تھی، سرور دو عالم ﷺ نے حکیمانہ تدبر اور حکمت عملی سے اس گتھی کو یوں سلجھایا کہ بیگانگی کا کوئی شائبہ بھی باقی نہ رہا، آپ نے ایک مہاجر اور ایک انصار کو بھائی بنا دیا۔ سرور عالم ﷺ کی زبان مبارک نے جن دو صحابیوں کو رشتہ اخوت میں منسلک کیا ان کی اخوت و یگانگت سگے بھائیوں کی محبت سے بڑھ گئی۔ انصار نے ایثار و قربانی کا وہ حیرت انگیز نمونہ پیش کیا جو صفحات تاریخ میں ہمیشہ درخشاں رہے گا۔ انہوں نے مہاجرین کو مال و دولت، زمین و جائیداد اور کھیتی باڑی میں برابر کا شریک کرلیا۔(٨)

انصار کی فراخدلانہ محبت اور اتباع رسول کا اندازہ اس سے کیجئے کہ عبدالرحمان بن عوف کی مؤاخات سعد بن ربیع کے ساتھ ہوئی تھی۔ یہ عبدالرحمٰن کو اپنے گھر لے گئے اور کہا کہ اس تمام مال واسباب میں نصف آپ کا ہے اسے قبول کیجئے اور سنیئے میری دو بیویاں ہیں، آپ جس کو پسند کریں میں اسے طلاق دے دوں گا اس سے آپ نکاح کر

لیجئے۔(۹) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے مال وعیال میں اللہ برکت دے مجھے تو بازار کا راستہ بتا دیجئے۔ سرور عالم ﷺ کی اس حکمت عملی اور سیاسی تدبر سے جہاں مہاجرین کا معاشی مسئلہ حل ہو گیا وہاں مدینہ کی شہری مملکت کے استحکام کا بھی پہلا مضبوط پتھر رکھ دیا گیا۔

اسلام کی سیاسی تعلیمات اور عہد نبوی میں ان کا نفاذ

کوئی بھی ریاست مضبوط و مستحکم نظام کے بغیر دیر تک اپنے وجود کو قائم نہیں رکھ سکتی۔ اس کے لیے ایک سیاسی تنظیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے مدینہ طیبہ ہجرت کے بعد اسلامی ریاست کی جو داغ بیل ڈالی اس کو مستقل بنیادوں پر استوار کیا۔ عقائد اور فکر کے ساتھ سیاسی اداروں کو عملی شکل دی اور وہ جملہ امور جو کسی ریاست کے وجود اور بقاء کے لیے ناگزیر ہیں انہیں عملی شکل دے کر ریاستی ضرورتوں کو پورا کیا۔ ذیل میں ہم سب سے پہلے اسلامی ریاست کے تین بنیادی اصولوں یعنی اقتدارِ اعلیٰ کا تصور، رئیس مملکت اور شوریٰ کے خدوخال کو واضح کرنے کی کوشش کریں گے۔ یہاں ایک بنیادی اہمیت کی حامل بات کی جانب توجہ دلانا نہایت ضروری ہے۔ جس طرح یہ کہنا مبنی بر حقیقت نہیں ہے کہ عہد نبویؐ کے تمام ادارات جاہلی ورثہ تھے اور ریاست مدینہ کا تمام نظم ونسق عرب جاہلیہ میں اس وقت رائج سیاسی نظاموں سے اخذ کر لیا گیا تھا۔ اسی طرح یہ کہنا بھی صحیح نہ ہو گا کہ رسول اللہ ﷺ نے رائج تمام نظاموں کو بالکلیہ مسترد فرما دیا۔ کیونکہ بعض سیاسی، سماجی اور مذہبی انتظامات ایسے ہیں جو عہد نبویؐ سے قبل بھی پائے جاتے تھے، مثلاً مشورہ کا اصول، صوبوں میں گورنروں کا تقرر، مذہبی رسوم بھی کسی قدر ملتی جلتی موجود تھیں۔ عہد نبویؐ کے مشہور سیاسی اداروں عرافہ اور نقابہ کا وجود بھی عہد جاہلیہ میں موجود ملتا ہے۔ علاوہ ازیں وصیت، میراث، ترکہ کے اسلامی اصولوں سے کس قدر مماثل معاشرتی نظام کے خدوخال بھی جاہلی دور میں نظر آتے ہیں۔ لیکن یہاں اس حقیقت سے صرف نظر نہیں کرنا چاہیے کہ بعض آفاقی اصول ایسے ہوتے ہیں جنہیں کسی بھی نئی ریاست کا بانی نظر انداز نہیں کر سکتا اور اس مماثلت کے سبب انہیں ایک دوسرے کا چربہ قرار دینا قرین انصاف نہ ہو گا۔ یہاں ابن الطقطقی کا قول نقل کرنا زیادہ مناسب ہو گا، لکھتے ہیں:

> ''اسلامی حکومت، اپنی غایت اپنی سادگی اور اپنی عمومیت کے اعتبار سے ایک مستقل اور جداگانہ شئے ہیں، وہ ایک ایسی حکومت ہے جو عام دنیاوی حکومتوں سے بالکل الگ اور پیغمبرانہ اوصاف سے مستفید ہے''۔(۱۰)

ذیل میں اسلامی ریاست کے بنیادی عناصر کو ترتیب وار بیان کیا گیا ہے۔

مقتدر اعلیٰ

اقتدار اعلیٰ (Soverignty) ایک جدید سیاسی اصطلاح ہے جو لاطینی لفظ (suparanus) سے نکلی ہے جس کے معنی برتر و اعلیٰ (Supereme) کے ہیں۔ مغربی سیاسی نظریہ کے مطابق ریاست کے عناصر اربعہ (آبادی، علاقہ، حکومت اور اقتدار اعلیٰ) میں سے اقتدار اعلیٰ کو اوّلین مقام حاصل ہے، اس کے بغیر کوئی ریاست، ریاست کہلانے کی مستحق نہیں۔ انگلستان میں سب سے پہلے اس نظریئے کو پیش کرنے والے تھامس ہابز (Thomas Hobbes) کے نزدیک اقتدارِ اعلیٰ بادشاہ کو حاصل ہے اور اس کا حکم قانون کی حیثیت رکھتا ہے، کیونکہ معاہدہ عمرانی کے وقت عوام تو اپنے اختیارات بادشاہ کو سونپ دیتے ہیں لیکن بادشاہ ایسا نہیں کرتا۔ اس یکطرفہ معاہدہ کے بعد سے کامن ویلتھ وجود میں آ جاتی ہے۔

انقلاب فرانس کے مفکرین میں سے روسو (Rousseau) نے اپنے نظریہ ارادہ عامہ (General Will) میں عوام کو طاقت کا سرچشمہ بتایا۔ اپنے اس نظریے کی مدد سے وہ ایک دوسرے نظریہ ریاست کی بنیاد افراد کی مرضی یا ارادہ پر ہے ''جبر یا طاقت پر نہیں'' کو ترقی دیتا ہے۔ اقتدار اعلیٰ کو عوام کے ہاتھوں میں دے کر وہ فرد کو دو مختلف کردار سونپتا ہے، ایک قانون سازی کا اور دوسرا قانون کی اطاعت کا، فرد مقتدر اعلیٰ ہونے کی وجہ سے قانون خود بناتا ہے لیکن رعایا ہونے کی وجہ سے اپنے ہی بنائے ہوئے قوانین کی اطاعت کرتا ہے۔

ریاست نبویؐ میں اقتدار اور حاکمیت اعلیٰ کا منصب اللہ رب العزت کے لیے مختص ہے، اسلامی نظریہ سیاست میں طاقت کا سرچشمہ ''اللہ رب العزت کی ذات وحدہ لاشریک ہے''۔ رسول اللہ ﷺ نے حاکمیت الٰہی کا نظریہ پیش بھی کیا اور اسے اپنی ریاست میں بہ تمام وکمال نافذ بھی فرمایا۔ اسلام کا موقف یہ ہے کہ ہر قسم کی حاکمیت کا مبدأ اور مرکز ذات واحد ہے۔ وہ کائناتی، سیاسی، قانونی، اخلاقی واعتقادی، جملہ اقسام کی حاکمیت کا سرچشمہ اللہ کو ٹھہراتا ہے۔ چنانچہ ارشاد ربانی ہے:

﴿ذَالِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ﴾. (۱۱)

یہی اللہ تمہارا رب ہے، بادشاہت اسی کو ہے، کوئی الہ اس کے سوا نہیں، پھر تم

کدھر پھرے جا رہے ہو۔

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ﴾.(۱۲)

اس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ محض خالق ہی نہیں آمر اور حاکم بھی ہے، علاوہ ازیں کائنات کو تخلیق کر کے وہ معطل نہیں ہو گیا، بلکہ اس پر حکمرانی کر رہا ہے۔

اسلامی اجتماعیات کے ماہرین نے اپنی تصریحات میں اسلام کے اقتدار اعلیٰ کے متعلق ایک قطعی راہ اختیار کی ہے کہ خدا کی حکومت کا اقتدار اعلیٰ بجائے خود خداوند برتر کا اقتدار اعلیٰ ہے۔امام غزالیؒ لکھتے ہیں:

''دنیا کی ہر چیز اس کے تحت سلطنت کے ماتحت ہے اور تخت اس کے اقتدار اعلیٰ کے تابع ہے، اس کا اقتدار قدرت عامہ اور حکومت کمال کے ایسے منتہاء پر ہے کہ اس سے اوپر کوئی اقتدار نہیں۔ ہر کمی سے محفوظ اور ہر نقصان سے خالی اس کے غلبے اور تسخیر کی قوتیں یہ ثابت کرتی ہیں کہ حکومت اس کی چیز ہے اور سلطنت اس کی ملک''۔(۱۳)

ان تمام تصریحات سے جو بات واضح ہو کر سامنے آتی ہے وہ یہ ہے کہ اسلام کے سیاسی نظام میں کسی کو بھی خواہ فرد ہو یا اجتماع یا پارلیمنٹ حتمی اتھارٹی حاصل نہیں۔ان میں سے کوئی بھی اس کا مجاز نہیں کہ وہ خداوند قدوس کے اٹل اصولوں میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی لا سکے۔اسلامی قوانین اور حاکمیت کا مرجع و منبع صرف اللہ کی ذات ہے اور احکم الحاکمین کی تمام ہدایات آخری نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید میں محفوظ ہیں۔اسی اقتدار اعلیٰ میں ایک پہلو سنت کا بھی ہے۔اس کو ایک پہلو قرار دینے سے مقصد یہ ہے کہ ﴿وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْىٌ يُّوْحٰى﴾ کے فرمان الٰہی کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کی سنت بھی درحقیقت احکام الٰہیہ کا ہی حصہ ہے۔اور ﴿وَمَا آتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا﴾ کا حکم دے کر سنت رسول ﷺ کو قانون اسلامی کا بنیادی مآخذ قرار دے دیا ہے۔

''یہی محمدی تعلیم وہ بالاتر قانون ہے جو حاکم اعلیٰ (اللہ تعالیٰ) کی مرضی کی نمائندگی کرتا ہے، یہ قانون محمد ﷺ سے ہم کو دو شکلوں میں ملا ہے۔ایک قرآن جو لفظ بلفظ خداوند عالم کے احکامات و ہدایات پر مشتمل ہے۔ دوسرے محمد ﷺ کا اسوہ

حسنہ یا آپؐ کی سنت جو قرآن کی منشا کی توضیح وتشریح کرتی ہے۔ محمد رسول اللہ ﷺ خدا کے محض نامہ بر نہیں تھے کہ اس کی کتاب پہنچا دینے کے سوا ان کا کوئی کام نہ ہوتا وہ اس کے مقرر کیے ہوئے راہنما، حاکم اور معلم بھی تھے ان کا کام یہ تھا کہ اپنے قول اور عمل سے قانون الٰہی کی تشریح کریں، اس کا صحیح منشاء سمجھائیں اس کے منشاء کے مطابق افراد کی تربیت کریں پھر تربیت یافتہ افراد کو ایک منظّم جماعت کی شکل دے کر معاشرے کی اصلاح کے لیے جدوجہد کریں، پھر اس اصلاح شدہ معاشرے کو ایک صالح ومصلح ریاست کی صورت دے کر یہ دکھادیں کہ اسلام کے اصولوں پر ایک مکمل تہذیب کا نظام کس طرح قائم ہوتا ہے۔ آنخضرت ﷺ کا یہ پورا کام جو ۲۲ سال کی پیغمبرانہ زندگی میں آپ نے انجام دیا، وہ سنت ہے جو قرآن کے ساتھ مل کر حاکم اعلیٰ کے قانون برتر کی تشکیل وتکمیل کرتی ہے اور اسی قانون برتر کا نام اسلامی اصطلاح میں شریعت ہے''۔(۱۴)

اس میں تو کوئی شک نہیں کہ اقتدار اعلیٰ اللہ کی ذات کو حاصل ہے لیکن اس کی عملی شکل کی صورت کیا ہوگی، یعنی نیابت الٰہی کا فریضہ کون سرانجام دے گا۔ شیعہ کے نزدیک ''خلافت بھی دین کا ایک رکن ہے اور اس کے لیے امت کا مشورہ ضروری نہیں۔(۱۵) ان کے نزدیک خلافت کا منصب آنخضرت ﷺ کے خاندان کے ساتھ خاص ہے۔ یہ اہل بیت کے حامی تھے اور ان کا خیال تھا کہ خلافت کا حق اہل بیت تک اور وہ بھی صرف حضرت علیؓ کی اولاد میں محدود رہنا چاہیے۔

خوارج کا ابتداء میں نظریہ یہ تھا کہ خلافت پر عربی النسل متنفس کا حق ہے، خوارج کے زاویہ نگاہ سے خلیفہ کا معزول کرنا حتی الامکان جائز نہ تھا لیکن اگر خلیفہ جبر واستبداد کا مرتکب ہو تو نہ صرف معزول کرنا جائز تھا بلکہ مصلحت وقت کے لحاظ سے اس کا قتل کر دینا بھی ان کے اعتقاد میں معیوب نہ تھا۔(۱٦)

معتزلہ یا قدریہ کے نزدیک امامت امت مسلمہ کا حق ہے، دلیل یہ تھی کہ خدا نے اس منصب کے لیے کسی خاندان یا فرد کی تعیین نہیں کی، امت کو اختیار ہے کہ تنفیذ احکام کے لیے وہ اپنا فرمانروا یا خلیفہ جس کو چاہے منتخب کر لے۔(۱۷)

اہل السنۃ کے نزدیک متفق علیہ شرائطِ امیر درج ذیل ہیں:

۱۔ اسلام (مسلمان ہو)

۲۔ مکلّف ہو (عاقل و بالغ ہو)

۳۔ مرد ہو۔

۴۔ جری اور شجاع ہو۔

۵۔ صحت منداور ہوش وحواس والا ہو۔

مختلف فیہ شرائط:

۱۔ عادل (غیر فاسق) اور صاحب اجتہاد ہو (اجتہاد کی صلاحیت رکھتا ہو)۔ [حنابلہ، مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک یہ شرط لازم ہے جبکہ حنفیہ کے نزدیک یہ ضروری نہیں]۔

۲۔ سماعت وبصارت ٹھیک ہو، ہاتھ پاؤں سلامت ہوں۔

[جمہور فقہاء کے نزدیک یہ ضروری ہے، بعض فقہاء اسے ضروری قرار نہیں دیتے]۔

۳۔ قریشی ہو۔ [جمہور کے نزدیک۔ جبکہ بعض نے اس میں اختلاف کیا ہے]۔(۱۸)

سیّد ابوالاعلیٰ مودودی لکھتے ہیں: ''قرآن کا فیصلہ یہ ہے کہ اللہ کی نیابت کا یہ مقام کسی فرد واحد، یا کسی خاندان یا کسی خاص مخصوص طبقے کا حق نہیں ہے بلکہ تمام ان لوگوں کا حق ہے جو اللہ کی حاکمیت کو تسلیم کریں اور رسولؐ کے ذریعے سے پہنچے ہوئے قانون کو بالاتر قانون مان لیں...... اہل مغرب جس چیز کو لفظ جمہوریت سے تعبیر کرتے ہیں اس میں جمہور کو حاکمیت قرار دیا جاتا ہے اور ہم مسلمان جسے جمہوریت کہتے ہیں اس میں جمہور صرف خلافت کے حامل ٹھہرائے جاتے ہیں، ریاست کے نظام کو چلانے کے لیے ان کی جمہوریت میں بھی عام رائے دہندوں کی رائے سے حکومت بنتی اور بدلتی ہے اور ہماری جمہوریت بھی اس کی متقاضی ہے مگر فرق یہ ہے کہ اس کے تصور کے مطابق جمہوری ریاست مطلق العنان اور مختار مطلق ہے اور ہمارے تصور کے مطابق جمہوری خلافت اللہ کے قانون کی پابند۔(۱۹)

حاکمیت الٰہی

حاکم مطلق اور آمر حقیقی صرف اللہ رب العالمین ہے، انسان اس کا انتظامی نائب ہے۔ لہذا کسی انسان کو یہ حق نہیں کہ وہ دوسرے انسانوں کو محکوم بنا کر اپنا بندہ بنائے۔ وہ مالک نہیں منتظم ہے۔ ارشاد خداوندی ہے:

﴿اِنِ الْحُکْمُ اِلاَّلِلّٰہ﴾(۲۰)

﴿قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءَ وَ تَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَاء﴾ (۲۱)
﴿اَلَا لَهُ الْحُکْمُ﴾ (۲۲)

اسی طرح کی متعدد آیات ہیں جن میں حاکمیت الٰہی کے عقیدہ کو وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اب جب ہم آنحضرت ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر نظر ڈالتے ہیں تو آپ کی زندگی ان تعلیمات کی تفسیر نظر آتی ہے، آپ کا کوئی فیصلہ اللہ جل شانہ کی مرضی کے خلاف نہیں۔ آپ نے عزت و ذلت کا مرجع اسی کی ذات کو جانا اور آپ کا یہ ارشاد:

> ''میرے ایک ہاتھ پر سورج اور دوسرے پر چاند رکھ دو پھر بھی حق بات کہنے سے
> باز نہیں آؤں گا''۔

رسالت

آنحضرت ﷺ کے فرمودات اور آپ کی سنت کو اسلام کے دیگر شعبوں میں جس طرح بنیادی اہمیت حاصل ہے بعینہٖ وہی درجات سیاست میں بھی حاصل ہے۔ اطیعوا اللہ کے ساتھ اطیعوا الرسول کا حکم اسی عقیدے کی وضاحت ہے کہ قرآن کے بعد سب سے بڑی اتھارٹی آنحضرت ﷺ کی ذات ہے۔ کسی پارلیمنٹ، اسمبلی، کسی جمہور کے فیصلے کو قرآن وسنت کے مقابلے میں کوئی قانونی حیثیت حاصل نہیں۔ حضرت معاذؓ بن جبل والی حدیث (۲۳) میں آنحضرت ﷺ نے خود اس بات کی توثیق فرمائی کہ کتاب اللہ کے بعد دوسرا بڑا ماخذ قانون وہدایت آنحضرت ﷺ کے ارشادات ہیں۔

اوالوالامر

اولوالامر میں انتظامیہ، مقننہ اور عدلیہ تینوں شعبے داخل ہیں۔ قرآن مجید میں اللہ اور رسول کے بعد اطاعت امیر کو بہت اہمیت دی گئی ہے اور اسلام کے دائرہ میں رہتے ہوئے امیر کی اطاعت سے سرمو انحراف کی گنجائش نہیں۔

﴿وَ اطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُو الرَّسُوْلَ وَ اُوْلِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ﴾ (۲۴)

ارشاد ربانی واضح دلیل ہے۔

عدل وانصاف

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰی اَن لَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا ھُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی﴾(۲۵)

اور کسی قوم کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو، انصاف کرو، یہ تقویٰ سے قریب تر ہے۔

اور آنحضرت ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

''تم سے پہلے جو امتیں گزری ہیں وہ اس لیے تباہ ہوئیں کہ وہ لوگ کم تر درجہ کے مجرموں کو قانون کے مطابق سزا دیتے اور اونچے درجے والوں کو چھوڑ دیتے تھے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے اگر محمدؐ کی بیٹی فاطمہؓ بھی چوری کرتی تو میں ضرور اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔

قرآن و حدیث کی ان تعلیمات کی روشنی میں جب ہم عہدِ نبویؐ پر نگاہ ڈالتے ہیں، تو عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا ہوتے دیکھ کر غیر مسلم بھی آنحضرت ﷺ کے پاس انصاف طلب کرنے کے لیے حاضر ہوتے ہیں۔

شخصی آزادی

جس شخصی آزادی کا عصرِ حاضر میں ڈھنڈورہ پیٹا جاتا ہے اور یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ فرد کو جبر و استحصال سے آزادی اور اپنی رائے کے آزادانہ استعمال کا حق آج کے دور کا کارنامہ ہے۔ حقیقتاً اگر آج سے کم و بیش پندرہ سو سال پیچھے کی طرف مڑ کر دیکھیں تو شخصی آزادی کے جو مناظر وہاں سامنے آتے ہیں وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ عرب جاہلیہ کے معاشرے میں پائی جانے والی تفریقات کے سبب کمزور سے بولنے کا اپنی رائے کے آزادانہ استعمال کا جو حق چھین لیا گیا تھا، آنحضرت ﷺ نے ان حالات میں انقلاب برپا کر دیا۔ مالِ غنیمت کی تقسیم کرنے پر انصار کا اظہارِ رائے آنحضرت ﷺ کی عطا کردہ آزادی کا نتیجہ تھا۔ بھری مجلس میں آپ سے بدلہ طلب کرنا عہدِ نبوی میں دی گئی شخصی آزادی کا مظہر ہے۔

جنگ احد میں رسول کریم ﷺ اور ممتاز صحابہ کرامؓ کی یہ رائے تھی کہ مدینہ میں رہ کر دفاع کیا جائے ورنہ شکست کا ڈر ہے، لیکن ساتھیوں کی اکثریت کی رائے اس کے حق میں نہ تھی، چنانچہ رسول اللہ ﷺ مدینہ طیبہ سے باہر تشریف لے آئے۔ یہ الگ بات ہے کہ جنگ کے واقعات نے یہ ثابت کر دیا کہ دفاع کے بارے میں رسول کریم ﷺ اور صحابہؓ کی رائے ہی درست تھی لیکن رسول اللہ ﷺ نے جنگ کے بعد اپنے کسی ساتھی سے یہ نہیں فرمایا کہ تمہاری وجہ سے جنگ کا فیصلہ ہمارے حق میں نہیں ہوا۔

رسول اللہ ﷺ کے عہدِ مبارک سے دو باتوں کا صاف طور پر پتہ چلتا ہے:

۱۔ مسلمان سیاسی اور اجتماعی امور میں آزادی سے اپنی رائے کا اظہار کرتے تھے لیکن جن باتوں میں وحی الٰہی نے کوئی فیصلہ دیا ہو وہ آخری فیصلہ شمار ہوتا تھا۔

۲۔ عقیدے میں آدمی کی رائے کا احترام کیا گیا چنانچہ نصاریٰ اور یہود اپنے عقیدے پر قائم رہے اور اپنی مذہبی رسومات کو آزادی کے ساتھ بجالاتے تھے۔ میثاق مدینہ جو ایک خالص سیاسی معاہدہ ہے، اس معاہدے میں جو مسلمانوں اور یہودیوں کے مابین ہوا، یہ طے پایا:

۱۔ پیغمبر اسلام نے مدینہ منورہ کی جو شہری ریاست بنائی ہے، مسلمان اور یہود دونوں اس کے شہری ہیں۔

۲۔ دونوں مدینہ منورہ کی پاک اور مقدس سرزمین کا مشترکہ دفاع کریں گے۔

۳۔ دونوں فریق کو مکمل طور پر اپنے اپنے مذہب کی آزادی حاصل ہوگی۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ عرب جاہلیہ کا یہ رواج تھا کہ اگر یہودی یا کھیتی باڑی کرنے والا عرب شہری قتل ہو جاتا تو اس کا خون بہا سپاہیانہ زندگی بسر کرنے والے عرب سے کم ہوتا، لیکن رسول اکرم ﷺ نے اپنے سیاسی معاہدے میں یہودیوں کے سیاسی مرتبہ کو مسلمانوں کے برابر قرار دیا۔

علاوہ ازیں شخصی آزادی کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ کسی شخص کے معاملات میں تجسس نہ کیا جائے، سو اس ضمن میں بھی آنحضرت ﷺ کا واضح ارشاد موجود ہے۔

> ''مقدام بن معدیکرب اور ابوامامہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا، امیر جب لوگوں کے اندر شبہات تلاش کرے تو ان کو بگاڑ دیتا ہے۔(۲۶)

میثاق مدینہ رائے اور مسلک کی آزادی کا بہترین نمونہ ہے، اس کے علاوہ پورا خطبہ حجۃ الوداع انسانی حقوق کے تحفظ کا چارٹر ہے۔

معاہدات کی پابندی

﴿اَوۡفُوا بِالۡعَهۡدِ﴾ کا قرآنی حکم افراد کے باہمی معاہدوں اور اقوام کے باہمی معاہدات دونوں کو محیط ہے۔ آنحضرت ﷺ نے اس حکم قرآنی پر بھی عمل کا کمال نمونہ پیش کیا، ابھی عہد نامہ حدیبیہ پر دستخط بھی نہیں ہوئے تھے کہ معاہدہ کو نبھانے کا وقت آ پہنچا۔ ابن سہیل بن عمرو، زخموں سے چور، خون سے تر بتر پابہ زنجیر بارگاہ رسالت میں آ پہنچا اور آپ نے ڈوبتے دل اور ڈبڈباتی آنکھوں کے ساتھ ابن سہیل بن عمرو کو سفیر قریش کے سپرد کر دیا کہ شرائط

صلح میں یہ اصول طے پا چکا تھا۔(۲۷)

امیر کی حیثیت

دین اسلام میں ''حاکمیت الٰہیہ کے تصور سے بھی یہی مراد ہے کہ عرب جاہلیہ میں سیاسی انارکی کے باوجود جب حضور اکرم ﷺ کے جدامجد قصی بن کلاب نے مکہ پر قبضہ کر کے یہاں حکومت قائم کر لی تو اہل مکہ نے ان کے حکم کو بلا چون و چرا تسلیم کیا۔روایت کیا گیا کہ:

> ''جس طرح مذہب کی پیروی کی جاتی تھی، اہل مکہ اسی طرح قصی کے حکم کی پیروی کرتے تھے، زندگی تو زندگی مر جانے کے بعد بھی انہی کے حکم پر عمل ہوتا تھا''۔

اس تحریر کے تکرار سے مقصود یہ ہے کہ اہل مکہ کے ہاں ایام جاہلیت میں اطاعت امیر کا اصول تو تمام جزئیات کے ساتھ عملی صورت میں موجود تھا۔اسلام نے اطاعت امیر کو اصول وضوابط کا پابند بنا کر ان کے ہاں پائے جانے والے اس جذبے کو ایک نئی شکل دی۔

قرآن مجید میں جہاں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت وفرمانبرداری کا حکم دیا گیا وہاں اس سے متصل ''اولی الامر'' کی اطاعت کا حکم بھی دے دیا گیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

> ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا﴾(۲۸)
>
> اے ایمان والو! حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور حاکموں کا جو تم میں سے ہوں، پھر اگر نزاع ہو جائے تمہارے درمیان کسی چیز میں تو اسے اللہ اور رسول کی طرف پھیر دو، اگر مانتے ہو اللہ کو اور قیامت کے دن کو یہی روش اچھی ہے اور بہت بہتر ہوگا اس کا انجام۔

امام ابن جریر نے صحابہ وتابعین سے اولی الامر کی تفسیر میں دو قول نقل کیے ہیں: ایک یہ کہ ''ھم الامراء'' یعنی مسلمانوں کے حکمرانوں اور امراء مراد ہیں جن کی اطاعت کا حکم ہے اور دوسرا یہ کہ ''الافقہ والدین'' یعنی یہ

فقہاءاور دینی سربراہ ہیں۔ یہ دونوں آراءنقل کرنے کے بعد ابن جریر اپنی رائے یہ بیان کرتے ہیں:

و أولی الأقوال فی ذالک قول من قال هم الأمراء والولاه.(۲۹)

یعنی بہترین قول ان حضرات کا ہے جو کہتے ہیں کہ ان سے مراد امراءاور حکام ہیں۔

امام فخر الدین رازی نے اولی الامر کی تفسیر اہل الحل والعقد سے کی ہے یعنی ''وہ لوگ جو مسلمانوں کے معاملات کے ذمہ دار اور مستند نمائندے ہوں اور فیصلے کرنا ان کے ہاتھ میں ہو۔(۳۰)

آنحضرت ﷺ اطاعت امیر سے متعلق ارشاد فرماتے ہیں:

مـن اطاعنی فقد اطاع الله ومن عصانی فقد عصی الله ومن اطاع امیری وفی روایة من اطاع الامیر فقد اطاعنی ومن عصی امیری و فی روایة من عصی الامیر فقد عصانی.(۳۱)

جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے میرے امیر یا مسلمانوں کے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے میرے امیر یا مسلمانوں کے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

آنحضرت ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ارشاد فرمایا:

''اگر تم پر ناک کٹا ہوا سیاہ فام غلام بھی امیر مقرر کیا گیا ہو جو تمہاری قیادت کتاب اللہ کے مطابق کر رہا ہو تو اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو۔(۳۲)

اس حدیث طیبہ میں ''جو تمہاری قیادت کتاب اللہ کے مطابق کر رہا ہو'' ارشاد فرما کر اطاعت امیر کو محدود کر دیا گیا۔ یعنی اگر وہ حدود اللہ سے تجاوز کر رہا ہو تو ان حالات میں اطاعت امیر جائز نہیں۔ خلیفہ اوّل سیّدنا صدیق اکبرؓ نے بارِ خلافت سنبھالنے کے بعد اپنے اوّلین خطبہ میں اسی نکتہ کا برملا اظہار فرمایا تھا:

فاذا رأیتمونی قد استقمت فاتبعونی ان زغت فقد قومونی.(۳۳)

جب تم مجھے دیکھو کہ میں سیدھے راستے پر چل رہا ہوں تو میری اتباع کرو اور میں راہِ راست سے ہٹ جاؤں تو مجھے ٹھیک کر دو۔

شوریٰ

ایام جاہلیہ میں عربوں کے ہاں بالخصوص اہل مکہ کے ہاں شوریٰ کا نظام عملاً موجود تھا۔ اس ضمن میں ''دارالندوہ'' کو بہت شہرت حاصل ہے۔ آنحضرت ﷺ کی ہجرت کے موقع پر اسی دارالندوہ میں آپ کے قتل کا منصوبہ تیار کیا گیا تھا(نعوذ باللہ من ذالک) ابن ہشام لکھتے ہیں:

فحذروا خروج رسول اللہ و عرفوا انه قد اجمع لحربهم فاجتمعوا له فی دارالندوة وهی دار قصی بن کلاب التی کانت قریش لا تقضی امرا الا فیها یتشاورون فیها. (۳۴)

آنحضرت ﷺ کے ہجرت کر جانے سے قریش خوف زدہ ہو گئے اور انہوں نے خیال کیا کہ آپ ان سے جنگ کی تیاری کر رہے ہیں پس وہ دارالندوہ یعنی قصی بن کلاب کے گھر پر مشورہ کے لیے جمع ہوئے اور قریش کسی اہم معاملے کا فیصلہ اس مقام پر جمع ہو کر مشورہ کیے بغیر نہیں کرتے تھے۔

ابن ہشام قصی کے متعلق جن کا ذکر سابقہ روایت میں مذکور ہے، لکھتے ہیں:

''کعب بن لوی کی اولاد میں قصی پہلا شخص تھا جسے مکہ میں سلطنت حاصل ہوئی اور جس کی قریش اطاعت کرنے لگے، اس کے ہاتھ میں بیت اللہ کی نگرانی حاجیوں کو پانی پلانا، حج کے زمانے میں باہر سے آنے والوں کی مہمان نوازی، اکابر قریش کی مجلس کی صدارت جنگی قیادت جیسے پانچ کلیدی منصب تھے۔ اس طرح اس نے اپنے دامن میں مکہ کے سارے شرف و مجد کو سمیٹ لیا تھا۔ قریش کے کسی مرد یا عورت کا نکاح، پیش آمدہ کسی اہم معاملے میں مشورہ اور کسی اجنبی قبیلہ سے جنگ کا فیصلہ اسی کے گھر پر ہوتا تھا جس کا صدر اس کی اولاد میں سے کوئی ہوتا تھا۔ جب کوئی لڑکی بالغ ہوتی تو اس کے گھر میں اسے اوڑھنی اڑھائی جاتی اور اسے اس کے گھر پہنچایا جاتا''۔ (۳۵) (گویا یہ اس کے قابل نکاح ہونے کا اعلان تھا)۔

ان تصریحات کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قریش ایک شورائی نظام حکومت سے واقف تھے، مکہ

کی حکومت میں شورائیت کا عنصر موجود تھا۔ چنانچہ اسلام نے اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔اس نے اس ادارہ کو قائم ہی نہیں رکھا بلکہ اس کی اصلاح وتہذیب کرکے دینی سیاست میں اس کو غیر معمولی اہمیت دی۔

اسلام میں امیر جہاں قرآن وسنت کا پابند ہوتا ہے، وہاں اسے ایمان والوں سے مشورہ کا بھی حکم دیا گیا ہے۔اجتماعی امور کو حل کرنے اور بنیادی معاملات کے فیصلے کا حق کسی خاص فرد کے حوالے کرنے کے بجائے ساری امت کے حوالے کیا گیا ہے۔سورۃ شوریٰ جو ایک مکی سورۃ ہے اور جس میں خالص اصولی ہدایات کی تفصیل دی گئی ہے، میں ایک مقام پر ان مومنین صادقین کی مدح وتوصیف کی گئی ہے جن کے لیے آخرت کی کامیابی مقدر ہو چکی ہے۔انہی کے سلسلے میں فرمایا جارہا ہے کہ یہ صادق الایمان اور اعلیٰ کردار سے آراستہ افراد ہیں جو خدا کے رسول کی دعوت کو دل وجان سے قبول کرتے اور اپنی ساری عملی توانائیوں کو اس کی اتباع میں لگا دیتے ہیں۔اس وصف کلی کے بیان کرنے کے بعد ارشاد ہوا کہ یہ لوگ نماز قائم کرتے ہیں یعنی ان کا تعلق اپنے مولیٰ وآقا کے ساتھ حد درجہ پائیدار اور عملی ہوتا ہے،ان کی دوسری نمایاں ترین صفت یہ ہے کہ:

﴿وَ أَمْرُهُمْ شُورٰى بَيْنَهُمْ﴾(۳۶)

(ترجمہ):ان کے معاملات باہمی مشورے سے طے پاتے ہیں۔

علامہ ابوبکر جصاص حنفی اس آیۂ کریمہ کے ضمن میں لکھتے ہیں:

''ایمان واقامت صلوٰۃ کے ساتھ شوریٰ کا تذکرہ اس کی جلالت شان پر دلالت کرتا ہے اور ساتھ ہی اس حقیقت کا اعلان کرتا ہے کہ امت مسلمہ مشورہ کرنے پر ماموراور اس کی پابند ہے''۔(۳۷)

امام رازی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''صحابہ کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ جب ان کے روبرو کوئی معاملہ پیش ہوتا تو وہ جمع ہوتے اور مشورہ کے ذریعے اسے طے کرتے۔اللہ نے ان کی اس صفت کی تعریف کی کہ وہ کسی معاملہ میں انفرادیت نہیں برتتے، بلکہ اس کے برعکس جب تک کسی معاملہ پر متفق نہیں ہو جاتے اقدام نہیں کرتے''۔(۳۸)

ہجرت کے دو ہی سال بعد معرکہ بدر وقوع پذیر ہوا جو اسلامی تاریخ میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔اس اہم اور فیصلہ کن معاملہ کا فیصلہ بھی باہم مشورہ سے کیا گیا۔ نبی کریم ﷺ نے معاملہ کے تمام نشیب وفراز کو قوم کے

سامنے واضح الفاظ میں بیان کیا اور قوم کے اجتماعی فیصلے سے معرکہ بدر قائم ہوا۔ میدانِ بدر میں پڑاؤ کی جگہ کو بھی حباب بن منذر کے مشورہ سے تبدیل کر دیا گیا۔ اسی جنگ میں قید ہونے والے ابوالعاص کا فدیہ بھی باہم مشورہ سے معاف کیا گیا۔

غزوہ احد میں آنحضرتﷺ کی ذاتی رائے یہ تھی کہ مدینہ کے اندر رہ کر دشمن کا مقابلہ کیا جائے جبکہ صحابہ کی اکثریت کی خواہش یہ تھی کہ وہ مدینہ سے باہر نکل کر شوق جہاد پورا کریں۔ حافظ ابن کثیر اس صورت حال کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"و ابی کثیر من الناس الا الخروج الی العدو ولم یتناھوا الی قول رسول اللّٰہ و رأیه". (۳۹)

(ترجمہ) اکثریت مدینہ سے باہر نکلنے پر مصر تھی اور انہوں نے آنحضرتﷺ کی رائے سے اتفاق نہیں کیا۔

آنحضرتﷺ ملکی مسائل بھی تمام اہل مدینہ کے براہِ راست مشورے سے طے کرتے تھے اور کبھی گفتگو مہاجرین وانصار تک محدود رہتی تھی۔ بنیادی اور اہم معاملات میں بالعموم پہلی صورت اختیار کی جاتی۔

دورِ جاہلیت کے قبائلی نظام میں ہر قبیلہ کا ایک سردار ہوتا تھا۔ اسلام نے اسی نظام کو باقی رکھا اور مناسب اصلاح کے بعد اپنے اعلیٰ مقاصد کے لیے استعمال کیا، جس وقت انصار نے بیعت عقبہ میں آنحضرتﷺ کی حمایت کا حلف اٹھایا تھا، اس وقت آپ نے انصار سے فرمایا تھا کہ تم اپنے نمائندوں کو پیش کرو جو اپنی قوم کی تائید و حمایت کے ذمہ دار بنیں، چنانچہ اسی وقت اہلِ مدینہ نے قبیلہ خزرج کی مختلف شاخوں کے نو اور قبیلہ اوس کے تین نمائندے پیش کیے جنہوں نے وفاداری ونصرت کا عہد کیا۔ (۴۰) عہد جاہلیہ کے دو مشہور اداروں عریف اور نقیب کو بھی زندہ رکھا گیا۔ ذیل میں چند واقعات کی جانب توجہ مبذول کرائی جاتی ہے جس سے عہد نبویؐ میں شوریٰ کی عملی شکل پر روشنی پڑتی ہے۔

جنگ بدر کے موقع پر آنحضرتﷺ نے اپنی رائے کو تبدیل فرما کر مدینہ سے باہر نکل کر جنگ کا فیصلہ فرما لیا۔ اس کے علاوہ عہد نبویؐ میں ۱ ہجری میں اذان سے متعلق مشورہ لیا گیا۔ ۲ ہجری میں اسیرانِ بدر کے سلسلے میں، ۶ھ میں واقعہ افک سے متعلق اور ۶ھ ہی میں حدیبیہ کے مقام پر استصوابِ رائے کا طریقہ اختیار کیا گیا۔ ۸ھ میں اسیران ہوازن سے متعلق شوریٰ طلب کی گئی اور ۱۰ھ میں معاذؓ بن جبل کو یمن کا گورنر مقرر کرتے وقت طلب کیا گیا۔

یہاں یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ استصوابِ رائے کی صورت میں حق رائے دہی کے لیے صرف دو شرطیں ہیں۔اسلام اور اسلامی شعور،اس کے علاوہ نہ کسی علمی ڈگری کی ضرورت ہے نہ ثروت مندی کی۔نہ کسی خاص قیمت کی جائیداد کے مالک ہونے کی، نہ رنگ ونسل کی نہ قوم و وطن کی۔اس صورت میں مرد عورتیں، بوڑھے، بچے،شہری اور دیہاتی مقام اور مسافر سب حق رائے دہی رکھتے ہیں۔

بات کو مختصر کرتے ہوئے ذیل میں ان اہم واقعات کی نشاندہی کر دی جاتی ہے،جن کے فیصلے کے لیے شوریٰ کے اجلاس منعقد ہوئے۔

۱۔ شوریٰ،اذاں اھ
۲۔ شورائے بدر۲ھ
۳۔ شورائے اسیران بدر۲ھ
۴۔ شورائے احد۳ھ
۵۔ شورائے خندق ۵ھ
۶۔ شورائے خندق دوبارہ مصالحت ۵ھ
۷۔ شوریٰ متعلق افک بر عائشہ۶ھ
۸۔ شورائے حدیبیہ۶ھ
۹۔ شورائے اسیران ہوازن ۸ھ
۱۰۔ شوریٰ متعلق معاذ بن جبل ۱۰ھ۔(۴۱)

ریاستی نظم ونسق

عہد نبوی میں اگرچہ تمام اختیارات آنحضرت ﷺ کی ذات میں مرکوز تھے،تاہم آپ نے اپنی مدد اور نظم و نسق کو چلانے کے لیے مختلف لوگوں کو مختلف ذمہ داریاں سونپیں۔

نائبین رسولؐ

آنحضرت ﷺ جب مدینہ طیبہ سے باہر کہیں تشریف لے جاتے تو کسی کو اپنا جانشین مقرر فرماتے تھے۔یہ جانشین رسول محض نماز کے لیے آپ کا نائب نہیں ہوتا تھا بلکہ وہ آپ کا بحیثیت سربراہِ مملکت کے جانشین وخلیفہ ہوتا

تھا اور وہ آپ کی غیر موجودگی میں مدینہ میں موجود و مقیم امت مسلمہ کی فلاح و بہبود اور اسلامی ریاست کے امور کی نگرانی کا ذمہ دار ہوتا تھا۔شروع کے دو غزوات ابواء اور بواط میں رسول اکرمﷺ نے بالترتیب خزرج اور اوس کے قبائلی سرداروں حضرت سعدؓ بن عبادہ اور سعدؓ بن معاذ کو اپنا جانشین مقرر کیا۔ جنگ بدر کے موقع پر نائبین کی تقرری کے مسئلہ پر مورخین میں کچھ اختلافات پایا جاتا ہے۔ابن اسحاق اور ابن ہشام کا خیال یہ ہے کہ پہلے آنحضرتﷺ نے حضرت ابنِ ام مکتوم کو اس عہدہ پر سرفراز فرمایا تھا لیکن بعد میں کچھ مصالح کے پیش نظر آپ نے ان کی جگہ حضرت ابولبابہ بشیر بن عبدالمنذ رخزرجی کی تقرری فرمائی اور ان کو آپ نے بدر کی طرف اپنے کوچ کے دوران روحاء نامی مقام سے واپس بھیجا تھا کہ وہ حضرت ابن ام مکتوم کی جگہ لے لیں۔ جبکہ بعض دوسرے مورخین کا خیال ہے کہ حضرت ابولبابہ نے جس نائب رسولﷺ کی جگہ سنبھالی تھی وہ حضرت ابن ام مکتوم نہیں تھے بلکہ حضرت عاصم بن عدی اوسی تھے لیکن ان تمام ماخذ کا اتفاق ہے کہ غزوہ بدر کے دوران دوسرے نائب رسول حضرت حارث بن حاطب تھے، جن کو شہر کے بالائی حصہ کے لوگوں کی دیکھ بھال کا فریضہ سونپا گیا تھا۔۳ھ میں ایک غزوہ کے موقع پر حضرت عثمان بن عفانؓ اموی کو یہ سعادت حاصل ہوئی۔اسی طرح حضرت سباع بن عرفطہ غفاری کو تین مرتبہ خلیفہ رسول ہونے کی سعادت حاصل ہوئی، غزوہ تبوک کے دوران حضرت علیؓ بن ابی طالب کو صرف خاندانِ رسالت میں جانشینی کی یہ سعادت حاصل ہوئی۔

مشیرانِ نبویﷺ

﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ﴾ کے حکم الٰہی کے مطابق آنحضرتﷺ نے ہمیشہ مشورہ کو بہت اہمیت دی اور اہم سیاسی معاملات کا فیصلہ صحابہ کرامؓ کے مشورہ کی روشنی میں ہی کیا۔شوریٰ کی بحث میں اس کا تفصیلی ذکر گزر چکا ہے اور بعثت سے پہلے مکہ کی تاریخ بیان کرتے ہوئے اس بات کو بھی بالصراحت بیان کیا گیا ہے کہ مکہ میں ایک ایسا نظام قائم تھا جس میں مشیروں اور وزیروں کو مختلف ذمہ داریاں سونپی گئی تھیں اور دس ارکان پر مشتمل کابینہ کا تفصیلی ذکر بھی موجود ہے جو دس بڑے خانوادوں کے سرداروں پر مشتمل ہوتی تھی۔ آنحضرتﷺ مشاورت کے اصول پر ہمیشہ کاربند رہے اور مشیرانِ نبوی کا تقرر بھی عمل میں لایا گیا۔ان مشیرانِ نبوی کو وزراء کا نام بھی دیا جاسکتا ہے۔ وزیر کا لفظ قرآن وسنت میں مذکور ہے۔موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کے ضمن میں ہے:

﴿وَاجْعَلْ لِّي وَزِيْرًا مِنْ أَهْلِي هَارُوْنَ اَخِي اشْدُدْ بِهِ أَزْرِي وَ أَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي﴾(۴۲)

موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے میرے رب دیجئے مجھ کو ایک وزیر میرے گھر کا،
ہارون میرا بھائی، اس سے مضبوط کر میری کمر اور شریک کر اس کو میرے کام میں۔

حدیث طیبہ میں عبداللہ ابن مسعود سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ثم نظر فی قلوب العباد بعد فاختار له اصحابا فجعلهم انصار دینه و وزراء نبیه. (۴۳)

(ترجمہ) پھر اللہ نے محمد کے بعد اپنے بندوں کے دلوں کو دیکھا تو اس کے لیے ایسے ساتھی پسند کر لیے جو اس کے دین کے مددگار تھے اور اس کے نبی کے وزیر تھے۔

ایک حدیث میں مذکور ہے:

''ہر نبی کے دو وزیر آسمان میں اور دو زمین پر ہوتے ہیں۔ میرے آسمان کے وزیر تو جبریل اور میکائیل ہیں جبکہ زمین پر میرے دونوں وزراء ابوبکرؓ و عمرؓ ہیں۔ (۴۴)

مشیرانِ نبوی یا وزراء رسالتمآب ﷺ میں جن حضرات کے اسماء گرامی نمایاں نظر آتے ہیں، ان میں حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ سرفہرست ہیں۔ ان کے علاوہ حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت حمزہ، حضرت حباب بن منذر، حضرت سعد بن عبادہ، حضرت سعد بن معاذ، حضرت طلحہ، حضرت زبیر رضوان اللہ علیہم اجمعین جیسے متعدد بڑے صحابہ کرامؓ شامل تھے۔ شوریٰ کا رکن بننے کے لیے کسی رسمی طریقہ کار کی ضرورت نہ تھی البتہ صلاحیت ولیاقت ناگزیر تھی۔ دارالندوہ کے ضمن میں یہ بات بیان کی جا چکی ہے کہ بعثت اسلام سے قبل اہل مکہ کے ہاں جو شورائی نظام تھا اس میں بھی شمولیت کے لیے کوئی رسمی کارروائی تو نہ کی جاتی تھی البتہ عمر رسیدہ ہونا، بالغ نظر ہونا، قبیلہ میں ممتاز مقام کا حامل ہونا ضروری سمجھا جاتا تھا۔ البتہ بعض لوگوں کو اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کے سبب صغرسنی میں ہی شوریٰ کا رکن بنالیا گیا تھا۔

آنحضرت ﷺ نے اس ادارہ کو قائم رکھا اور ان مذکورہ صفات کے ساتھ دینی وابستگی کو بھی ملحوظ رکھا۔

کاتبین

کاتب کے لغوی معنی لکھنے کے ہیں اور اس کا کام وہی ہوتا ہے جو آج کے تنظیمی ڈھانچہ میں سیکرٹری سرانجام دیتا ہے۔

مدینہ منورہ میں اسلامی ریاست کے قیام کے بعد کاتبوں کے قیام کی نوعیت مذہبی ہونے کے ساتھ ساتھ سیاسی رنگ بھی اختیار کر گئی تھی۔ چودھویں صدی کا ایک متأخر مصنف القلقشندی اپنے زمانے کے ریاستی شعبہ دیوان الانشاء (شعبہ مراسلات ورسل ورسائل) کے نقطہ آغاز سے بحث کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ یہ پہلا دیوان تھا جو اسلام میں پہلی بار اس وقت متعارف ہوا تھا جب رسول اکرم ﷺ نے اس کی بنیاد ڈالی تھی۔ وہ کاتبین جنہیں عہد نبویؐ میں اس کام کے کرنے کی سعادت حاصل ہوئی، مورخین نے ان کی تعداد مختلف بتائی ہے۔ ابن ہشام نے اپنی سیرت میں محض چند کے نام گنوائے ہیں جبکہ واقدی نے متعدد کاتبوں کا ذکر کیا ہے۔ ابن سعد نے سولہ کاتبوں کا ذکر کیا ہے۔ (۴۵)

بلاذری اور طبری نے صرف دس نام گنوائے ہیں۔ سب سے زیادہ نام گنانے کا شرف برہان الدین صاحبِ حلبی کتاب سیرۃ حلبیہ کو حاصل ہے جس کے مطابق ان کی کل تعداد ۴۳ تھی۔ مشہور کاتبین وحی کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں:

۱۔ حضرت ابی بن کعب خزرجیؓ
۲۔ حضرت ارقمؓ بن ارقم مخزومی
۳۔ حضرت ثابتؓ بن قیس
۴۔ حضرت جہیمؓ بن صلت
۵۔ حضرت خالدؓ بن سعید اموی
۶۔ حضرت زبیرؓ بن عوام اسدی
۷۔ حضرت شرحبیل بن حسنہ کندی
۸۔ حضرت عبداللہؓ بن بکر تیمی
۹۔ حضرت عبداللہؓ بن زید
۱۰۔ حضرت عثمانؓ بن عفان اموی
۱۱۔ حضرت علاءؓ بن حضرمی
۱۲۔ حضرت علاءؓ بن عقبہ
۱۳۔ حضرت علیؓ بن ابی طالب

۱۴۔ حضرت محمدؓ بن مسلمہ اوسی

۱۵۔ حضرت معاویہ بن ابی سفیانؓ

۱۶۔ حضرت مغیرہؓ بن شعبہ ثقفی

یہ بحث حضرت بلالؓ حبشی کے ذکر کیے بغیر نامکمل ہوگی۔ ہر چند کہ بلال حبشی کا اسم گرامی کاتبین کی فہرست میں شامل نہیں، لیکن حقیقتاً انہیں حضور ﷺ کے سیکرٹری کا درجہ حاصل تھا۔ حضرت بلالؓ آپکے تمام گھریلو امور، قرضوں کی فراہمی اور ادائیگی کے انتظامات، مہمانوں کی آسائش اور دیگر متعدد کاموں کی دیکھ بھال کرتے تھے۔ وہ رسول کریم ﷺ کو نمازوں کے اوقات اور جماعت کی تیاری کی اطلاع بھی کرتے تھے۔ صاحب اسد الغابہ کا بیان ہے کہ حضرت بلالؓ آنحضرتؐ کے خازن بھی تھے۔ الغرض اس ضمن میں حضرت بلالؓ کو نہایت اہمیت حاصل تھی۔

دورِ نبویؐ کے امراء الجیش (فوجی کمانڈر)

آنحضرت ﷺ نے اسلامی ریاست کے دفاع اور اعلائے کلمۃ الحق کے لیے فوج کے قیام، اس کی تنظیم اور اس کی تربیت پر خصوصی توجہ دی۔ باقاعدہ فوجی افسران کا تقرر عمل میں لایا گیا۔ ان فوجی قائدین کی ایک فہرست ''الطبقاتِ الکبریٰ'' میں مذکور ہے۔ (۴۶) ان فوجی قائدین کی تعداد چالیس کے لگ بھگ تھی۔ طبقات میں مذکور فہرست درج ذیل ہے۔

۱۔ ابن ابی العوجاء سلمی

۲۔ ابوقتادہ

۳۔ ابوعبیدہ بن جراح

۴۔ ابوعامر اشعری

۵۔ ابومسلمہ بن عبدالاسد مخزومی

۶۔ اسامہ بن زید

۷۔ بشیر بن سعد انصاری

۸۔ جریر بن عبداللہ البجلی

۹۔ جعفر بن ابی طالب ہاشمی

۱۰۔ حمزہ بن عبدالمطلب ہاشمی

۱۱۔ خالد بن ولید

۱۲۔ زید بن حارثہ

۱۳۔ سالم بن عمیر العمری

۱۴۔ سعد بن ابی وقاص

۱۵۔ سعد بن زید اشہلی

۱۶۔ شجاع بن وہب اسدی

۱۷۔ صدیق اکبر

۱۸۔ ضحاک بن سفیان کلابی

۱۹۔ طفیل بن عمروالدوسی

۲۰۔ عاصم بن ثابت الانصاری

۲۱۔ عبداللہ بن انیس

۲۲۔ عبداللہ بن جحش اسدی

۲۳۔ عبداللہ بن حذافہ سہمی

۲۴۔ عبداللہ بن رواحہ

۲۵۔ عبداللہ بن عتیک

۲۶۔ عبدالرحمٰن بن عوف

۲۷۔ عبیدہ بن حارث

۲۸۔ عکاشہ بن محصن اسدی

۲۹۔ عمیر بن عدی بن خرشہ خطمی

۳۰۔ علقمہ بن مجرز مدلجی

۳۱۔ علی بن ابی طالب ہاشمی

۳۲۔ عمر بن امیہ

۳۳۔ عمر بن خطاب

۳۴۔ عمرو بن العاص

۳۵۔ عیینہ بن حصن فزاری

۳۶۔ غالب عبداللہ

۳۷۔ قطبہ بن عامر بن حدیدہ

۳۸۔ کرز بن جابر الفہری

۳۹۔ کعب بن عمیر غفاری

۴۰۔ محمد بن مسلمہ

۴۱۔ مرثد بن ابی مرثد غنوی

۴۲۔ منذر بن عمرو الساعدی

آخری دو حضرات کا ذکر ابن سعد نے نہیں کیا لیکن بخاری شریف میں آیا ہے کہ ابو عامر اشعری کو جنگ امطاس کا امیر بنایا گیا تھا اور حضرت جریر کو اس فوجی دستے کا امیر مقرر کیا گیا تھ جو یمن میں ذوالخلصہ نامی بت خانہ کو مسمار کرنے کے لیے بھیجا گیا تھا۔

عہد نبوی کے امراء البلاد (علاقائی حکام)

آنحضرت ﷺ ریاست مدینہ کی توسیع کے ساتھ ساتھ اس میں شامل ہونے والے علاقوں کے انتظام، دیکھ بھال اور لوگوں کے امور کے فیصلوں کے لیے مختلف امراء کا تقرر عمل میں لائے۔ امام بخاری نے اپنی صحیح میں باب قائم کیا ہے:

> **باب ما کان یبعث النبیؐ من الامراء والرسل واحدا بعد واحد.** (۴۷)
>
> اس چیز کا بیان کہ نبی کریم ﷺ امراء اور سفیروں کو یکے بعد دیگرے عامل بنا کر بھیجتے۔

امراء کو روانہ کرتے وقت آپ ﷺ خصوصی ہدایات بھی ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ (مثلاً دس ہجری میں معاذ بن جبل کو بالائی یمن اور ابو موسیٰ اشعری کو زیریں یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو جاتے وقت ان دونوں کو درج ذیل ہدایت فرمائی:

''لوگوں پر آسانی کروگے، نرمی کا رویہ اختیار کروگے اور سختی نہیں کروگے، اسلام پر عمل کرنے والوں کو بشارت دیتے رہو اور ایسا طرز عمل اختیار نہ کرو جس سے لوگ اسلام سے متنفر ہو جائیں''۔(۴۸)

بلاذری نے فتوح البلدان میں مختلف مقامات پر امراء کا تذکرہ کیا ہے، آنحضرت ﷺ نے مختلف اوقات میں جن امراء کا تقرر فرمایا وہ حسب ذیل ہیں:

نام امیر	علاقہ
ابان بن سعید بن عاص	یمن
ابوسفیان بن حرب اموی	نجران
ابوموسیٰ اشعری	یمن سواحل
باذان بن ساسان	یمن
ثمامہ بن اثال	الیمامہ
شہر بن باذان	یمن
عتاب بن اسید	مکہ مکرمہ
عثمان بن ابوالعاص ثقفی	طائف
علاء بن الحضرمی	بحرین
عمرو بن سعید بن عاص	وادی قری (خیبر)(۴۹)
عمرو بن عاص	عمان
معاذ بن جبل	یمن جند
مہاجر بن امیہ	یمن
یزید بن ابی سفیان	تیماء

علامہ بلاذری نے تین دوسرے درج ذیل ناموں کا بھی ذکر کیا ہے۔

خالد بن سعید بن عاص	یمن

زیاد بن بسید انصاری	حضر موت
عمرو بن حزم	نجران (۵۰)

عہد نبویؐ کے امراء صدقات

ابن ہشام، ابن حزم، ابن جریر، ابن کثیر اور ابن اثیر سب نے لکھا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ریاست مدینہ میں شامل تمام علاقوں میں صدقات وصول کرنے کے لیے امراء کو مقرر فرمایا تھا۔

چند مشہور امراء صدقات درج ذیل ہیں۔

نام امیر	نام علاقہ
زبرقان بن بدر	بنو سعد بن زید کا ایک علاقہ
زیاد بن لبید انصاری	حضر موت
عدی بن حاتم طائی	بنو طی و بنو اسد
علاء بن الحضرمی	بحرین
علی بن ابی طالب ہاشمی	نجران
عمر بن خطاب	نجران (۵۱)
قیس بن عاصم	بوسعد بن زید کا دوسرا علاقہ
مالک بن نویرہ	بنو حنظلہ
مہاجر بن امیہ	صنعاء یمن

مہر (الخاتم)

ریاست کے لیے سرکاری مہر کو بنیادی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک میں بھی ''الخاتم'' (مہر) کو قانونی اہمیت حاصل تھی۔ امام ابوداؤد نے اپنی کتاب سنن ابی داؤد میں ''کتاب الخاتم'' کے نام سے مستقل عنوان قائم کیا ہے جس میں آٹھ ابواب ہیں اور ۲۶ حدیثیں نقل کی گئی ہیں۔ ایک دو روایت درج کی جا رہی ہیں:

رسول اللہ ﷺ نے جب عجم کے لوگوں کو خطوط بھیجنے کا ارادہ فرمایا تو بعض صحابہ نے کہا کہ یہ لوگ ایسا خط

وصول ہی نہیں کرتے جس پر مہر نہ لگی ہو، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے چاندی کی ایسی مہر (انگوٹھی) بنوائی جس پر ''محمد رسول اللہ'' لکھا ہوا تھا۔(۵۲)

''ابن عمر رضی اللہ کی روایت ہے کہ حضور ﷺ کے بعد یہ مہر ابوبکرؓ کے پاس تھی لیکن بعد میں حضرت عثمانؓ سے اریس نامی ایک کنویں میں گر گئی تھی''۔(۵۳)

عہد نبوی میں سزائیں نافذ کرنے والا عملہ

مجرموں کو سزائیں دینے کے لیے کسی وقت کسی کو بھی طلب کیا جا سکتا تھا۔لیکن کچھ افراد اس کام کے لیے مخصوص بھی تھے۔گویا یہ عہد نبوی کی پولیس تھی۔

اس ضمن میں مشہور حضرات کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں:

۱۔ حضرت زبیر بن عوام

۲۔ حضرت ضحاک بن سفیان کلابی

۳۔ حضرت عاصم بن ثابت

۴۔ حضرت علی بن ابی طالب

۵۔ حضرت قیس بن سعد بن عبادہ

۶۔ حضرت محمد بن مسلمہ

۷۔ حضرت مقداد بن عمرو

زادالمعاد میں حضرت قیس بن سعد بن عبادہ سے متعلق ایک روایت نقل کی گئی ہے۔

و كان قيس بن سعد الانصارى منه بمنزلة صاحب الشرطة من الامير. (۵۴)

اور قیس بن سعد رسول اللہ ﷺ کے دربار میں پولیس افسر یا کوتوال کی حیثیت رکھتے تھے۔

عہد نبوی میں بازاروں کی نگرانی کرنے والا عملہ

بازاروں اور مارکیٹ کی قیمتوں کے توازن اور استحکام کی ذمہ داری بھی ریاست پر عائد ہوتی ہے سو اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے لیے آنحضرت ﷺ نے سعید بن عاص کو مکہ کے بازار کی نگرانی کے لیے مامور فرمایا

تھا، اسلامی اصطلاح میں اس نظام کو حسبہ کا نام دیا گیا اور اس ذمہ داری کو ادا کرنے والے کو ''المحتسب'' کہا جاتا ہے۔(۵۵)

ایک وقت مدینہ کے بازار کی نگرانی کے لیے حضرت عمرؓ کو مامور کیا گیا۔(۵۶)

عہد نبویؐ کے سفراء مملکت

آنحضرت ﷺ نے اپنے مشن، مقاصد اور دعوت الی اللہ کے لیے مختلف ممالک میں سفراء کو بھیجا، قیصر و کسریٰ کو بھیجی جانے والی سفارتیں روانہ کی گئیں۔ابن حزم نے دس خطوط کا ذکر کیا ہے جو دس بادشاہوں کے نام بھیجے گئے تھے اور ان میں سے چار نے اسلام قبول کر لیا تھا۔(۵۷) ابن ہشام نے تو نو افراد کی سفارتوں کا ذکر کیا ہے۔

عہد نبویؐ کے دو مشہور سیاسی و معاشرتی ادارے (عرافہ اور نقابہ)

عہد جاہلیہ کے سماجی اداروں میں ''عرافہ اور نقابہ'' قدیم ادارے تھے اور عرب معاشرہ میں بہت اہمیت رکھتے تھے، یہ حکومت اور عوام میں واسطہ کی حیثیت رکھتے تھے۔اپنے حلقے کے سیاسی وسماجی حالات سے حکومت کو آگاہ کرنا ان کی ذمہ داری ہوتی تھی۔آنحضرت ﷺ نے ان کی مزید آبیاری کی۔ایسے اداروں میں عرافہ اور نقابہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

عریف ایک چھوٹے حلقے کا نمائندہ ہوتا تھا۔ہر قبیلہ میں دس دس افراد پر ایک عریف مقرر ہوتا تھا۔قبیلہ میں ذہین، تجربہ کار اور مالدار شخص کا انتخاب کیا جاتا تھا۔عہد نبوی میں اس ادارے کے وجود کی بہت سی مثالیں پائی جاتی ہیں۔(۵۸)

فتح مکہ کے بعد شوال ۸ھ میں جنگ حنین ہوئی۔اس میں قبیلہ ہوازن وثقیف کے بہت سے لوگ جنگی قیدی ہو گئے تھے۔اختتام جنگ کے بعد قبیلہ ہوازن کے لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنے قیدیوں کی رہائی کے لیے درخواست کی، رسول اکرم ﷺ نے مسلمانوں سے فرمایا کہ میں ان قیدیوں کو واپس کرنا چاہتا ہوں، تم میں سے جو شخص خوشی سے آزاد کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔لوگوں نے کہا ہم بخوشی آزاد کرتے ہیں، مگر آنحضرت ﷺ نے لوگوں کو دیکھتے ہوئے فرمایا کہ مجھے نہیں معلوم تم میں سے کون بخوشی اجازت دیتا ہے اور کون نہیں، لہذا تم لوگ اپنے عریفوں کے ذریعے اس معاملے کو پیش کرو۔

یہ واقعہ فتح مکہ کے بعد کا ہے جب ریاست پوری طرح وجود میں آ چکی تھی۔چنانچہ اس واقعہ سے یہ امر بخوبی

واضح ہو جاتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس سیاسی وسماجی ادارے کو باقی رکھا اور ان کے عرفاء کی نمائندہ حیثیت کو تسلیم کیا۔

نقابہ

عریف کا دائرہ کار محدود ہوتا تھا۔ وہ اپنے محلے یا علاقے کے افراد کے حقوق وفرائض کی نگہبانی کرتا تھا۔ اس کے برعکس نقیب کی ذمہ داریاں زیادہ وسیع ہوتی تھیں۔ وہ ملک اور قومی سطح پر نمائندگی کرتا تھا۔

اسلام کی سیاسی تاریخ میں بیعت عقبہ کو جو بنیادی اہمیت حاصل ہے، سیاسیات کا ہر طالبعلم اس سے پوری طرح آگاہ ہے۔ اس موقعہ پر اہل مدینہ کے ساتھ ایک معاہدہ طے پایا جو قبیلہ خزرج سے تھے اور تین قبیلہ اوس سے ان تمام نقباء کو حضور ﷺ نے خود نامزد نہیں فرمایا تھا بلکہ تمام نام انصار کی جانب سے پیش کیے گئے تھے۔
نبی اکرم ﷺ نے انصار سے تکمیل بیعت کے بعد فرمایا تھا:

> **اخرجو لی منکم اثنی عشر نقیبا لیکونوا علی قومهم بما فیهم فاخرجوا منهم عشر نقیبا، تسعة من الخزرج، وثلاثة من الاوس.(۵۹)**
>
> تم لوگ اپنے میں سے بارہ افراد پیش کرو، جو اپنے قبیلوں اور قوموں میں نقیب کے فرائض انجام دی گے تاکہ ان میں باہمی اختلاف کی صورت میں یہ لوگ حکم ہوں، چنانچہ انہوں نے بارہ افراد کا انتخاب کیا۔ نو خزرج میں سے تھے اور تین قبیلہ اوس میں سے تھے۔

حضرت عبادہ بن صامت جو ان بارہ نقیبوں میں سے تھے۔ اس واقعہ کو بڑی مسرت سے بیان کرتے ہیں۔ ’’مسلم‘‘ میں ان کی روایت ان الفاظ میں نقل کی گئی ہے:

> **”عن عبادة بن الصامت قال: انی من النقباء الذین بایعوا رسول الله ﷺ، وقال بایعناه علی ان لا نشرک بالله شیئا ولا نسرق ولا نقتل النفس التی حرّم الله الا بالحق ولا ننتهب ولا نعصی، فالجنة ان فعلنا ذالک، فان غشینا من ذالک شیئا کان قضاء ذالک الی الله تعالی“.(۶۰)**

حضرت عبادہ بن الصامت فرماتے ہیں کہ میں ان نقیبوں میں سے ہوں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بات پر بیعت کی تھی کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے، نہ چوری کریں گے، نہ کسی کو ناحق قتل کریں گے، نہ لوٹ مار کریں گے، نہ نافرمانی کریں گے، اگر ہم نے اس عہد پر عمل کیا تو جنت میں جائیں گے اور اگر ان میں سے کسی برائی پر عمل کیا تو اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

آنحضرت ﷺ کے مقرر کردہ نقباء کی فہرست درج ذیل ہے:

۱۔ حضرت ابو جابر عبداللہ بن عمرو

۲۔ حضرت اسید بن حضیر

۳۔ حضرت براء بن معرور

۴۔ حضرت رافع بن مالک

۵۔ حضرت رفاء بن عبدالمنذر

۶۔ حضرت سعد بن زرارہ

۷۔ حضرت سعد بن الربیع

۸۔ حضرت سعد بن عبادہ

۹۔ حضرت سعد بن خثیمہ

۱۱۔ حضرت عبادہ بن الصامت

۱۰۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ

۱۲۔ حضرت منذر بن عمرو

آنحضرت ﷺ نے صرف نقیبوں کا تقرر نہیں فرمایا بلکہ نقیب النقباء کا عہدہ بھی متعین کیا اور اس منصب پر حضرت سعد بن زرارہ کو مقرر فرمایا تھا۔ بلاذری، سعد بن زرارہ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں:

''سعد بن زرارہ قبیلہ بنو نجار میں سے تھے، ان کی کنیت ابو امامہ تھی۔ ہجرت نبوی کے نویں ماہ ان کا انتقال ہوا۔ اس زمانے میں مسجد نبوی تعمیر ہو رہی تھی۔ انہیں

بقیع کے قبرستان میں دفن کر دیا گیا۔ یہ نقیب النقباء تھے۔(۶۱)

اس مختصر بحث سے یہ بات واضح ہوگئی کہ زمانہ جاہلیت کے یہ دو قدیم ادارے علاوہ ازیں حلف اور ولاء اپنی پوری اسپرٹ کے ساتھ عہد نبوی میں بھی کام کرتے رہے۔

اسلام کی سیاسی تعلیمات اور عہد نبویؐ میں ان کا نفاذ

یہ بات تو بدیہیات میں سے ہے کہ اسلام ایک منظّم معاشرہ کا قیام چاہتا ہے۔ جہاں ایک مستقل حکومت ہو، حاکم بھی ہو، محکوم بھی اور ہر ایک کے حقوق و فرائض متعین ہوں اور دائرہ کار واضح ہو۔ اس ضمن میں یہ ضروری تھا کہ قرآن و حدیث میں صراحت کے ساتھ ایسے احکام موجود ہوں جو امور ملکی کی تنظیم و تنسیق اور حکومتی ذمہ داریوں کی ادائیگی سے براہ راست تعلق رکھتے ہوں۔

چنانچہ جب ہم قرآن وسنت کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں بنیادی سیاسی اصول پوری طرح روشن نظر آتے ہیں جن کی روشنی میں کسی ریاست کی بنیادوں کو مستحکم کیا جا سکتا ہے، اور پھر اسلام کا یہ اعجاز پوری آب و تاب کے ساتھ نمایاں ہے کہ اس نے صرف خوبصورت و دلکش اصول پیش کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ ان پاکیزہ اصولوں کو، ہم عہد نبویؐ میں عملی صورت میں بھی دیکھتے ہیں۔ زیر نظر سطور میں یہی حقیقت بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے، جیسا کہ گزشتہ صفحات میں قدرے تفصیل کے ساتھ بیان کیا جا چکا ہے کہ اسلام کے سیاسی نظام کا پہلا بنیادی تصور اقتدار اعلیٰ کا تصور ہے۔

عرب جاہلیہ کے صاحب عزت افراد

سیاسی طور پر یہ امر نہایت اہمیت کا حامل تھا کہ وہ لوگ جو عہد جاہلیہ میں سیاسی یا سماجی طور پر بلند مقام اور منصب رکھتے تھے، اسلام لانے کے بعد ان سے کیا سلوک کیا جائے اور انہیں کس مقام و مرتبہ پر رکھا جائے، چنانچہ اس ضمن میں آنحضرتﷺ کی واضح ہدایت موجود ہے، ارشاد رسالت مآبﷺ ہے۔

"خیارھم فی الجاھلیة خیارھم فی الاسلام"

اب اس حدیث طیبہ میں دیئے گئے اصول پر آپؐ نے مختلف مواقع پر عملی ثبوت فراہم فرمایا۔ مثلاً فتح مکہ کے موقع پر مکہ کے حکمرانوں عتاب بن اسید کے اسلام لانے پر مکہ کی گورنری انہی کے سپرد فرمائی (۶۲)۔

آیت کریمہ ﴿اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ اِلَى اَهْلِهَا......الخ﴾ کے تحت ابن جریر یہ

روایت نقل کرتے ہیں کہ:

''یہ آیت حضرت عثمان بن طلحہ کے بارے میں ہے۔ بیت اللہ کی کنجی برداری کا منصب ان کے خاندان کے پاس تھا، فتح مکہ کے موقعہ پر چونکہ یہ مسلمان ہو چکے تھے اور اس کام کا ان کو سابقہ تجربہ بھی تھا۔ رسول اللہؐ نے ان سے کنجی لے کر بیت اللہ کا دروازہ کھولا، اندر تشریف لے گئے باہر تشریف لائے اور آپ کی زبان پر یہ آیۂ کریمہ تھی، چنانچہ آپ ﷺ نے عثمان بن طلحہ کو بلایا اور بیت اللہ کی کنجی ان کے حوالے کر دی''(۶۳)۔

عہد نبویؐ کے اسی سیاسی نظام کا یہ وہ مختصر سا خاکہ ہے جس کی مستحکم بنیادوں پر آئندہ اسلام کی وسیع ترین اسلامی ریاست وجود میں آئی۔ جس نے امور جہانبانی کو نئی جہتیں دیں، تہذیب وتمدن کے نئے چراغ روشن کئے۔ عدل وانصاف کے اعلیٰ معیارات قائم کئے، اور دنیا کی نقشے پر ایک ایسی عظیم ریاست وجود میں آئی جو اپنی مثال آپ تھی۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ القرآن۔النور:۵۵

۲۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، عہد نبویؐ میں نظام حکمرانی، اُردو اکیڈمی سندھ، ط-۱۹۸۱ء، ص۵۷

۳۔ ایضاً

۴۔ سید شمیم حسین قادری، اسلامی ریاست قرآن وسنت کی روشنی میں (مطبوعہ علماء اکیڈمی، لاہور، جون۱۹۷۴ء) ص۱۵

۵۔ نکلسن، رینالڈاے، لٹریری ہسٹری آف عربز (عربوں کی ادبی تاریخ)، کیمبرج، دی یونیورسٹی پریس۱۹۶۹ء، ص ۱۷۳

۶۔ حسن ابراہیم حسن، مسلمانوں کا نظم مملکت، مترجم مولوی عبداللہ صدیقی (دارالاشاعت کراچی، س، ن) ص۲۰

۷۔ ''مواخات''، یعنی بھائی چارے کی بنیاد ڈالی۔ اور یہی وہ حکیمانہ طرز عمل تھا جس نے مہاجر ومقیم کے فرق کو مٹا کر انہیں باہم شیروشکر کر دیا۔

۸۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، ج۵، کتاب البیوع، باب ما جاء فی قول الله تعالیٰ: فاذا قضیت الصلاة فانتشروا، ص۸۸

۹۔ ایضاً

۱۰۔ محمد بن علی بن طباطبائی ابن الطقطقی، الفخری فی الآداب السلطانیه و الدول الاسلامیة، (المطبعة الرحمانیة۔ مصر ۱۹۲۷ء) (الفصل ثانی) ص۵۲

۱۱۔ القرآن۔الزمر۔٦

۱۲۔ القرآن۔الاعرف۔۵۴

۱۳۔ غزالی۔التبر المسبوک فی نصائح الملوک (مطبوعہ جمالیہ مصر ۱۳۰۶ھ) ج دوم،ص ٦۔۷

۱۴۔ مودودی،سید ابوالاعلیٰ،سنت کی آئینی حیثیت،(مطبوعہ،اسلامک پبلیکشنز،شاہ عالم مارکیٹ،لاہور ۱۹۶۳ء)، ص ۳۱۔۳۲

۱۵۔ ابن خلدون،مقدمہ،ص ۱۵۳،۱۵۴

۱۶۔ المسعودی،مروج الذهب، ج ۲،ص ۱۱

۱۷۔ حوالہ ایضاً ص ۱۹۱

۱۸ الموسوعة الفقهية، ج ٦،ص ۲۱۸-۲۱۹،وزارۃ الاوقاف والشؤون الاسلامیۃ،الکویت،ط-اوّل،۱۹۸۵ء۔

۱۹۔ مودودی،سید ابوالاعلیٰ،اسلامی ریاست،(اسلامک پبلیکشنز،۱۹۶۲ء)،ص ۱۹۸

۲۰۔ القرآن۔الانعام۔۵۷

۲۱۔ القرآن۔آل عمران۔۲٦

۲۲۔ القرآن۔الانعام۔٦۲

۲۳۔ ابوداوٗد،سلیمان بن اشعث السجستانی،کتاب الاقضية، باب اجتهاد الرای فی القضاء

۲۴۔ القرآن۔النساء۔۵۹

۲۵۔ القرآن۔المائدہ۔۸

۲٦۔ ابوداوٗد،ج ۴،ص ۳۷۵

۲۷۔ ابن ہشام،السيرة النبويه، جلد دوم،ص ۳۱۸ (طبع مصر)

۲۸۔ القرآن۔النساء۔۵۹

۲۹۔ طبری،محمد بن جریر،تفسير جامع البيان، بیروت ۲۰۰۱،ج ۵،ص ۱۴۷،۱۵۰

۳۰۔ فخرالدین رازی،تفسير كبير، مؤسسة المطبوعات الاسلامية، القاہرۃ،ط-۱،ج ۱۰،ص ۱۴۴

۳۱۔ بخاری،الجامع الصحيح، کتاب الاحکام، باب قول الله تعالیٰ: اطيعوا الله و اطيعوا الرسول.

۳۲۔ مسلم،مسلم بن حجاج،صحیح مسلم، کتاب الحج، باب استحباب رمی جمرة العقبة يوم النحر.

۳۳۔ بخاری،الادب المفرد،ص ۵۳،محمد حسین ہیکل،ابوبکر الصدیق،(شرکہ مساہمہ مصر ۱۹۵۸ء)ص ۴۷

۳۴۔ ابن ہشام،السيرة النبوية،مطبوعہ لیدن،ص ۸۰

۳۵۔ ایضاً

۳٦۔ القرآن۔الشوریٰ۔۳۸

۳۷۔ ابوبکر جصاص،احکام القرآن، احياء التراث العربی، بیروت،ط ۱۴۰۵ھ،ج ۵ص ۲٦۳

۳۸۔ فخرالدین رازی،تفسير كبير، ج ۷،ص ۴۱۵

۳۹۔ ابن کثیر،ابوالفداءاسماعیل بن کثیر الدمشقی،البدایة و النهایة، احیاء التراث، بیروت،ط-۱،۱۹۸۸ء،ج۴،ص ۱۵

۴۰۔ ابن ہشام،السیرة النبویة،ص ۲۹۷

۴۱۔ ابن کثیر،محولا بالا

۴۲۔ القرآن۔طہ۔۲۹

۴۳۔ محی السنہ ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی،شرح السنه، (طبع بیروت،۱۹۷۱ء) ج۱،ص ۲۱۴

۴۴۔ ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب التبریزی،مشکوٰة المصابیح، (دمشق ۱۹۶۱ء)،ص ۱۶۰

۴۵۔ ابن سعد،الطبقات الکبریٰ، (بیروت ۱۹۵۷ء)،ج۲،ص ۲۵۷

۴۶۔ ابن سعد،الطبقات الکبریٰ، (طبع بیروت ۱۹۶۰ء)،ج۲،ص ۱۹۲

۴۷۔ بخاری،الجامع الصحیح، کتاب اخبار الاحاد، باب ما کان یبعث النبیؐ من الامراء.

۴۸۔ بخاری،الجامع الصحیح، کتاب الجهاد والسید، باب فا بکره من التنازع والاختلاف.

۴۹۔ ابن حجر،فتح الباری، ج۱۶،ص ۳۷۱

۵۰۔ بلاذری،فتوح البلدان، (طبع مصر ۱۰۰ء)،ص ۷۶

۵۱۔ ابن اثیر،عزالدین ابوالحسن علی بن ابی الکرم محمد بن محمد،الکامل، ج۲،ص ۱۶۵

۵۲۔ بخاری،الجامع الصحیح، کتاب العلم، باب مایذکر فی المناولة.

۵۳۔ ایضا

۵۴۔ ابن قیم،زاد المعاد، مؤسسة الرسالة، بیروت، طہشتم ۱۹۸۵ء۔ج۱،ص ۱۲۷

۵۵۔ ابن عبدالبر القرطبی،الاستیعاب، علی حاشیه الاصابه، المکتبة التجاریة،مصر،ط ۱۹۳۹ء،ج۲،ص ۸

۵۶۔ سیرت الحلیة، ج۳،ص ۴۲۴

۵۷۔ ابن حزم،جوامع السیر، دارنشر الکتب الاسلامیة، لاہور،س ن،ص ۲۹۔۳۰

۵۸۔ پروفیسر محمد یوسف فاروقی کا فکرونظر میں عرافہ اور نقابہ پر ایک تفصیلی مضمون شائع ہوا ہے۔(فکرونظر ج۱۹،شمارہ اکتوبر ۱۹۸۱ء)

۵۹۔ ابن ہشام،السیرة النبویة، بیعت عقبہ ثانیہ

۶۰۔ صحیح مسلم،کتاب الحدود، باب الحدود والکفارات لأهلها.

۶۱۔ بلاذری،احمد بن یحیی،انساب الاشراف، تحقیق ڈاکٹر محمد حمیداللہ، دارالمعارف،مصر،س ن، ج۱،ص ۲۴۳

۶۲۔ ادریس کاندھلوی،سیرة المصطفی، (مطبوعہ تعلیمی پرنٹنگ پریس، لاہور،۱۹۸۲ء) حصہ سوم،ص ۷۸

۶۳۔ ابن جریر،تفسیر الطبری، ج۵،ص ۱۴۵

مخاصمہ کا قرآنی اسلوب

شاہ ولی اللہ، سید مودودی اور مولانا اصلاحی کی تعبیرات کے تناظر میں

فریدہ یوسف*

Abstract:
Shah Walliullah Dehelvi of sub-continent has worked on science of tafseer. His work was recognized by the scholars came after him.Two names in this context are very prominent: Moulana Abulala Maudadi and Moulana Amin Ahsan Islahi. Shah walliullah has devided the themes of Qur'an into five categories. Of these the most important is "ilm-ul-makhasma" meaning discussion, dialogue, argument and discourse. In this article the views of the above mentioned three scholars(on the topic under discussion) are compared.The paper argues that the same method as used by the Holy Quran can be adopted by us for the inter-faith dialogue.

برصغیر کے تفسیری ادب میں شاہ ولی اللہ دہلوی (۱۷۰۳-۱۷۶۳ء) کا نام خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ علم اصول تفسیر جس کی بنیاد ساتویں صدی عیسوی میں پڑی (۱)۔ برصغیر میں شاہ ولی اللہ اور ان کے متاخرین نے اس علم کو خصوصی توجہ کا مرکز بنایا۔ شاہ صاحب نے علم اصول تفسیر پر ایک مختصر رسالہ فارسی زبان میں ''الفوز الکبیر فی اصول التفسیر'' کے نام سے تحریر کیا۔ شاہ صاحب الفوز الکبیر فی اصول التفسیر کے بارے میں اپنے فہم کو اللہ تعالیٰ کی خصوصی عطاء قرار دیتے ہیں اور اس بات کا دعویٰ کرتے ہیں کہ اس مختصر رسالے کے فہم سے اللہ تعالیٰ طالبان علوم قرآن پر فہم قرآن کے دروازے کھول دے گا (۲)۔ اس رسالہ میں انہوں نے باب اول میں مضامین قرآن کو پانچ علوم میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔ علم احکام
۲۔ علم مخاصمہ
۳۔ علم تذکیر بآلآء اللہ
۴۔ علم تذکیر بایامُ اللہ
۵۔ علم تذکیر بموت و مابعد الموت

* لیکچرر شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

شاہ صاحب کے بعد اس میدان میں کام کے لئے راستے کھل گئے ۔عصرِ حاضر میں سید ابو الاعلیٰ مودودی (۱۹۰۳۔۱۹۷۹ء) اور مولانا امین احسن اصلاحی (۱۹۰۴۔۱۹۹۷ء) نے بھی اس کام کو آگے بڑھاتے ہوئے اپنی تفاسیر کے مقدموں میں ان اصولوں کا ذکر کیا ہے جو تفسیر لکھتے ہوئے ان کے پیشِ نظر رہے ہیں۔

سید ابوالاعلیٰ مودودی نے عنوانات اور گروپس نہیں بنائے ، بلکہ مضامین قرآن کی مرحلے وار تقسیم کی اور ایک بنیادی مقصد''اسلامی نظام کے قیام کی جدوجہد'' کو قرار دے کر اس کے تحت وقت اور حالات کے لحاظ سے نازل ہونے والی آیت کی تقسیم کی ہے؛ تا کہ قرآن پڑھتے وقت تحریک کے تمام مراحل قاری کے سامنے آتے چلے جائیں(۳)۔

اسی طرح سید صاحب نے ہر سورہ کے تعارف میں سورہ کے مضامین کو واضح کیا اور پھر قرآن کی تفسیر کے دوران بھی ان نکات پر روشنی ڈالی۔

مولانا اصلاحی نے قرآنی مضامین کے عنوانات کے بجائے مسلسل سورتوں پر مبنی گروپس کا تعین کیا اور ہر گروپ کا ایک عنوان تجویز کیا ہے۔اور اگر ایک گروپ کے علاوہ کچھ آیات وسور اس گروپ کے موضوع سے متعلق پائی گئی تو ان کو اس گروپ میں شامل قرار نہیں دیا۔ بلکہ غالب مضمون کی مناسبت سے ان کا عنوان متعین کیا(۴)۔

درج بالا تبصرے سے یہ بات نمایاں ہو کر سامنے آتی ہے کہ تینوں مفسرین نے تبلیغ کے ضمن میں اعلان حق اور تردید باطل کے لئے وارد ہونے والی آیات کو بنیادی حیثیت دی اور اپنے اپنے طرز فکر کے مطابق نتائج اخذ کئے ہیں مگر تینوں کا نہج استدلال مختلف ہونے کے باجود اپنی اپنی جگہ مفید ہے۔تینوں مفسرین کے طرز فکر کو درج ذیل اصطلاحات سے واضح کیا جاسکتا ہے

ا۔ موضوعاتی ترتیب:

شاہ صاحب کی تقسیم ان تمام آیات کو یکجا کر دیتی ہے جو اس خاص گروہ سے متعلق ہیں۔خواہ وہ انکے کسی پہلو سے متعلق ہوں ،خواہ وہ سورتوں کی ترتیب کے اعتبار سے کسی بھی نمبر پر ہوں یا وہ مکی و مدنی کسی بھی دور سے تعلق رکھتی ہوں۔اس سے ایک موضوع منضبط صورت میں سامنے آتا ہے۔

ب۔ نزولی ترتیب:

سید مودودی حالات وتقاضا کی رعایت کو سامنے رکھ کر تفسیر کرتے ہیں اور مکی و مدنی ادوار میں نازل ہونے والی آیات

کو تین مراحل میں تقسیم کرتے ہیں۔ ہر ہدایت کے معروضی تقاضا اور درپیش حالات کا علم اس کے مدعا کو مبرھن کر دیتا ہے۔ یہ چیز بھی فہمِ قرآن کے لئے مفید ہے۔لہٰذا جس مضمون کو شاہ صاحب نے اپنے انداز سے بیان کیا سید مودودی نے اس موضوع کو تائیدی و تردیدی دلائل کو بنیادی حیثیت دے کر بیان کیا۔

ج۔ توقیفی ترتیب:

مولانا اصلاحی کی تقسیم ایک تو قرآن کی ترتیب توقیفی (۵) کے اعتبار سے مفید ہے۔دوسرے ان کی تقسیم سے نظمِ قرآن کا ظاہر و مخفی پہلو اور سورتوں کا زوج زوج ہونا قابلِ فہم بن جاتا ہے۔اس مقصدِ عظیم (سہولتِ فہم) کو سامنے رکھتے ہوئے مولانا سورتوں کی گروپنگ کرتے ہیں اور گروپ کا موضوع اس مضمون کو قرار دیتے ہیں جو تمام سورتوں میں غالب مضمون کی حیثیت رکھتا ہو۔لہٰذا بعد کے کسی گروپ میں وہ مضمون اگر مل جائے تو وہاں اس کو ضمنی حیثیت سے بیان کر دیتے ہیں۔اسکی مثال یہ ہے کہ مولانا نے بنیادی احکام اور معاملات پر مشتمل سورتوں کو شریعت گروپ کے نام سے موسوم کیا۔اس گروپ کی سورہ النساء میں نکاح طلاق وغیرہ کے مسائل ہیں۔طلاق کے مسائل پر مشتمل ایک اور سورہ بعث ونشور گروپ میں بھی شامل ہے۔لیکن وہ سورہ شریعت گروپ میں شامل ہونے کی بجائے بعث ونشور گروپ کا حصہ ہے۔مولانا اصلاحی نے مشرکین سے متعلقہ آیات کو نبوت گروپ کے نام سے موسوم کر کے ان تمام ہدایت کو انبیاء کی زبانی بیان کی۔اگرچہ مشرکین کے معاملے میں اسی موضوع کو ملت ابراہیمی کی تاریخ کے حوالے سے بتایا، جبکہ شاہ صاحب نے مفاسد کو بنیادی حیثیت دے کر بیان کیا تھا۔

ہمارے پیش نظر شاہ صاحب کے مضامینِ قرآن کی ترتیب میں علمِ مخاصمہ کا تقابلی مطالعہ ہے۔اس ضمن میں سید مودودی اور مولانا امین احسن اصلاحی کے نظریات کو زیر بحث لا کر شاہ صاحب کے نقطۂ نظر سے ان کا تقابلی جائزہ پیش کیا جائے گا۔

مخاصمہ کا لفظ ''خصم'' سے نکلا ہے۔ابن منظور نے لکھا ہے:

''الخصومہ الجدل ..خاصمہ، خصاما ، مخاصمہ ،غلبہ بالحجہ۔وقولہ عزوجل :هٰذان خصمان اختصموا فی ربهم۔قال الزجاج:عنی المومنین والكافرین۔وكل واحد من الفریقین خصم ''(۲)

ابن منظور نے اس کا مطلب دلیل کے ساتھ غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرنا لیا ہے۔اور دلیل کے طور پر

آیت ذکر کی ہے جس میں رب کے معاملے میں دلائل سے بحث کا مفہوم ملتا ہے۔امام راغب نے لکھا ہے
''مخاصم کو خصم کہا جاتا ہے۔۔۔اصل میں خصم کے معنی کنارہ کے ہیں اور مخاصمت کے معنی ایک دوسرے کو کنارہ سے پکڑنے کے ہیں''(۷)

سورہ نساء کی آیت نمبر ۱۰۵ کی تفسیر کرتے ہوئے امام رازی لکھتے ہیں:

''قال الواحدی خصمک الذی یخاصمک وجمعه الخصماء واصله من الخصم وهو ناحیة الشئی وطرفه والخصم طرف الزاویه وطرف الشفار وقیل للخصمین خصمان ۔ لان کل واحد منهما فی ناحیة من الحجة والدعویٰ وخصوم السحابة وجوانبها''(۸)

واحدی کے حوالے سے امام رازی نے بھی اس کا مطلب بات کا کنارہ لیا ہے۔یعنی دو فریقوں میں سے ہر ایک اپنے دعوے کے لئے دلائل اور حجت کے کنارے پر ہو۔اسی طرح سورہ النمل میں ارشاد ہے:

''وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا اِلیٰ ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۔ اَنِ اُعبُدُوْا اللّٰهَ فَاِذَاُهُمْ فَرِیْقَانِ یَخْتَصِمُوْن ''(۹)

ترجمہ: بے شک ہم نے قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالحؑ کو اس پیغام کے ساتھ رسول بنا کر بھیجا کہ لوگو اللہ کی بندگی کرو۔تو وہ دو فریق بن کر آپس میں جھگڑنے لگے۔

یعنی دونوں اپنے اپنے نقطہءِ نظر پر انتہائی شدت کے ساتھ قائم ہوگئے۔

اس آیت کی تفسیر میں امام رازی لکھتے ہیں:

''اما حوله (یختصمون)فالمعنی ان الذین اٰمنوا انما الا انهم نظروا فی حجة فعرفوا صحتها واذاکان کذٰلک فلان وان یکون خصما لمن لم یضلها واذا کان هٰذا الاختصام فی باب الدین دل ذٰلک علیٰ ان الجدال فی باب الدین حق وفیه ابطال التقلید ''(۱۰)

شاہ صاحب کے مطابق مخاصمے کا انداز ایک تو یہ ہے کہ صرف ان کے باطل عقائد کو بیان کیا گیا ہے، پھر انکی

برائیاں واضح کی گئی ہیں اور انکے متعلق ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا ہے۔ دوسرے ان کے شبہات کو بیان کیا گیا ہے اور منطقی اور خطابی دلیلوں سے ان کا رد کیا گیا ہے(۱۱)۔

مخاصمہ کا مطلب مولانا امین احسن اصلاحی نے سورہ یٰسن کی آیت نمبر ۴۹ کی تفسیر میں بحث لکھا ہے (۱۲)اسی طرح سورہ نساء کی آیت نمبر ۱۰۵ کی تفسیر میں میں لکھا ہے:

''خصم اور مجادلہ کے معنی اچھے اور برے دونوں معنی میں استعمال ہوتا ہے یعنی بحث ،، جھگڑا، کٹ حجتی اور اعتماد و تذلل کی بنا پر شکوہ اور اصرار و الحاح کی بنا پر سفارش انہی دوسرے معنوں میں سورہ مجادلہ میں یہ لفظ استعمال ہوا ہے اور حضرت ابراہیمؑ کا قوم لوط کے لئے مجادلہ بھی انہیں معنوں میں ہے''(۱۳)

گویا کہ مولانا اصلاحی کے مطابق مخاصمہ اور مجادلہ قرآن مجید میں مترادف اصطلاحات کے طور پر استعمال ہوئے ہیں۔ سورہ ءمجادلہ میں حضرت خولہ کے جس مجادلے کا ذکر ہے اس کی نوعیت بھی اپنی بات اصرار کے ساتھ منوانے کی ہے۔ گویا کہ عصر حاضر میں مخاصمہ کے مفہوم کو محاورہ اور مکالمہ کے مفہوم سے بیان کیا جا سکتا ہے۔ امام راغب نے محاورہ کے ضمن میں لکھا ہے:

''المحاورہ والحوار ایک دوسرے کی طرف کلام لوٹانا۔ اسی سے تحاور نکلا ہے (۱۴)''

محاورہ کے لفظ کے مخاصمہ کے مفہوم میں استعمال ہونے کی مثالیں قرآن مجید میں موجود ہیں۔ ارشاد ہے:

''قَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ قَوۡلَ الَّتِیۡ تُجَادِلُکَ فِیۡ زَوۡجِھَا وَ تَشۡتَکِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ وَاللّٰہُ یَسۡمَعُ تَحَاوُرَکُمَا اِنَ اللّٰہ سَمِیۡعٌ بَصِیۡر''(۱۵)

(بے شک اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو آپ ﷺ سے اپنے شوہر کے بارے میں جھگڑا کر رہی تھی اور اپنے غم کی شکایت اللہ سے کرر ہی تھی اور اللہ تم دونوں کی بات سن رہا تھا بے شک اللہ بہت خوب سننے والا اور جاننے والا ہے)۔

اس آیت میں اللہ نے پہلے حضرت خولہ کے انداز بیان کو مجادلہ قرار دیا اور پھر حضرت خولہؓ اور حضرت محمد ﷺ کی گفتگو کو محاورہ قرار دیا۔ امام رازی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''والمحاورہ المراجعہ فی الکلام من حار الشئی یحور

حورا ۔ ای رجع یرجع رجوعاًومنہ"نعوذ باللہ من
الحور بعد الکور ومنہ فما احار بالکلمہ ۔ ای فما اجاب
"(١٦)

امام رازی کی تصریح کے مطابق یہاں محاورہ مخاصمہ کے معنوں میں استعمال ہوا ہے اور اس میں نرمی، اصرار و الحاح اور زاری اپنے مؤقف کے حق میں دلائل دینے کا مفہوم شامل ہے۔اسی طرح سورہ کہف میں ارشاد ہے

"قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِنْ
تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ رَجُلًا"(١٧)

(اس کے ساتھی نے بحث کرتے ہوئے اس سے کہا کیا تم نے اس ذات کا انکار کیا جس نے تم کو مٹی سے بنایا ، پھر پانی کی بوند سے پھر تم کو ایک مرد بنا کر کھڑا کیا)۔

اس آیت میں دو مختلف عقائد ونظریات رکھنے والوں کے درمیان دلائل کے ساتھ بحث کا تذکرہ ہے اور فریقِ مخالف کو قائل کرنے کی کوشش ہے جس کو قرآن مجید نے محاورہ کے لفظ سے ذکر کیا ہے۔اس آیت کی تفسیر میں امام زمخشری نے لکھا ہے:

" یرجعہ الکلام من حار یحور اذا رجع وسئلتہ فما
احار کلمۃ "(١٨)

امام زمخشری کی تصریح سے بھی امام رازی کے مؤقف کی تائید ہوتی ہے اور اسی بات کا دیگر کئی مفسرین نے بھی ذکر کیا ہے۔ یہ مخاصمہ کا قرآنی منہج ہے۔ دیگر فرقوں کے ساتھ دلائل کے تبادلے اور گفت وشنید کو قرآن مجید نے اس انداز میں بیان کیا ہے۔

مخاصمہ کا قرآنی منہج:

قرآن مجید کے اس موضوع کو خاص طور پر شاہ ولی اللہ نے اصولی انداز میں پیش کیا ہے۔لکھتے ہیں

"وبالجملہ چوں قرآن بخوانی گمان مکن کہ مخاطبہ بود کہ بودندن دور گزشتند بلکہ
بحکم حدیث (لتتبعن سنن من قبلکم) ہیچ بلائے نبود دیگرامفو زنمونہ آں موجودست
پس مقصود اصلی بیان کلیات آں مقاصدست نہ خصوصیات آں حکایات ایں
ست "(١٩)

(جب آپ قرآن کی تلاوت کرنے بیٹھیں تو یہ ہرگز مت سمجھئے کہ یہ سب کچھ کسی ایسی قوم سے خطاب ہے جو کسی زمانے میں موجود تھی اور اب فنا ہوگئی ہے۔ رسول اکرم ﷺ کی یہ حدیث اپنے سامنے رکھیں کہ تم بھی گذشتہ لوگوں کے راستے پر چلو گے۔ اور یقین کیجئے یہ آج دین میں ایسی کوئی آفت نہیں ہے جس کا نمونہ پہلے سے موجود نہ ہو۔ لہٰذا جو باتیں کل کہی گئی تھیں ان کی حقیقت آج بھی اسی طرح موجود ہے۔ لہٰذا تفسیر کا اصل مقصد یہ ہونا چاہئے کہ اصل اصول اور ان کے حقیقی مقاصد کو بیان کیا جائے ورنہ ان حقایات کو دہرانے اسے کچھ حاصل نہیں)۔

حدیث مبارکہ کے حوالے سے شاہ صاحب قرآن مجید کی آیات مخاصمات کی روشنی میں اس سے ہدایات اخذ کرنے کی ہدایت کرتے ہیں اور مخاصمہ کے موضوع کی اصولی حیثیت کو واضح کرتے ہیں۔

شاہ صاحب کے مطابق قرآن مجید میں اس عنوان کے تحت اس وقت کے چاروں گمراہ فرقوں سے دو طرح سے مخاصمہ کیا۔ شاہ صاحب لکھتے ہیں:

"در قرآن مجید با چہار فرقہ ضالہ مخاصمہ واقع شدہ است مشرکین و یہود و نصاریٰ و منافقین و ایں مخاصمہ ہر دو قسم است یکے آنکہ آں عقیدہ باطلہ را بیاں کنند و تنصیص نمایند و بر شناعت او رد بر آں انکار کنند پس و دیگر آں کہ شبہات ایشاں تقریر نمایندہ آں را با ادلہ برہانیہ یا خطابیہ حل نمایند" (۲۰)

(قرآن مجید میں مشرکین، یہود، عیسائی اور منافقین چار گمراہ فرقوں سے مخاصمہ کیا گیا ہے۔ اس مخاصمہ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک تو صرف ان کے باطل عقائد کو بیان کیا گیا ہے۔ پھر ان کی برآئیاں بیان کی گئی ہیں اور ان کے متعلق ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا ہے۔ دوسرے ان کے شبہات کو بیان کیا گیا ہے اور منطقی اور خطابی دلیلوں سے ان کا رد کیا گیا ہے)۔

ذیل میں عہد نزولِ قرآن کے فرقوں سے مخاصمہ کو ان مفسرین کی تعبیرات کی روشنی میں ذکر کیا جائے گا

1 مشرکین سے مخاصمہ:

قرآن مجید میں چار گمراہ فرقوں کے حوالے سے جو آیات آئیں ہیں سب سے پہلے ان میں مشرکین کا ذکر آتا ہے۔

1.1 شاہ صاحب نے اپنے رسالہ میں مشرکین کے عقائد بیان کئے ہیں۔ پھر ملتِ ابراہیمی کا اصلی شعار واضح کیا کہ اصل دینِ ابراہیمی کن کن امور پر مشتمل تھا جن کو مشرکین نے ترک کر کے کیا کیا گمراہیاں اختیار کر لیں۔ دینِ ابراہیمی کے بنیادی عقائد کی وضاحت کی لیکن مشرکین نے ان امور کے متعلق گمراہی کی جو صورتیں پیدا کر لی تھیں؛ ان کی ایک ایک کر کے نشاندھی کی اور مثالوں سے وضاحت فرمائی۔ شرک، تشبیہ (۲۱)، تحریف (۲۲) اور عقیدہ ءِ رسالت و قیامت کے متعلق مشرکین کی گمراہی کی صورتیں بیان کیں اور پھر موجودہ زمانے سے بھی اس کی مثال فراہم کی (۲۳)۔

شاہ صاحب قرآن میں بیان کی جانے والی خرابیوں کا اطلاق موجودہ معاشرے کی خرابیوں پر کر کے ان کی نشاندھی بھی کرتے ہیں اور پھر ان کے حل بھی تجویز فرماتے ہیں۔ شاہ صاحب نے اس کے بعد یہ بیان کیا ہے کہ پھر ان بدعقیدگیوں کا جواب بھی مختلف طریقوں سے دیا گیا ہے اور ایک ایک کر کے ان کے شبہات کو دور کیا گیا ہے۔ ہر ممکن طریقے سے اپنے نظریات کا اثبات کیا گیا ہے۔ مثلاً شرک کے حوالے سے شاہ صاحب لکھتے ہیں:

''ایں مشرکان در خلق جواہر و تدبیر امور عظام ہیچ یک را شریک نمے دانستند و چوں خدائے تعالیٰ بر کارے ابرام فمایک ہیچ یک را قدرت ممانعت اثبات نمے کردند بلکہ اشتراک ایشاں در امور خاصہ بہ بعضے بندگان'' (۲۴)

(یہ مشرک کار تخلیق میں یا عظیم امور کی تدبیر و تصرف میں کسی کو بھی خدا کا شریک نہیں مانتے تھے۔ وہ یہ بھی عقیدہ رکھتے تھے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی امر کا ارادہ کرتا ہے تو اسکی راہ میں حائل ہونے والا کوئی نہیں۔ بلکہ ان کا شرک صرف ان امور کے متعلق تھا جو بعض بندوں کے ساتھ مخصوص تھے)

شاہ صاحب نے یہ واضح کیا ہے کہ قرآن مجید میں شرک کا جواب چار طریقوں سے دیا گیا ہے لکھتے ہیں:

''پس جواب اشراک اولاً طلب دلیل است و نقض تمسک بہ تقلید آباء وثانیاً عدم مساوات ایں بندگان با خدائے تبارک وتعالیٰ واختصاص خدا باستحقاق غایت تعظیم بخلاف ایں بندگان وثالثاً بیان اجماع انبیاء بریں مسئلہ (وما ارسلنا من قبلک من رسول الا نوحی الیه انه لا اله الا انا فاعبدونِ) ورابعاً بیان شناعت عبادت اصنام وسقوط

احجـار از مـراتـب کـمـالات انسـانیـه ۔ فکیف مرتبـه الالـوهیـه وایـں جـواب مسـوق سـت بـرائـے قومی کـه اصنام را معبود لذاته انگارند"(۲۵)۔

شاہ صاحب نے واضح کیا ہے کہ قرآن مجید میں شرک کے جواب کے لئے درج ذیل حکیمانہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے

(الف) پہلے مشرکین سے ان کے عقائد کی صحت کی دلیل طلب کی گئی ہے۔ان کے عقیدے کا ان کے آباء کے عقیدے کے خلاف ہونا ثابت کیا گیا ہے جس کی پیروی کا وہ دعویٰ کرتے تھے۔جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد ہے

"اِنَ اِبرَاهِیمَ کَا نَ اُمّہَ قَانِتَا للّٰہ حَنِیفَا۔وِلَمۡ یَکُ مِنَ الۡمُشۡرِکِین(۲۶)۔

ترجمہ: (یقیناً ابراھیم اپنی ذات میں ایک پوری امت تھا اللہ کا مطیع وفرمان سب سے کٹ کر اللہ کا ہو رہنے والا اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا)۔

(ب) پھر یہ بتایا ہے کہ مشرکین کے مزعومہ خداؤں اور باری تعالیٰ میں کسی قسم کی مشابہت اور مساوات نہیں ہے،لہٰذا انتہائی درجہ کی تعظیم کا مستحق صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

"قُل اَرَءَ یتُم شُرَکَاءِ کُمُ الّذِیۡنَ تَدۡعُونَ.......اِلّا غُرُورَا"(۲۷)

(اے نبی ان سے کہو کبھی تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا بھی ہے جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو؟ مجھے بتاؤ انہوں نے زمین میں کیا پیدا کیا ہے یا ان کی کوئی شرکت آسمانوں میں ہے یا ہم نے انہیں کوئی کتاب عطاء کی ہے جو ان کے اس بطور سند ہو۔نہیں ،حقیقت میں یہ ظالم ایک دوسرے سے محض جھوٹا وعدہ کرتے ہیں)۔

(ج) تیسرے یہ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ زمانے کے انبیاء اور مرسلین بھی عقیدہ ءِتوحید پر متفق رہے ہیں۔

'وَمَـا اَرۡسَلۡـنَـا مِـنۡ قَبۡلِـکَ مِـنۡ رَسُـولِ اِلّا نُـوحِـیٓ اِلَـیۡـهِ اَنّـهُ لَا اِلٰـهَ اِلّا اَنَـا فَاعۡبُدُونِ"(۲۸)

(اور ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر ہم اس کے پاس وحی بھیجتے رہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے سو میری ہی عبادت کرو)۔

(د) چوتھے ان سے بتوں کو پرستش کی برائیاں بیان کی گئی ہیں اور یہ واضح کیا کہ لکڑی اور پتھر کے بت تو انسانی شرف وکمال کے مقابلے میں بھی انتہائی ہیچ ہیں پھر وہ خدائی مرتبہ کے لائق کس طرح ہو سکتے ہیں۔ارشاد ہے

''وَاِذْقَالَ اِبْرَاهِیمُ لِاَبِیهِ اٰذَرَ اَتَتَخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً اِنِّیٓ اَرٰكَ وَ قَوْمَكَ فِی ضَلَالٍ مُبِیْنٍ''(۲۹)

(اور جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ آذر سے کہا کیا آپ بتوں کی پوجا کرتے ہیں میں آپ کو اور آپ کی قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں)۔

بتوں کے بعض پوشیدہ قوتوں کے نمائندہ ہونے کی بھی نفی کی گئی ہے۔اسی طرح تشبیہ، تحریف، حشر ونشر کو محال سمجھنے اور رسالت پر انکے اعتراض کے بارے میں شاہ صاحب نے واضح کیا ہے کہ قرآن مجید میں ہر ایک گمراہی پر پہلے ان کے عقائد کی ان سے دلیل طلب کی گئی ہے، پھر انکی ایک عام اور معروف دلیل: تقلیدِ آباء کے ساتھ بھی اس کی عدم مطابقت ثابت کی ہے ان کے وارد کئے ہوئے اعتراضات اور شبہات کے جوابات دئے گئے ہیں۔آفاق اور انفس کے دلائل سے ان کے غلط مزعومات کی تردید کی اور اپنے درست نظرئے کے اثبات کے لئے دلائل دئے۔ خوفِ طوالت سے ہر ہر غلط عقیدے کی مثال بیان نہیں کی جارہی۔

1.2 سید مودودی کی تقسیم کے مطابق قرآن مجید ایک دعوت اور تحریک کی کتاب ہے۔اور وقت اور حالات کی مناسبت اور تقاضے کے پیشِ نظر آیات کا نزول ہوا ہے۔لہٰذا مشرکین کے متعلق موضوعات کی تردید کے لئے انہوں نے جو مقام مناسب سمجھتے ہوئے متعین کیا ہے وہ اس مرحلے کا ہے جس کو وہ دوسرا مرحلہ قرار دیتے ہیں، جبکہ مخالفت شدت اختیار کر چکی تھی۔ یہاں براہ راست خطاب مشرکین سے ہے۔اس سلسلے میں مولانا نے جو عنوان قائم کیا ہے وہ ''شرک، دعویٰ ءِ خود مختاری، انکار آخرت اور تقلیدِ آباء کی بین دلائل سے تردید'' کا ہے۔اللہ کی ذات و صفات میں شرک کی واضح انداز میں نفی کی گئی ہے۔عبادت اور بندگی کو اسی کے لئے خالص قرار دیا گیا ہے۔پھر اللہ کی حاکمیت وقضاء کے مطلق اختیار کو واضح کرتے ہوئے مولانا نے مشرکین کے دعویٰ ءِ خود مختاری کی تردید اس انداز سے کی کہ ہر شخص پر اس دعوے کی بے وقعتی ثابت ہو جائے۔قرآن کے احکامات کی تشریح مولانا نے اس انداز سے کی کہ متوسط درجہ کی عقل وفہم رکھنے والا انسان بھی یہ سمجھے بغیر نہیں رہ سکتا کہ مشرکین کے یہ مزعومات لغو اور بے وقعت ہیں، لیکن مولانا نے اس کو ایک موضوع کی حیثیت سے بیان نہیں کیا بلکہ دعوت کے اعلانیہ دئے جانے کے مرحلے پر پہنچنے کے بعد مخالفین کی ایک ایک غلط روی اور غلط فہمی کی تردید کی گئی ہے۔

دوسرا پہلو اس سلسلے میں مولانا کا ایک دوسرا عنوان ہے ''اعتراضات کے جواب اور الجھنوں کے حل'' اس عنوان کو بھی مولانا نے دوسرے مرحلے میں بیان کیا۔ اندازِ بیان کے فرق کے ساتھ دوسرا مضمون بھی پہلے کا حصہ

معلوم ہوتا ہے؛ کیونکہ اعتراض اور الجھنیں انہیں عقائد کے بارے میں تھیں۔ سید صاحب نے اس موضوع کو بیان کرنے والی آیت کی تشریح اس انداز سے کی ہے کہ ایک ایک اعتراض اور الجھن احسن طریقے پر حل ہو جاتی ہے۔ اس موضوع پر آپ کا انداز شاہ صاحب کے مماثل نظر آتا ہے۔ مثلاً سورہ لقمان کی تفسیر کے دیباچے میں لکھتے ہیں:

> ''اس سورہ میں لوگوں کو دنیا کی لغویت اور نا معقولیت اور توحید کی صداقت و معقولیت سمجھائی گئی ہے اور انہیں دعوت دی گئی ہے کہ باپ دادا کی اندھی تقلید چھوڑ دیں اور کھلے دل سے اس تعلیم پر غور کریں جو حضور ﷺ خدا کی طرف سے پیش کر رہے ہیں۔ کھلی آنکھوں سے دیکھیں کہ ہر طرف کائنات میں اور خود انکے اپنے نفس میں کیسے کیسے صریح آثار اس کی دلیل پر شہادت دے رہے ہیں''(۳۰)

یہاں ایک اور بات قابلِ وضاحت ہے۔ کہ شاہ ولی اللہ نے جہاں پر تقلیدِ آباء کی بات کی ہے وہاں انہوں نے اس کو مثبت معنوں میں لیا ہے اور مشرکین کو یہ باور کرایا ہے کہ تم جو اپنے آباء کی پیروی کا دعویٰ کرتے ہو تو تمہارا عمل اس کے خلاف ہے۔ جیسا کہ (حوالہ نمبر ۲۵) اور (حوالہ نمبر ۵۵) سے واضح ہے کہ وہ دینِ ابراہیمی کی پیروی کا دعویٰ کرتے ہیں۔ گویا کہ آباء (دین ابرہیمی کے پیروکار) کی پیروی تو تمھیں کرنی چاہیے جو کہ تم نہیں کر رہے۔ مگر سید مودودی جب تقلیدِ آباء کا ذکر کرتے ہیں تو وہ اس کو منفی معنوں میں لیتے ہیں اور وہ قرآن مجید کی آیتوں سے اس کی تردید کرتے ہیں اپنی تشریحات کے لئے جو عنوان وہ قائم کرتے ہیں وہ بھی ان کے نقطۂ نظر کی تائید کرتا ہے۔ مثلاً (تقلیدِ آباء کی بیّن دلائل سے تردید)۔ اس سے یہ ظاہر ہے کہ سید مودودی یہاں پر مشرکین کے غلط عادات وعقائد کو اختیار کئے رکھنے کیلئے تقلیدِ آباء کا سہارا لینے کی نفی کر رہے ہیں، یعنی ان کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ جن آباءواجداد کی پیروی کو تم غلط عقائد کے لئے بطور دلیل لاتے ہو وہ دینِ ابراہیمی کے پیروکار تھے ہی نہیں بلکہ وہ خود گمراہ تھے۔

اسی طرح آیت قرآنی ''اَلَا لِلّٰهِ الدِّيۡنُ الۡخَالِصُ... كَفَّارٌ''(۳۱) کی تشریح میں لکھتے ہیں:

> ''اگر کوئی شخص اللہ کے سوا کسی اور کی خالص اور بے آمیز بندگی کرتا ہے تو غلط کرتا ہے اسی طرح اگر وہ اللہ کی بندگی کے ساتھ غیر کی بندگی کی آمیزش کرتا ہے تو بھی سراسر حق کے خلاف کرتا ہے۔ دنیا کے مشرکین کبھی اس بات پر متفق ہی نہیں ہوتے کہ اللہ کے ہاں رسائی کا ذریعہ آخر کونسی ہستیاں ہیں۔۔۔ یہ تو ایسا عقیدہ

ہے کہ جو محض وہم، اندھی عقیدت اور اسلاف کی بے سوچے سمجھے تقلید کی وجہ سے
لوگوں میں پھیل گیا ہے۔اس لئے لامحالہ لوگوں میں اختلاف ہونا ہی ہے"(۳۲)

اس مقام پر غیر اللہ کی عبادت کی دونوں صورتوں میں تردید کی گئی ہے۔ پھر مشرکین کا یہ قول کہ ہم غیر اللہ کی عبادت اللہ کے قرب کے حصول کے لیے کرتے ہیں۔مولانا نے قرآن مجید کی رو سے اس کی حقیقت واضح کی ہے کہ غیر اللہ کے اللہ کے قرب کا ذریعہ ہونے کی ضمانت ہی موجود نہیں۔ یہ تو مشرکین کی افتراء پردازی ہے۔شرک اور توحید میں کسی صورت یکجائی نہیں ہوسکتی۔قرآن میں بہت سے مقامات پر شرک کی تردید کی گئی ہے اور توحیدِ خالص کی تعلیم دی گئی ہے۔اسی طرح سید صاحب نے مشرکین کے دیگر تمام مزعومات اور اعتراضات اور الجھنوں کے حوالے سے سورتوں کے دیباچوں میں تصریحات کی ہیں اور آیات کی تشریحات کے دوران بھی ان سب نکات کو واضح کیا ہے۔

1.3 مولانا امین احسن اصلاحی کی تقسیم کے تحت شاہ صاحب کے علم المخاصمہ سے ملتے جلتے مباحث ان کے دو گروپس، گروپ نمبر دو"ملت ابراہیمی کی تاریخ اور اس کے اصول وفروع کا گروپ" اور گروپ نمبر چار"نبوت و رسالت گروپ" میں ملتے ہیں۔نبوت و رسالت گروپ میں انبیاء کی زبانی اساسی مسائل توحید، معاد اور نبوت کی وضاحت کی گئی ہے۔منکرین کے اعتراضات کے جوابات دئے گئے ہیں ۔اعتراض و انکار کے اسباب کی بھی نشاندھی کی گئی ہے۔آفاق وانفس اور آثارِ کائنات کے دلائل وشواھد سے تذکیر کی گئی ہے۔گذشتہ اقوام نے ان اساسیات کا انکار کر کے جو نقصانات اٹھائے ان کا حوالہ دے کر بھی مشرکین کی غلط فہمیوں کی تردید کی گئی ہے، اور یہ سرگذشتیں سنا کر دینِ اسلام کے معاملہ میں نبی کریم ﷺ اور انکی امت کی حالت بھی واضح کی گئی ہے۔اگرچہ مشرکین سے متعلق آیات دیگر گروپس میں بھی ہیں، مگر وہاں عنوان غالب موضوع کی مناسبت سے ہے۔البتہ اصلاحی صاحب کے متعین کردہ دوسرے گروپ"ملت ابراہیمی کی تاریخ اور اس کے اصول وفروع" کا انداز مشرکین کے معاملے میں شاہ صاحب کے طرزِ فکر کے مماثل ہے۔دوسرے گروپ میں مشرکین کے سامنے توحید اور آخرت کے دلائل پیش کر کے مشرکین پر اظہارِ تعجب کیا گیا ہے، اور انکو انکی روش کے نتائج سے آگاہ کیا گیا ہے۔حضرت ابراہیمؑ نے توحید کے ثبوت میں جو دلائل دئے ان کا بھی تذکرہ ہے۔عقل وفطرت اور آفاق وانفس کے دلائل سے بھی دینِ ابراہیم کی وضاحت کی گئی ہے۔تاریخی شہادتیں پیش کر کے قریش کو عبرت پکڑنے کی نصیحت کی گئی ہے۔سورہ الانعام کے عمود کا ذکر کرتے ہوئے مولانا اصلاحی نے لکھا ہے:

''مخاطبین کے سامنے توحید، معاد اور آنحضرت ﷺ کی رسالت کے دلائل واضح کرتے ہوئے ان کو ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے اور ساتھ ہی یہ تنبیہ کی گئی ہے کہ اگر انہوں نے یہ دعوت قبول نہ کی تو اس انجام سے دوچار ہونے کے لئے ان کو تیار رہنا چاہئے۔ جس سے رسولوں کی تکذیب کرنے والی قوموں کو دوچار ہونا پڑا۔ اہل عرب چونکہ حضرت ابراہیمؑ کی اولاد تھے ۔اسی وجہ سے اس سورہ میں اس حجت کو خاص طور پر نمایاں کیا گیا ہے، جو حضرت ابراہیمؑ نے اپنی قوم کے سامنے پیش کی تا کہ قریش پر یہ واضح ہو جائے کہ اصل دین دینِ ابراہیمی ہی ہے اور اس کے حقیقی وارث حضور ﷺ اور انکے صحابہ ہیں یا قریش'' (۳۳)

اسی طرح چوتھے گروپ کی سورہ الفرقان کے تعارف میں لکھتے ہیں۔

''سورہ الفرقان کا عمود نبی کریم ﷺ اور قرآن مجید کا دفاع ہے۔ مخالفین نے جو شبہات واعتراضات قرآن اور پیغمبر پر اٹھائے ہیں وہ اس میں نقل کر کے ان کے جواب دئے گئے ہیں ساتھ ہی مخالفین کے اعتراض وانکار کے اصل محرکات کا بھی پتہ دیا ہے، اور قرآن مجید کی جن باتوں پر وہ متوحش تھے مثلاً دعوتِ توحید یا انذارِ عذاب وہ مزید دلائل سے مبرھن کی گئی ہیں'' (۳۴)

گویا کہ شاہ صاحب نے قرآن کے اتمامِ حجت کو بڑے واضح انداز میں سامنے رکھ دیا ہے۔ اور مشرکین کے ہر ہر غلط دعوے کے دلائل کے زور سے غلط ثابت کیا اور انداز کے تنوع کے ساتھ یہ پہلو باقی دونوں مفسرین کے ہاں بھی نظر آتا ہے۔

2 یہود سے مخاصمہ:

2.1 علم المخاصمہ کے تحت شاہ صاحب کے نزدیک دوسرے نمبر پر یہود سے مخاصمہ کیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں یہود کے متعلق جو آیات وارد ہوئی ہیں وہ اسی موضوع کے تحت شمار کئے جانے کے لائق ہیں۔ یہود کی کلام اللہ میں تحریف کے بارے میں شاہ صاحب ابن عباس کے حوالے سے یہ نقطہ ءِ نظر اختیار کرتے ہیں کہ یہود اصل توراۃ میں نہیں بلکہ توراۃ کے ترجمہ وغیرہ میں تحریف کرتے تھے۔ کچھ الفاظ بدلے، کچھ چھپائے، انکا مذہبی تعصب، بدعملی،

رسالتِ محمدی سے انکار، اللہ رسول کی بے ادبی اور دیگر اخلاقی برائیاں انکا شیوہ تھیں جنکی شاہ صاحب ایک ایک کر کے وضاحت کرے ہیں۔قرآنی آیات کی روشنی میں ان موضوع کو اصولی حیثیت دے کر واضح کرتے ہیں۔شاہ صاحب یہود کی تحریف کی نشاندھی کرتے ہیں اوران کے تحریف کرنے کے اسباب کو بھی اجاگر کرتے ہیں، اور پھر حقیقتِ حال سے بھی آگاہ کرتے ہیں، مثلاً

''ازاں جملہ آں ست کہ فرق میاں متدین، کافر و فاسق جاحد در ہر ملتے بیان کردہ اند، وکافر راخلود نار وعذاب شدید اثبات نمودہ اند وفاسق راخروج از نار بشفاعت انبیاء درست کردہ اند ودر تقریر ایں معنیٰ در ہر ملتے اظہار نام متدین باٰں ملت کردہ اند۔ودر توراۃ یہودی وعبری راایں مزلت اثبات نمودہ اند ودر انجیل نصرانی رادریں مرتبہ داشتہ اند ودر قرآن عظیم مسلماناں راایں مزیت نہادہ اند ومناط حکم ایماں ست بخدا وروز آخرت انقیاد پیغامبری کہ برایشاں مبعوث باشد وعمل بشرائع ملت واجتناب از منہیات آں نہ خصوص ہیچ فرقہ لذاتہا۔پس یہود دانستند کہ ہر یہودی باشد یاعبری البتہ بہشتی خواہد بود شفاعت انبیاء واخلاص خواہد ساخت وجز چند روز دوزخ نخواہد ماند۔اگر چہ مناط حکم متحقق نہ شود بخدا بوجہے اوردہ باشد کہ صحیح نو بود واز ایماں باخرت وبرسالت پیغمبری مبعوث باشناں خطے ادراک نہ کردی باشد وایں خلط صرف است وجہل محض''(۳۵)

(اس کی ایک مثال یہ ہے کہ ہر مذہب میں فاسق و دیندار اور کافر و منکر کا باہمی فرق بتایا گیا ہے اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ کافروں پر بڑا سخت عذاب ہوگا اور وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں رہیں گے البتہ فاسقوں کے لئے یہ ممکن ہے کہ وہ انبیا کی شفاعت کے ذریعے عذاب سے نجات پالیں گے اس حقیقت کے اظہار کے لئے ہر مذہب نے ان لوگوں کے نام لئے ہیں جو اس دین کے ماننے والے تھے چنانچہ تورات میں یہ مرتبہ یہودی اور عبری کو بخشا گیا ہے اور انجیل میں نصرانی کو اور قرآن پاک میں مسلمان کو یہ شرف عطا ہوا ہے لیکن ان تمام کتابوں میں ان الفاظ سے صرف وہی لوگ مراد ہیں جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان

رکھتے ہوں اور اپنے پیغمبر کی اطاعت کرتے ہوں شریعت کے احکام پر عمل کرتے ہوں اور ممنوعات اور محرمات سے دور رہتے ہوں یہاں ان الفاظ اور اصطلاحات سے کوئی خاص فرقہ مراد نہیں ہے لیکن یہودیوں نے یہ سمجھ لیا کہ صرف یہودی اور عبری ہی جنت میں جائیں گے اور انبیا کی شفاعت صرف نہیں کو عذابِ جہنم سے نجات دلائے گی اور اگر وہ جہنم میں گئے بھی تو چند دنوں سے زیادہ وہ وہاں نہ رہیں گے، گو مدارِ حکم بھی موجود نہ ہو اگرچہ وہ خدا پر صحیح طور پر ایمان بھی نہ رکھتے ہوں اور آخرت اور رسالت پر انکا ایمان بھی نہ ہو۔ لیکن ان کا یہ سمجھنا محض جہالت اور حماقت ہے)۔

شاہ صاحب کے درج بالا بیان سے یہود کے بارے میں انکا نقطہءِ نظر واضح ہے، یعنی قرآن مجید یہود کی ایک دوسری خامی یہ بتاتا ہے کہ انہوں نے اللہ کی پسند و ناپسند کو اپنے نام یعنی یہودی ہونے اور نہ ہونے کے ساتھ مخصوص کر لیا تھا، جبکہ قرآن مجید اس تصور کی تردید کرتا ہے۔ کہ اللہ کی پسند و ناپسند انسانوں کے اعمال کے ساتھ وابستہ ہے نام کیساتھ نہیں۔ اسی طرح شاہ صاحب کے نزدیک قرآن مجید نے یہود کی مزید گمراہیوں کو تحریف (۳۶)، کتماں آیات (۳۷)، افتراء باللہ (۳۸)، مباہلہ (۳۹) کی شکل میں تفصیلاً یا اجمالاً بیان کیا ہے، انکے اعتراضات کی بے وقعتی کو واضح کیا گیا ہے اور پھر ان کے جوابات دئے گئے ہیں۔ شاہ صاحب اس کے بعد قرآن مجید کی روشنی میں رسالت کے حدود و فرائض پر روشنی ڈالتے ہیں شریعتوں کے اختلاف کی نوعیت واضح کرتے ہیں اور زمانہءِ حال میں یہودی علماء کے نمونے سے آگاہ کرتے ہیں۔

2.2 سید مودودی اہل کتاب کے ساتھ سلوک کے بارے میں ایک عنوان دعوت کے تیسرے مرحلے میں متعین کرتے ہیں۔ اہل کتاب کے ساتھ سلوک کا معاملہ ہجرت مدینہ کے بعد پیش آیا، جب مسلمانوں کو یہود کے ساتھ مناسب روش اختیار کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ یہ وضاحت کی گئی ہے کہ اختیارات یا تجارت وغیرہ انکا اجارہ نہیں ہے۔ سید صاحب کے بقول یہ بتایا گیا ہے کہ یہود کی ناراضگی کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔ ان کے صالح عنصر کا رویہ اس بات کا ثبوت ہے کہ علمائے یہود کی حق پوشی، ناجائز اعتراضات، اخلاقی برائیوں، حضرت محمد ﷺ کی تحقیر، کتمانِ حق، شرک، صدقات میں بدنیتی، جبت و طاغوت، التباسِ حق و باطل، اعترافِ حق میں بخل اور حسد و تعصب میں انکو تنبیہ ہے، اور سزا کا اعلان کیا گیا ہے۔ انکی ذمہ داریوں کا احساس دلایا گیا ہے اور بدترین انجام کی خبر دی ہے۔

سورہ المائدہ کے دیباچے میں سید صاحب لکھتے ہیں۔ ''یہود کا زور اب (صلح حدیبیہ کے قریبی زمانے میں) ٹوٹ چکا تھا اور شمالی عرب کی تمام یہودی بستیاں اب مسلمانوں کے زیرِ نگیں آ چکی تھیں۔ اس موقع پر انکو ایک بار پھر انکے غلط رویے پر متنبہ کیا گیا اور انہیں راہ راست پر آنے کی دعوت دی گئی ہے'' (۴۰)۔

اسی طرح آیت کی تشریحات کے دوران ان تمام امور کو وضح کرتے ہیں مثلاً

''وَلَوْ آمَنَ اَهْلَ الْكِتَابِ ... مُحِيْط'' (۴۱)

اگر اہلِ کتاب ایمان لے آتے تو ان کے لئے بہتر ہوتا۔ اس رکوع میں ان کے ایمان سے شروع کر کے ان کے اندر کے مختلف گروہوں اور ان کے مختلف رویّوں کی وضاحت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو ان سے برتاؤ کی ہدایات بھی دی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی حکمت اور فیصلوں کی خبر بھی دی ہے۔ اس آیت کے ضمن میں مولانا کی تشریح کا خلاصہ درج ذیل موضوعات سے سمجھا جا سکتا ہے

یہود کی سزا، انکی صدقات و خیرات کی حقیقت، منافق و یہود سے دوستی ناجائز، انکا اعتراض بے جا ہے، اہل کتاب کو آگاہی، کوئی انکا ولی نہ ہوگا، اصل توراۃ و انجیل پر ایمان کی دعوت، اہل کتاب کی خام خیالی (۴۲)

2.3 مولانا اصلاحی کے مطابق یہود کے صالحین و مفسدین کے رویوں کی وضاحت نبوت و رسالت گروپ میں کی گئی ہے۔ اسی گروپ میں یہود کو انکے رویہ پر تنبیہ اور مسلمانوں کو ان کے تکالیف دینے کے مقابلے میں صبر و ثبات کی تلقین کی گئی ہے اور مخالفین کے بالآخر پامال ہونے کی بشارت دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اصلاحی صاحب نے ملت ابراہیمی کی تاریخ اور اس کے اصول و فروع'' کے گروپ میں بھی یہود سے متعلق جن آیات کا تعین کیا ہے وہ شاہ صاحب کے علم المخاصمہ سے مطابقت رکھتی ہیں۔ اس میں تبلیغ اور زجر و توبیخ کے علاوہ جنگ اور جزیہ کے احکامات بھی بیان ہوئے ہیں۔ مثلاً سورہ النمل کے دیباچے میں لکھا ہے:

''اس سورہ میں ان (بنی اسرائیل) کے صالحین و مفسدین کا رویہ نسبتاً وضاحت سے زیر بحث آیا ہے۔ حضرت موسیٰ کی سرگذشت حضور ﷺ کو اس مقصد سے سنائی گئی ہے جس مقصد سے سورہ یوسف کہ اس آئینہ میں اچھی طرح دیکھ لیں۔۔۔ قریش پر واضح کیا ہے کہ اللہ نے حضرت موسیٰ کو فرعون اور اس کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا تھا۔ اسی طرح اس نے اس پیغمبر اور اس کتاب کو

تمہاری طرف بھیجا ہے۔ تاکہ تم پر اللہ کی ہدایت واضح ہو جائے، اور تمہارے پاس گمراہی پر جمے رہنے کے لئے کوئی عذر باقی نہ رہ جائے۔۔ بنی اسرائیل پر یہ حقیقت واضح فرمائی کہ اگر محمد اللہ کے رسول نہ ہوتے تو کس طرح ممکن تھا کہ حضرت موسیٰ کی زندگی کے ان گوشوں سے بھی واقف ہوتے جن سے تم بھی صحیح صحیح اور تفصیل کے ساتھ واقف نہیں ہو' (۴۳)

اسی طرح دیگر اختلافی امور اور یہود سے متعلقہ دیگر معاملات کے بارے میں مولانا اصلاحی نے تشریحات کی ہیں۔

3 مسیحیوں سے مخاصمہ:

3.1 شاہ صاحب اپنے رسالہ اصول تفسیر میں علم المخاصمہ کے تحت تیسرے گروہ یعنی عیسائیوں کے بارے میں قرآن مجید کے مضامین کو بیان کرتے ہیں۔ ان کے مطابق قرآن ان کے اشکالات کو بیان کر کے ان کو اصل حقیقت سے آگاہ کرتا ہے ۔مثلاً شاہ صاحب ان کے ابنیتِ مسیح کے اشکال کی توجیہ بیان کرتے ہیں (۴۴)۔ رفعِ عیسیٰ کے متعلق بھی ان کے غلط عقیدے کی وضاحت کی (۴۵)۔ فارقلیط (۴۶) کے غلط تعین کرنے کی نشاندہی کی۔

شاہ صاحب موجودہ زمانے میں عیسائیوں کے نمونوں کی نشاندھی کرتے ہیں، پھر بنیادی عقائد کے بارے میں انکی گمراہیاں اور غلط فہمیاں ذکر کر کے ان کی تردید کرتے ہیں اور آخر میں موجودہ زمانہ میں عوام الناس کو عیسائیوں کی سی روش سے بچنے کی تلقین کرتے ہیں مثلاً فرماتے ہیں

''اگر خواہی کہ نمونہ آں ازیں فریق ملاحظہ کنی امروز اولاد مشائخ واولیا را تماشا کن ۔ درحقِ آبائے چہ ظنون رند وتا کجا کشیدہ بردہ اندر (وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون)'' (۴۷)۔

(اگر آپ اس قوم کا صحیح نمونہ خود دیکھنا چاہتے ہوں تو گذشتہ دور کے بزرگوں اور اولیا اللہ حضرات کی اولاد کو ملاحظہ فرمائے اور دیکھئے کہ انہوں نے اپنے آباء کو کیا کیا مراتب نہیں دے رکھے اور حقیقت تو یہ ہے کہ وہ اپنے بزرگوں کو درحقیقت تو خدا نہیں کہتے مگر وہ ان میں جن صفات کو دعویٰ کرتے ہیں انہیں خدا سے پست

بھی نہیں ہونے دیتے)

قرآن مجید کی آیت کی روشنی میں شاہ صاحب موجودہ زمانہ میں امت محمدی کو عیسائیوں کی سی روش سے بچنے کی تلقین کرتے ہیں اور عملی مثالوں کے ذریعے سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔

3.2 سید مودودی تیسرے مرحلے میں نصاریٰ کے مضمون کی جگہ متعین کرتے ہیں۔ان کے طرز فکر کے مطابق قرآن میں نصاریٰ کو اصل انجیل پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے۔اہل کتاب سے تعلق کی نوعیت بیان کی گئی ہے۔انکے ساتھ قیام وطعام، نکاح اور ذبیحہ کے مسائل بیان کئے گئے ہیں۔

3.3 مولانا اصلاحی نبوت ورسالت گروپ میں ہی گذشتہ ابنیاء کے تذکروں کے ذریعے نصاریٰ کے بارے میں صحیح رویہ سے آگاہ کرتے ہیں اور عیسائیوں کے بارے میں وارد ہونے والی آیت سے مولانا ان سے برتاؤ کے لئے ہدایات اخذ کرتے ہیں۔ بالخصوص سورہ الفرقان کا عمود قرآن مجید کا دفاع ہے۔اس سلسلے میں نصاریٰ کے شبہات جو پیغمبر اور قرآن مجید کے خلاف اٹھائے گئے ہیں ان کی تردید کی گئی ہے۔اور اس سلسلے میں دلائل سے وضاحت کی گئی ہے۔

4 منافقین کے ساتھ مخاصمہ:

4.1 شاہ صاحب نے منافقین کے گروہ اور انکے عقائد کے بارے میں وضاحت کی ہے کہ قرآن مجید میں منافقین کے پیدا کئے گئے شبہات پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ان کے اعتراضات کے جوابات ذکر کئے گئے ہیں ۔شاہ صاحب نے عہدِ نبوی میں عملی اور اعتقادی نفاق کی نشاندہی کی ہے۔اعتقادی نفاق کے بارے میں اللہ تعالیٰ نبی کریم کو آگاہ فرما دیا کرتے مگر انکے خیال میں چونکہ اب قلبی معاملات تک رسائی ممکن نہیں اس لئے اس کا معاملہ وہ اللہ کے سپرد کرتے ہیں البتہ عملی نفاق کے حوالے سے عہد بنوی کے منافقین کے رویوں سے بھی مثالیں پیش کرتے ہیں شاہ صاحب نے منافقین کی مختلف اقسام ذکر کی ہیں (۴۸) اور عصرِ حاضر میں اس سے آگاہ ہونے کے لئے رہنمائی بھی کرتے ہیں۔احادیث کی روشنی میں بھی شاہ صاحب علاماتِ نفاق کی وضاحت کرتے ہیں۔شاہ صاحب نے نشاندہی کی ہے کہ منافقین کے شکوک وشبہات کی مختلف وجوہات تھیں اور غالب وجہ یہ تھی کہ بحثیتِ بشر ایک نبی کو عام انسانوں سے بالاتر سمجھنا ان کے لئے مشکل ہو رہا تھا کیونکہ رسول اللہ ﷺ اس کے ساتھ ساتھ فرمانروا بھی تھے (۴۹)۔لہٰذا ان کی مادی اغراض ان کے درست فہم کے راستے میں حارج ہو رہی تھیں۔اس پس منظر کو واضح کرتے ہوئے انکا مقصد موجودہ زمانے میں منافقین کے نمونوں سے آگاہ کرنا ہے اور وہ واضح کرتے ہیں کہ اس

باب میں اہل ایمان کو ان سے برتاؤ کے لئے صحیح رویہ کی ہدایت دی گئی ہیں۔اس مقصد کے لئے شاہ صاحب نفاق کے اسباب اور اقسام کی وضاحت کرتے ہوئے اس سلسلے میں ہمارے لئے ہمارے فریضے کی وضاحت کرتے ہیں:

4.2 سید مودودی کی فکر کے مطابق منافقین سے متعلق جو ہدایت نازل ہوئی ہیں ان میں منافقانہ تصور اسلام کی نفی کی گئی ہے۔اہل ایمان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مومن و منافق میں تمیز کریں۔ان کی منافقانہ روش کی پردہ دری کی گئی ہے۔پھر غیر اللہ کی بندگی کو منافقت کا ثبوت قرار دیا گیا ہے۔صحیح اسلام کی تعریف یہ بتائی کہ اسلام پر ہر رشتہ کو ترجیح نہ دینا منافقت ہے۔اس کے علاوہ اس امر کی بھی وضاحت ملتی ہے کو جو منافقین اپنے سازشی عزائم کو خفیہ بھی نہ رکھیں اور علی الاعلان نقصان پہنچانے پر اتر آئیں ان کے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے۔گویا محارب منافقین کے ساتھ معاملہ کے لئے ہدایت دی گئی ہیں۔پھر منافقین کے بارے میں قانونی مسائل کی وضاحت کی گئی ہے۔منافقین کی نفسی کیفیت کی تصویر کشی کی گئی ہے۔اس کے علاوہ منافقین کی گمراہی کے اسباب بھی بیان کئے گئے ہیں۔منافقت کو پہچاننے کی علامات بھی ذکر کی گئی ہیں اور فتح یا ناکامی کی صورتوں کی وضاحت کی گئی ہے۔منافقین کی ظاہری بھلائیوں کی قلعی کھولی گئی ہے۔منافقت کا انجام بھی بیان کیا گیا ہے اور دنیا میں منافق سے برتاؤ کے لئے ہدایات بھی دی گئی ہیں۔یہ موضوع سید صاحب نے تحریک کے تیسرے مرحلے میں متعین کیا ہے، مثلاً سورہ النساء کے دیباچے میں لکھتے ہیں:

> ''منافقین کے مختلف گروہ مختلف طرزِ عمل رکھتے تھے۔اور مسلمانوں کے لئے یہ فیصلہ کرنا مشکل تھا کہ کس قسم کے منافقوں سے کس قسم کا معاملہ کریں۔ان سب کو الگ الگ طبقوں میں تقسیم کر کے ہر طبقہ کے منافقوں کے متعلق بتادیا گیا کہ ان کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا جانا چاہئے''(۵۰)۔

منافقین سے متعلقہ آیات کے ضمن میں مولانا کی تشریحات سے انکا طرز فکر بخوبی سامنے آجاتا ہے خوف طوالت کے باعث مولانا کی تشریحات کی طرف ممکنہ موضوع سے اشارہ کیا جائے گا مثلاً:

> ''اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ ... الشّٰکِرِیْنَ''(۵۱)۔
>
> تو کیا وہ وفات پا گئے یا قتل کردئے گئے تو تم پیٹھ پیچھے پھیر جاؤ گے۔جو پیٹھ پیچھے پھر جائے گا وہ اللہ کا کچھ نہیں بگاڑے گا اور اللہ شکر گزاروں کو صلہ عطاء فرمائے گا۔
>
> اس مضمون کی وضاحت سید صاحب نے منافقانہ تصور اسلام کی

تردید(۵۲) کےعنوان سے کی ہے۔یعنی اگرلوگ محض محمدﷺ کی موجودگی کی وجہ سےاس تحریک میں شمولیت گوارا کرتے ہیں توایسا اسلام بے وقعت ہے۔

4.3 مولانا اصلاحی کے نقطہءنظر سے نبوت و رسالت گروپ میں ہی منافقین کے بارے میں وضاحت کی گئی ہے۔بعض مقامات پر بالخصوص سورہ احزاب میں واضح احکام ہیں۔جبکہ منافقین ومنافقات نے بعض مفاسد کی قرآنی اصلاحات کا بہانہ بنا کر؛ جوکہ عرب معاشرہ میں عام تھے،اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ کی مہم چلارکھی تھی۔اس گروپ میں منافقین کے پھیلائے ہوئے فتنوں کی طرف اشارات والی آیات بھی شامل ہیں۔منافقین کی خصوصیت کوآیات کی تشریحات کےضمن میں بیان کیا گیاہے۔پھران پر تفصیلی تبصرہ کے بعد آیات قرآنی کی رو سے ان کے بارے میں حتمی فیصلہ ذکرکیا گیاہے؛ کہ انکا محاسبہ کیا جائے۔مولانا اصلاحی اس پہلوکو بالکل واضح انداز میں بیان کرتے ہیں کہ قرآن نے ان کے سامنے دوراہیں کھلی رکھی ہیں یاتو اخلاص عقیدہ وعمل اختیارکریں،یا پھرجس کے ساتھ قلبی طور پر وابستہ ہیں ان کے ساتھ ان کے انجام میں شریک ہوجائیں۔اس کے علاوہ شریعت گروپ کی سورہ النساء میں بھی منافقین کا تفصیلی تذکرہ ہے۔انکی پہچان کرانے کے لئے ہدایت اوراشارات دئے گئے ہیں۔

شاہ صاحب نے اپنے رسالہ اصول تفسیر میں یہود،عیسائی،مشرکین اور منافقین کے بارے میں جوکچھ لکھا وہ بنیادی باتیں قرآن مجید کے حوالے سے بیان کی ہیں۔ان کےفہم کے مطابق دیگرگمراہ فرقوں سے مخاصمہ کی صورت یہ ہے جوانہوں نے بیان کی۔البتہ ایک نقطہ جوشاہ صاحب نے خصوصاً بیان کیااور بہت اہمیت کا حامل ہے،وہ یہ ہے کہ ؛جس طرح وہ منافقین کے معاملے میں زمانہءِحال میں امتِ مسلمہ کے لئے لائحہ عمل مرتب کرتے ہیں اوردورنبوی کے منافقین کے بارے میں نازل ہونے والی آیات کا اطلاق آج کے منافقین پرکرتے ہیں اسی طرح سیدمودودی بھی قرآن میں یہ آفاقیت اورعالمگیریت تلاش کرتے ہیں۔سیدمودودی کے ہاں یہ چیزنمایاں ہے کہ وہ گمراہ فرقوں کی تردیداورانکے عقائد کے بارے میں محض استدلال ہی نہیں کرتے بلکہ انکو مقابل گروہ کےطور پرخصوصی اہمیت دیتے ہیں،کیونکہ یہ ان کے نزدیک قرآن کے بنیادی مقصد کا تقاضا ہے۔دور حاضر کے منکرین کی الجھنوں کے حل بھی نہایت وضاحت سے پیش کرتے ہیں تاکہ کوئی حجت باقی نہ رہے۔مولانا اصلاحی صاحب نے بھی بنیادی تعلیم کو بیان کیاہے،مگران مشترک پہلوؤں کےعلاوہ ان کے ہاں ایک منفرد پہلو یہ ہے کہ مولانا اصلاحی نے مشرکین کی گمراہیاں ،گمراہیوں کی تردید،گمراہیوں کے اسباب اورنتائج بیان کرنے کے علاوہ ان کی موجودہ اخلاقی حالت بیان کی ہے اوراس کونمایاں انداز میں پیش کیاہے۔مولانا دین ابراہیمی کی وضاحت میں شاہ صاحب سے مماثلت رکھتے ہیں۔

درج بالا موضوعات پر ان مفسرین کے اندازِ بیان سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ یہ تفاسیر عصر حاضر میں معاشرتی معاملات کے لئے راہنمائی بھی فراہم کرتی ہیں اور قرآن مجید کی جامعیت سے بھی روشناس کراتے ہوئے درست فہم سے بھی آگاہ کرتی ہیں۔ مخاصمہ کے قرآنی منہج کی جو وضاحت یہ تفاسیر مہیا کرتی ہیں ان سے خصوصاً ''محاورہ اور مکالمہ'' کے تناظر میں اہل کتاب اور دیگر فرقوں سے معاملات کے لئے قرآن مجید کی ہدایات کے کئی نئے رخ سامنے آئیں گے۔ مثال کے طور پر نظریاتی اعتبار سے قرآن مجید کا سب سے زیادہ بعد مشرکین سے ہے، مگر مکالمہ میں ان کے بھی جذبات کو مجروح نہیں کیا بلکہ عقل کو اپیل کیا ہے یعنی کہ تنقید عقلی بنیاد پر کی جائے نہ کہ الزامی بنیاد پر۔ جیسا کہ ارشاد ہے

''وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ''(۵۳)

اور (اے ایمان والو) یہ لوگ اللہ کے سوا جن کو پکارتے ہیں انہیں گالیاں نہ دو کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ شرک سے آگے بڑھ کر جہالت کی وجہ سے اللہ کو گالیاں دینے لگیں۔

ایک طرف یہ وسعت نظری ہے۔ اسی طرح اہل کتاب کو کہا گیا

''قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰه''(۵۴)۔

آپ ﷺ فرما دیجئے کہ اے اہلِ کتاب ایک ایسی بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیاں مشترک ہے وہ یہ کہ ہم اللہ واحد کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں۔

مگر اصولی اور نظریاتی بنیادوں پر کوئی فرق نہ کرنے کی واضح ہدایات ہیں۔ جیسا کہ یہود، نصاریٰ اور مشرکین اپنے نظریات و اعمال کی درستی کی دلیل کے لئے حضرت ابراہیمؑ کا حوالہ استعمال کرتے تھے تو نہایت واضح انداز میں فرما دیا گیا

بالعموم اس ''آفاقی تہذیب'' کی اصطلاح کا مطلب یہ ہے کہ تمام تر بنی نوع انسان تہذیبی طور پر ایک دوسرے کے قریب ہیں۔ پوری دنیا میں اقوام ایک جیسی اقدار، ایک جیسی رسومات، ایک جیسے خیالات وعقائد، ایک جیسے اداروں گویا ایک ہی تہذیب کو قبول کرتے ہیں۔ مشرق ومغرب میں، شمال وجنوب میں ایک ہی ثقافت رائج ہے۔ ایک جیسی اشیائے صرف، ذرائع ابلاغ ومواصلات اختیار کیے جا رہے ہیں۔ ایک آفاقی زبان، ایک آفاقی مذہب کے رجحانات ابھر رہے ہیں یعنی آفاقی تہذیب کا تصور نہ صرف ایک عالمی نظام بلکہ ایک عالمی تہذیب کا تصور ہے لیکن تہذیبوں کی تاریخ بھی اور موجودہ دنیا کی صورتحال بھی اس بات کا جواب نفی میں دیتی ہے۔ مثلاً زبان کے مسئلے ہی کو لیجیے۔ یہ تو ٹھیک ہے کہ غالب تہذیب کی زبان بھی پوری دنیا میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ افہام وتفہیم کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ مختلف لسانی اور تہذیبی گروہوں کے افراد باہم رابطے کے لیے اسے استعمال کرتے ہیں گویا یہ زبان ابلاغ کا اہم وسیلہ بن جاتی ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ دوسری تہذیبوں کی زبانیں اپنا وجود ہی کھو بیٹھتی ہیں۔ چنانچہ آج انگریزی کے ساتھ ساتھ اُردو، فارسی، عربی، فرانسیسی عام بولی جاتی ہیں بالخصوص اُردو، فارسی، عربی اور مینڈارین زبانیں تو باقاعدہ مسلم اور چینی تہذیب کو سامنے لاتی ہیں، یہی صورتحال مذہب کی ہے۔ بڑی بڑی تہذیبوں کی بنیاد ہی عظیم مذاہب پر ہے۔ مختلف مذاہب اور ان سے وابستہ تہذیبیں ہمیشہ سے موجود رہی ہیں اور موجود ہیں۔ آج جتنی شدت سے عیسائیت اور مغربیت اُبھر کر سامنے آتی ہے اتنے ہی شدت سے اسلام اور اسلامیت اُبھر کر سامنے آتی ہے۔...... اسی طرح ہندومت بھی موجود ہے، بدھ مت بھی اور ان سے وابستہ تہذیبیں بھی۔ جہاں تک بعض مشترک اقدار کا تعلق ہے مثلاً 'جذبۂ آزادی' تو یہ ہر تہذیب بلکہ فطرتِ انسانی کا خاصا ہے۔ اگر تاریخ میں کچھ اقدار انسانوں میں مشترک رہی ہیں یا ہیں تو اس سے انسان کے چند فطری یا محدود درو‌یوں کی عکاسی تو ہوتی ہے پوری تہذیبی شناخت ممکن نہیں۔ اسی طرح مغربی جدیدیت کے تحت اُبھرنے والی اشیائے جدید، صنعتیں، ذرائع ابلاغ، مواصلات غرض پوری دنیا میں جدیدیت اختیار کی جا رہی ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کوئی قوم یہ مغربی جدیدیت اختیار کرنے کی وجہ سے اپنی اقدار سے بھی محروم ہو رہی ہے۔ اقدار کو قائم رکھتے ہوئے بھی جدید بنا جا سکتا ہے بالفاظِ دیگر اپنی تہذیب کے بنیادی مزاج کو قائم رکھتے ہوئے دوسری تہذیبوں کی مثبت اقدار کو قبول کیا جا سکتا ہے۔ جمال الدین افغانی، سرسیّد اور اقبال کا مشن یہی تو تھا کہ اپنی اقدار قائم رکھتے ہوئے اسلام کی تشکیلِ جدید کی جائے۔ جاپان اور چین جدید ہونے کے باوجود اپنی اقدار قائم رکھے ہوئے

ہیں۔ آج اگرچہ مغربی تہذیب دنیا کی سب سے بڑی طاقت ہے لیکن کیا اس قوت، شان وشوکت اور پھیلاؤ کا مطلب یہ ہے کہ مغربی تہذیب عالمگیر تہذیب کے طور پر رائج ہوگئی ہے یا ہورہی ہے۔ اس نظریے پر خود بعض مغربی مفکرین نے بھی تنقید کی ہے۔(۹)

مندرجہ بالا سطور میں زبان، مذہب، مشترک اقدار اور جدیدیت کے حوالے سے یہ بحث کی جاسکتی ہے کہ آج اگرچہ مغربی تہذیب اپنے پورے جوبن پر ہے تاہم دوسری تہذیبیں بھی (مثلاً اسلامی، چینی وغیرہ) اس کے ساتھ موجود ہیں اور اپنا احیاء واثبات کرنے میں مصروف ہیں۔ اس بحث میں سب سے اہم مغربی جدیدیت ہے۔ عموماً دلیل یہ دی جاتی ہے کہ جیسے جیسے مختلف معاشرے تعلیم، دولت، سیاست، جمہوریت، اشیائے صرف اور طبقاتی ڈھانچے مغرب سے ملتے جلتے اختیار کرتے جائیں گے مغربی تہذیب آفاقی تہذیب بنتی جائے گی۔ لیکن یہ لازمی امر نہیں ہے کہ جدیدیت کا لازمی نتیجہ مغربی تہذیب ہی ہو۔ ابن انشاء کا وہ بلیغ فقرہ یاد کیجیے جو انہوں نے ''ابن بطوطہ کے تعاقب میں'' لکھا تھا کہ:

> ''جاپان تو جدید ہے لیکن جاپانی اتنے جدید نہیں۔ ان کا طرزِ فکر وہی ہے کہ جو تھا، سلام و طعام، نشست و برخاست سب میں سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود ہیں۔''(۱۰)

چین میں یہ نعرہ لگایا گیا کہ ''بنیادی اصولوں کے لیے چینی علوم عملی استعمال کے لیے مغربی علوم''، جاپان میں یہ نعرہ لگایا گیا ''جاپانی روح اور مغربی ٹیکنیک''، مصر میں ۱۸۳۰ء میں محمد علی نے ''ضرورت سے زیادہ ثقافتی مغربیت کے بغیر تکنیکی جدت لانے کی کوشش کی۔''(۱۱) صرف یہی نہیں بلکہ اپنے افکار و خیالات کی جدید تشکیل بھی کی جاسکتی ہے۔ بعض فرسودہ خیالات کو بدل کر نئے مغربی خیالات، وہ خیالات جو تہذیب کی بنیادی روح کو مجروح نہ کریں، لائے جاسکتے ہیں۔ بالفاظِ دیگر اپنی تہذیب کے بنیادی مزاج، اصولوں اور خیالات کو قائم رکھتے ہوئے کسی جدید تہذیب سے یا مغربی تہذیب سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ چنانچہ اقبال نے تو خطبات پر مبنی اپنی کتاب کا نام ہی یہ رکھا ''تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ''۔ مختصر یہ کہ جدیدیت کا مطلب لازمی طور پر مغربیت نہیں۔ مکمل طور پر مغربی ثقافت اور مکمل طور پر مغربی اقدار، اداروں اور رواج کو اپنائے بغیر اور اپنی ثقافت کو ترک کیے بغیر بھی جدید بنا جاسکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جدیدیت اور مغربیت میں فرق ہے۔ بقول آلِ احمد سرور:

> ''جدید کاری (Modernization) اور مغربیت (Westernization) میں

فرق ہے۔مغربیت کے معنی یہ ہیں کہ مغرب کے ذہن کی تقلید کریں اور ترقی کا جو راستہ مغرب نے اختیار کیا ہے اس پر آنکھیں بند کر کے چلتے رہیں۔مغربیت میں مغربی ماڈل کو بجنسہٖ اختیار کرنے کا معاملہ ہے۔ بیرونی اداروں کو اپنے گھر میں حکمران بنانے کا معاملہ ہے۔گویا ایک ادارے کو جو ایک تحریک، تہذیب اور فضا رکھتی ہے اور خاص دھرتی اور آسمان سے آگاہ ہے ایک اجنبی فضا اور ماحول میں سامان کی طرح منتقل کرنے کا معاملہ ہے مگر جدیدکاری میں مسئلہ تبادلے کا نہیں قلب ماہیئت کا ہے۔ٹرانسفر (Transfer) کا نہیں ٹرانسفرمیشن (Transformation) کا ہے دوسروں کے ادارے بجنسہٖ نہیں لیے جاسکتے۔سماجی ادارے ماحول کے مطابق ہی ڈھالے جاسکتے ہیں''۔(۱۲)

ڈاکٹر جاوید اقبال نے بھی اسی حوالے سے بڑی متوازن بات کی ہے:

''جدیدیت معاشرتی زندگی کے بدلتے ہوئے تقاضوں کی قبولیت کا عمل ہے جبکہ مغربیت یا مغرب زدگی ایک غیر ملکی کلچر کو اپنی زندگی پر حاوی کرنے کا نام ہے۔اپنی روایات اور اقدار کے ساتھ وابستہ رہتے ہوئے تبدیلی یا جدیدیت کو قبول کیا جاسکتا ہے۔''(۱۳)

گویا مغربیت یہ ہے کہ مغربی تہذیب اور مغربی اقدار کو جوں کا توں قبول کرلیا جائے یعنی اندھی تقلید اور جدیدیت یہ ہے کہ اپنی بنیادی اقدار بھی قائم رہیں اور مغربی تہذیب کے زندہ اجزاء بھی جذب کر لیے جائیں۔ یہ نظریۂ عاریت (Borrowing Theory) ہے۔جس میں تہذیبیں دوسری تہذیبوں سے چیزیں مستعار لیتی ہیں اور ان کو ڈھال کر، بدل کر، جذب کر کے اپنی تہذیب کی اساسی اقدار کو مستحکم کرتی ہیں اور ادوسری تہذیبوں کی بقا کی ضمانت دیتی ہیں۔(۱۴)

آفاقی تہذیب کا تصور مغربی تہذیب کا پیدا کردہ ہے۔انیسویں صدی میں یورپ کے نوآبادیاتی سامراج کے تصور ''سفید آدمی کا بوجھ'' نے استعماری فتوحات اور سیاسی و معاشی غلبے کی توسیع کا جواز فراہم کیا۔ بیسویں صدی میں امریکی سرمایہ داری نے لبرل ازم، جمہوریت اور ٹیکنالوجی کے نام پر اس ''مشن'' کو آگے بڑھایا اور اب عہد جدید میں ایک عالمی نظام یا عالمی تہذیب کا تصور مغربی تہذیبی بالادستی کا جواز فراہم کر رہا

ہے۔تہذیبی آفاقیت دوسری تہذیبوں، دوسرے معاشروں اور دوسرے ملکوں پر اپنا تسلط قائم کرنے کے لیے مغرب کا نظریہ ہے۔ انیسویں صدی میں جب کپلنگ (Kipling) نے ''White man's Burden'' کی اصطلاح استعمال کی تھی (۱۵) اس وقت بھی تیسری دنیا پر حکومت کے لیے مغربی سامراج کی راہوں کو ہموار کرنا مقصود تھا۔ آج جب فوکویاما (Fukuyama) ''تاریخ کے خاتمے'' (۱۶) کی بات کرتا ہے تو اس کا مقصد بھی مغربی سامراج کی راہوں کو ہموار کرنا ہے۔ ہنٹنگٹن بھی لکھتا ہے:

> ''سامراجیت آفاقیت کا لازمی و منطقی نتیجہ ہے۔ یہ عمل صرف مغربی طاقت کی توسیع، اطلاق اور اثرات کے نتیجے میں ہوگا''، ''آفاقی تہذیب کا تصور مغربی تہذیب کا مخصوص کرشمہ ہے۔ انیسویں صدی میں ''سفید فام آدمی کا بوجھ'' کے تصور نے غیر مغربی معاشروں پر مغرب کے سیاسی اور معاشی غلبے کا جواز فراہم کیا۔ بیسویں صدی کے اختتام پر آفاقی تہذیب کا تصور دوسرے سماجوں پر مغربی ثقافتی بالادستی اور ان سماجوں کے مغربی رواجوں اور اداروں کی نقالی کرنے کی ضرورت کا جواز فراہم کر رہا ہے۔
>
> آفاقیت غیر مغربی تہذیبوں سے محاذ آرائی کے لیے مغرب کا نظریہ ہے۔'' (۱۷)

مندرجہ بالا بحث سے ثابت ہوتا ہے کہ مغرب کا آفاقی تہذیب کا تصور حقیقت پر مبنی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ آفاقی تہذیب کا یہ جبری تصور مغرب کا سامراجی تصور ہے اور اسی ''تہذیبی مشن'' کا حصہ ہے جو مغرب نے نوآبادیاتی نظام کو مستحکم کرنے کے لیے وضع کیا۔ آفاقی تہذیب کا یہ تصور انسانی اور تہذیبی نفسیات کے خلاف ہے کیونکہ ہر تہذیب اپنا اثبات چاہتی ہے۔ عالم انسانیت جس میں بیک وقت کئی تہذیبیں موجود ہوں، اس کی تہذیبی، تاریخی، سیاسی، نفسیاتی، معاشی ضروریات آفاقی تہذیب کے اس تصور پر پوری نہیں اتر سکتیں جو مغرب کے فاشسٹ اقتدار کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ البتہ کثیر تہذیبی دنیا کو ایسی آفاقی اور عالمگیر تہذیب کی ضرورت ضرور ہے جو تہذیبی تکثیریت کو برقرار رکھتے ہوئے تمام تہذیبوں کو ایک رشتۂ اخوت میں پرو دے۔ مغربی تہذیب کے ''تہذیبی مشن'' اور ''ملوکانہ نفسیات'' کو مدنظر رکھا جائے تو یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ مغربی تہذیب، مغربی لبرل جمہوریت اور آزاد تجارت ہی دنیا کی نجات کا واحد راستہ ہے؟ اقبال کے نزدیک تو یہ ''سرمایہ داروں کی جنگِ زرگری'' ہے۔ لبرل جمہوریت ''نیلم پری'' کے روپ میں ایک ''دیو استبداد'' ہے جس کا ''چہرہ روشن اندروں چنگیز سے تاریک تر'' ہے۔ اخلاقی اقدار کے فقدان اور سامراجیت کی وجہ سے

مغربی سائنس کی ترقی اور لبرل جمہوریت اجتماعی فلاح و بہبود کی بجائے ''ملوکانہ اغراض'' ''حکمتِ فرعونی'' اور ''حکمتِ اربابِ کیں'' کا نمونہ بن کر رہ گئی ہے۔

حکمتِ اربابِ کیں مکر است وفن　　　　مکر وفن؟ تخریبِ جاں، تعمیرِ تن

(کلیاتِ اقبال فارسی، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۷۵ء، ص ۸۱۱)

تو نے کیا دیکھا نہیں مغرب کا جمہوری نظام　　　　چہرہ روشن اندروں چنگیز سے تاریک تر
دیوا استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب　　　　تو سمجھتا ہے یہ آزادی کی ہے نیلم پری
نظر کو خیرہ کرتی ہے چمک تہذیبِ حاضر کی　　　　یہ صناعی مگر جھوٹے نگوں کی ریزہ کاری ہے

(کلیاتِ اقبال اُردو، اقبال اکیڈمی پاکستان، لاہور، ۱۹۹۵ء، ص ۲۹۰، ۳۰۵، ۷۰۴)

چنانچہ نئے عالمی نظام کے ذریعے پسماندہ ممالک کو جمہوری، مہذب اور ترقی یافتہ بنانے کی جو تکرار موجودہ امریکی صدر کے بیانات میں، فوکو یاما کے ''تاریخ کے خاتمے'' میں اور ہنٹنگٹن کے ''تہذیبی تصادم'' میں ملتی ہے اس کو سمجھنے کے لیے مغرب کے اس سامراجی اور نوآبادیاتی ''تہذیبی مشن'' کو مدنظر رکھنا ضروری ہے جس کے پس منظر میں کپلنگ کا نظریہ ''سفید آدمی کا بوجھ'' کارفرما ہے۔ اس ''ملوکانہ نفسیات'' اور ''تہذیبی مشن'' کے تحت یہ عزائم اور یہ بیانات سراسر فریب کی حیثیت رکھتے ہیں اور سامراجی استعمار کا وسیلہ ہیں۔

نسل ، قومیت ، کلیسا ، سلطنت ، تہذیب ، رنگ
خواجگی نے خوب چن چن کر بنائے مسکرات

(کلیاتِ اقبال اُردو، ص ۲۶۲)

اقبال نہ صرف جدید تاریخ کے رجحانات سے واقف تھے بلکہ مستقبل کے اُفق پر اُبھرنے والی استعماری آہٹوں کو بھی محسوس کر رہے تھے۔ اقبال نے یکم جنوری ۱۹۳۸ء میں اپنی ریڈیائی تقریر میں سالِ نو کے موقع پر جو پیغام دیا تھا اگر اس کو آج کے حالات و واقعات اور عالمی تناظر میں رکھ کر دیکھا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ اقبال موجودہ دنیا کا نقشہ پیش کر رہے ہیں:

> ''دورِ حاضر کو علومِ عقلیہ اور سائنس کی عدیم المثال ترقی پر بڑا فخر ہے اور یہ فخر یقیناً حق بجانب ہے...... لیکن تمام ترقی کے باوجود اس زمانے میں ملوکیت کے جبر و استبداد نے جمہوریت، قومیت، اشتراکیت، فسطائیت اور نجانے کیا کیا نقاب اوڑھ رکھے ہیں۔ ان

نقابوں کی آڑ میں دنیا بھر میں حریت اور شرفِ انسانیت کی ایسی مٹی پلید ہو رہی ہے کہ تاریخ عالم کا کوئی تاریک سے تاریک صفحہ بھی اس کی مثال پیش نہیں کرسکتا۔ جن نام نہاد مدبروں کو انسانوں کی قیادت اور حکومت سپرد کی گئی تھی وہ سفا کی اور خوں ریزی کے دیوتا ثابت ہوئے...... انہوں نے ملوکیت و استعمار کے جوش میں لاکھوں کروڑوں مظلوم بندگانِ خدا کو ہلاک و پامال کر ڈالا...... کمزور قوموں پر تسلط حاصل کرنے کے بعد ان کے مذہب، ان کی معاشرتی روایات، ان کے ادب اور ان کے اموال پر دستِ تطاول دراز کیا...... لاکھوں انسان بے دردی سے موت کے گھاٹ اُتارے جا رہے ہیں......اور جو حکومتیں فی الحال آگ اور خون کے اس تماشے میں عملاً شریک نہیں ہیں وہ اقتصادی میدانوں میں خون کے آخری قطرے تک چوس رہی ہیں......تمام دنیا کے اربابِ فکر دم بخود سوچ رہے ہیں کہ تہذیب وتمدن کے اس عروج اور انسانی ترقی کے کمال کا انجام یہی ہونا تھا؟......'' (۱۸)

اقبال کی اس تقریر میں ہمارے عہد کی روح بولتی ہوئی محسوس ہوتی ہے اور آج مغرب کی نام نہاد تہذیب یافتہ اقوام پسماندہ اقوام کے ساتھ جس وحشت و بربریت کا سلوک کر رہی ہیں وہ اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ عصر حاضر کی ''تہذیب یافتہ'' اقوام نے حال ہی میں فلسطین، کشمیر، بوسنیا، افغانستان، عراق اور لبنان میں جس بہیمیت کا مظاہرہ کیا ہے وہ اقوام عالم کے سامنے ہے۔ اقبال نے مثنوی ''پس چہ باید کرد اے اقوام شرق'' میں بھی مغرب کے سامراجی جمہوری اور عالمی نظام پر کڑی تنقید کی ہے جو عہدِ حاضر کے عین مطابق ہے:

زندگی ہنگامہ برچید از فرنگ   آدمیت زار نالید از فرنگ
چشم او بے نم، دل او سنگ و خشت   عقل و فکرش بے عیارِ خوب و زشت
جبرئیل از صحبتش ابلیس گشت   علم از و رسوا ست اندر شہر و دشت
برّہ را کرد است بر گرگاں حلال   شرعِ یورپ بے نزاعِ قیل و قال

(کلیاتِ اقبال فارسی، ص ۷۱۳ تا ۷۱۵)

آج مغرب امریکہ کی رہنمائی میں جس آفاقی تہذیب کی بات کرتا ہے اس کی بنیاد استحصال اور قتل وغارت پر ہے۔ اقبال کے مندرجہ بالا اشعار اور مندرجہ بالا تقریر کے اقتباس کو ذہن میں رکھ کر سارتر کے یہ

جملے پڑھے جائیں تو یہ گمان گزرنے لگتا ہے کہ مغربی استعمار اور آفاقیت کے حوالے سے سارتر اقبال کی فکر کو آگے بڑھا رہا ہے۔

> ''اے یورپ سے بھی بڑھ کر وحشی شمالی امریکہ، بول! آزادی، مساوات، انسانی برادری، محبت، وقار، حب الوطنی، تیرے پاس اور کیا ہے؟......نسل انسانی کے تصور میں آفاقیت کا ایک مجرد مفروضہ ہمارے ہاتھ لگا جو ہمارے حقیقی اعمال پر پردہ ڈالتا ہے...... غور سے دیکھیے تو آپ کو ایک قدر بھی ایسی نظر نہ آئے گی جو خون آلودہ نہ ہو۔'' (۱۹)

عالمگیریت پر مبنی اس سامراجی نظریے کا سب سے زیادہ شدید حملہ جدید دنیائے اسلام پر ہوا ہے۔ مثلاً ڈینیل پائپس (Daniel Pipes) لکھتا ہے:

> ''معاشرتی و اخلاقی معیار کے فقدان سے بچنے کے لیے مسلمانوں کے پاس صرف ایک ہی راستہ ہے۔ جدیدیت کے لیے مغربیت کی ضرورت ہے......اسلام جدید بننے کے لیے کوئی متبادل طریقہ فراہم نہیں کرتا۔ سیکولرازم سے گریز ممکن نہیں۔ جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کے لیے اس فکری عمل کی ضرورت ہوتی ہے جو ان کے ساتھ چلتا ہے۔ یہی بات سیاسی اداروں کے معاملے میں بھی ہے۔ چونکہ صورت کے ساتھ مواد کی نقل بھی لازمی ہے اس لیے مغربی تہذیب سے سیکھنے کے لیے اس کی بالادستی کو تسلیم کرنا ضروری ہے۔ یورپی زبانوں اور مغربی تعلیمی اداروں کے بغیر گزارہ نہیں۔ خواہ مؤخرالذکر آزادئ خیال اور بے فکر زندگی کی حوصلہ افزائی کریں۔ مسلمان فقط اسی صورت میں تکنیکی ترقی کر سکتے ہیں اور آگے بڑھ سکتے ہیں جب وہ کھل کر مغربی ماڈل اپنا لیں۔'' (۲۰)

یہ بحث کی جا چکی ہے کہ مغرب سے سیکھنے کے لیے مغربی تہذیب کی مکمل نقالی کی ضرورت نہیں اور اسلام جدیدیت سے متصادم نہیں ہے۔ مکمل نقالی کی بجائے اپنی بنیادی اقدار کو قائم رکھتے ہوئے مغرب سے استفادہ کیا جا سکتا ہے اس لیے مغرب کا آفاقی تہذیب کا تصور گمراہ کن اور استعماری خواہشات پر مبنی ہے۔ مغرب کی لبرل جمہوریت خون آلود ہے۔ آفاقی تہذیب کا تصور ''نظریاتی استعمار'' ہے جو بقول علی شریعتی استعمار کی سب سے بھیانک شکل ہے (۲۱) یا بقول فینن ''انسانیت کا غیر خونی قتلِ عام'' (۲۲) یہی وجہ ہے کہ اقبال نے

مغرب کی اندھی تقلید پر نہایت سختی سے تنقید کی ہے۔

اقبال مغربی تہذیب کے آفاقی دعووں کے برعکس اسلام کے ایسے آفاقی دعووں کی طرف توجہ دلاتے ہیں۔اس لیے کہ اقبال کے نزدیک اسلام اپنی ماہیت میں نہ تو کوئی قومی مذہب ہے نہ نسلی وموروثی بلکہ یہ خالصتاً ایسا دین ہے جس کی بنیاد انسانی ہے۔ایک تہذیب کی حیثیت سے اس کی کوئی جغرافیائی حیثیت، زبان، رنگ یا معاشرت نہیں۔اسلام میں سب انسان برابر ہے۔اسلام انسانی مساوات، اخوت اور حریت کی بنیادوں پر قائم ہے۔اسلام ہی وہ دین ہے جس کا ''مقصد باوجود تمام فطری امتیازات کے عالم بشریت کو متحد و منظّم کرنا ہے۔'' (۲۳)

> ''بنی نوع انسان کی اقوام کو باوجود شعوب وقبائل اور الوان والسنہ کے اختلافات کو تسلیم کرنے کے ان تمام آلودگیوں سے منزہ کیا جائے جو زمان، مکان، وطن، قوم، نسل، نسب، ملک وغیرہ کے ناموں سے موسوم کی جاتی ہیں اور اس طرح اس پیکر خاکی کو وہ ملکوتی تخیل عطا کیا جائے جو اپنے وقت کے ہر لحظہ میں ابدیت سے ہمکنار رہو۔'' (۲۴)

اس طرح اسلام تہذیبوں کی اکثریت کو قبول کرتا ہے اور اکثریت کے باوجود انہیں انسانی بنیادوں پر اس طرح متحد کردیتا ہے کہ ایک صحیح انسانی عالمی نظام اور آفاقی تہذیب اُبھرتی آتی ہے۔اسلام آفاقی تہذیب کے جس تصور کو پیش کرتا ہے وہ سامراجی تصور نہیں ہے بلکہ اپنے بنیادی اصولوں، حریت ومساوات، اتحادِ انسانی کی بنیاد پر ایسا تصور ہے جو تمام تہذیبوں کی اکثریت اور انسان کی آزادی کو تسلیم کرنے کے باوجود، ان کے فطری امتیازات کو قائم رکھتے ہوئے، انہیں ایک لڑی میں پرو کر متحد کردیتا ہے۔اس طرح ایک ایسی آفاقی تہذیب وجود میں آتی ہے جو تمام تہذیبوں کے نفسیاتی تقاضوں کو بھی پورا کرتی ہے اور ان کو متحد و منظّم بھی رکھتی ہے۔اس طرح اسلام کا تصور تہذیبی تکثیریت اور تہذیبی آفاقیت دونوں پر حاوی ہے۔وہ تہذیبی تکثیریت کو قائم رکھنے کے باوجود تمام تہذیبوں کو اخوت واتحاد کے رشتے میں منسلک کردیتا ہے۔تہذیبی تکثیریت کا یہ نظریہ ہنٹنگٹن کے اس تہذیبی تکثیریت سے قطعاً مختلف ہے جو تہذیبی تصادم کی طرف رخ کرتا ہے۔اس کے برعکس یہ نظریہ تہذیبی ہم آہنگی کو جنم دیتا ہے اور آفاقی تہذیب کے ایسے نظریے میں ڈھل جاتا ہے جو مغربی آفاقیت کے سامراجی تصور سے بے حد مختلف ہے، جو تمام تہذیبوں کو اپنے رنگ میں رنگنا چاہتا ہے۔پائپس کے محولہ بالا پیراگراف ہی کو مدنظر رکھا جائے تو واضح ہوجاتا ہے کہ مغربی تہذیب کسی دوسری تہذیب کو (یا اسلامی تہذیب

کو) اپنا تشخص قائم رکھتے ہوئے آزادانہ طور پر زندگی گزارنے کی اجازت نہیں دیتی بلکہ مکمل طور پر مغربی ماڈل اپنانے پر زور دیتی ہے جو اس کی ملوکانہ اغراض کی دلیل ہے۔ لیکن اسلام نہ صرف مغربی تہذیب کو بلکہ دوسری تمام تہذیبوں کے تشخص کو تسلیم کرتا ہے۔ خدا کی ارضی بادشاہت ایک طرف تو تمام قوموں کی تہذیبی انفرادیت برقرار رکھتی ہے بلکہ حریت و مساوات کے تحت تمام قوموں میں اتحادِ انسانیت، باہمی رواداری، بین المذاہب ہم آہنگی، امن و محبت، انسانی حقوق کی بالادستی اور تہذیبی سنگم کی کیفیت پیدا کردیتی ہے۔ یوں ہر تہذیب، ہر مذہب اپنے اپنے عقائد پر قائم رہتے ہوئے بھی اخلاقی اصولوں کی وجہ سے اسلام کی ارضی بادشاہت کے دائرے میں داخل ہوجاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں اسلام ایک زندہ قوت ہے جو لوگوں کے عقائد و مذاہب اور فطری امتیازات کو تسلیم کرنے کے باوجود انہیں رشتۂ اخوت میں پرو دیتا ہے۔ عیسائی عیسائی ہی رہتا ہے، مسلمان مسلمان ہی رہتا ہے۔ کسی کو اپنا مذہب تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس لیے کہ حریت و مساوات اور اتحادِ انسانی اسلام کے وہ بنیادی اصول ہیں جو اقوامِ عالم کو متحد کردیتے ہیں اور بین المذاہب ہم آہنگی اور بین المِلّی اشتراک کو استوار کرتے ہیں۔ اس طرح جو تہذیبی تشخص وجود میں آتا ہے اس کی کیفیت یہ ہوتی ہے:

درویش خدا مست نہ شرقی ہے نہ غربی　　　　گھر میرا نہ دِلّی نہ صفاہاں نہ سمرقند

(کلیاتِ اقبال، ص ۳۵۷)

پھر اس اتحاد یا آفاقیت کا مقصد کسی قوم، کسی تہذیب کو تسخیر یا مطیع بنانا نہیں یعنی اسلام کو مغربی آفاقیت کے تصور کی طرح سامراجی اغراض سے کوئی غرض نہیں بلکہ وہ تو تمام انسانوں کو تمام تہذیبوں کو برابری کی بنیاد پر انسانی حقوق اور مؤاخات کے رشتے میں پروتا ہے...... اس طرح اسلام ایک کثیر الجہتی عالمی نظام قائم کرتا ہے۔ یہ آفاقی یا عالمی نظام مغرب کے یک قطبی نظام کی طرح ظالمانہ نہیں بلکہ وسیع النظر ہے۔ اس میں تمام اقوام کو برابر کے مواقع حاصل ہیں۔ اسلام کی اساسی دعوت یہ ہے کہ دنیا کی تمام قومیں اور سارے انسان رنگ و نسل، ملک و ملت کے امتیازات ختم کرکے بھائی بھائی بن کر ''جیو اور جینے دو'' کے اصول پر کاربند ہوجائیں۔ اسلام کا تصور مذہبی گروہ بندی کا نہیں بلکہ یہ تمام بنی نوع انسان کی آزادی اور برابری کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ یہ عالمگیر اور آفاقی دین ہے۔

''اس کی بنیاد انسانی مساوات، ذات پات اور رنگ و نسل کی نفی، بھائی چارے کا فروغ

، تمام قوموں کے درمیان عدل وانصاف کے قیام پر قائم ہے اور اس کا بنیادی مقصد ایک ایسے عالمگیر انسانی معاشرے کی تشکیل ہے جس میں تمام دنیا کی قومیں اتحاد و یکجہتی کے ساتھ رہتے ہوئے پرامن طور پر زندگی بسر کر سکیں۔ اور ہر قوم دوسری قوم کے مذہبی اور تہذیبی امور میں رواداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان میں کسی قسم کی دخل اندازی نہ کرے بلکہ ہر ایک پرامن طور پر اپنے مذہب کا پرچار کرے تاکہ جسے جو مذہب پسند آئے وہ اسے اختیار کر سکے۔'' (۲۵)

یوں اسلام کا آفاقی تہذیب کا تصور بھی تہذیبی تکثیریت پر مبنی ہے جو مغرب کی طرح تصادم یا سامراجیت واستعماریت کی طرف نہیں لے جاتا بلکہ انفرادی تفریق قائم رکھتے ہوئے بھی اقوام کے درمیان ہم آہنگی پیدا کر کے ایک عالمگیر معاشرے کی تشکیل کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال اسلام کو ایک مذہب کی بجائے ایک قوت یا روحانی نظام کا لقب دیتے ہیں اور اس کی ازلی وابدی بنیادوں پر وہ انسانیت کو متحد کرنا چاہتے ہیں (۲۶) اور اسی لیے اقبال نے نکلسن کے نام لکھا تھا:

''......مقصود اسلام کی وکالت نہیں بلکہ میری قوت طلب وجستجو صرف اس چیز پر مرکوز رہی ہے کہ ایک جدید معاشری نظام تلاش کیا جائے اور عقلاً یہ ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ اس کوشش میں ایک ایسے معاشری نظام سے قطع نظر کر لیا جائے جس کا مقصد وحید ذات پات، رتبہ ودرجہ، رنگ ونسل کے تمام امتیازات مٹا دینا ہے۔ اسلام دنیوی معاملات میں نہایت ژرف نگاہ بھی ہے اور انسان میں بے نفسی و دنیوی لذائذ ونعم کے ایثار کا جذبہ بھی پیدا کرتا ہے اور حسن معاملت کا تقاضا یہی ہے کہ اپنے ہمسایوں کے بارے میں اسی قسم کا طریقہ اختیار کیا جائے۔ یورپ اس گنج گراں مایہ سے محروم ہے اور یہ متاع اسے ہمارے ہی فیض صحبت سے حاصل ہو سکتی ہے۔'' (۲۷)

''اگر عالم بشریت کا مقصد اقوامِ انسانی کا امن، سلامتی اور ان کی موجودہ اجتماعی ہیئتوں کو بدل کر ایک واحد اجتماعی نظام قرار دیا جائے تو سوائے نظامِ اسلام کے کوئی اور اجتماعی نظام ذہن میں نہیں آ سکتا۔ کیونکہ جو کچھ قرآن سے میری سمجھ میں آیا ہے، اس کی رو سے اسلام محض انسان کی اخلاقی اصلاح ہی کا داعی نہیں ہے بلکہ عالم بشریت کی

اجتماعی زندگی میں ایک تدریجی مگر اساسی انقلاب بھی چاہتا ہے جو اس کے قومی اور نسلی نقطۂ نگاہ کو یکسر بدل کر اس میں خالص انسانی ضمیر کی تخلیق کرے...... یہ اسلام ہی تھا جس نے بنی نوع انسان کو سب سے پہلے یہ پیغام دیا کہ دین نہ قومی ہے، نہ نسلی، نہ انفرادی، نہ پرائیویٹ بلکہ خالصتاً انسانی ہے اور اس کا مقصد باوجود تمام فطری امتیازات کے عالم بشریت کو متحد و منظّم کرنا ہے۔'' (۲۸)

''اسلامی تعلیمات کی روح کسی خاص گروہ سے مختص نہیں ہے۔ اسلام تو کائناتِ انسانیت کے اتحادِ عمومی کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کے تمام جزوی اختلافات سے قطع نظر کر لیتا ہے...... دراصل خدا کی ارضی بادشاہت صرف مسلمانوں کے لیے مخصوص نہیں ہے بلکہ انسان اس میں داخل ہو سکتے ہیں بشرطیکہ وہ نسل اور قومیت کے بتوں کی پرستش ترک کر دیں اور ایک دوسرے کی شخصیت کو تسلیم کر لیں۔'' (۲۹)

غرض اقبال کے افکار کا مطالعہ کیا جائے تو ایسے عالمی نظام اور آفاقی تہذیب کی نشاندہی کی جا سکتی ہے جو مغربی نظام کے برعکس تمام انسانیت کو امن و سلامتی، فلاح و بہود اور ترقی و خوشحالی کی طرف لے جا سکتا ہے۔ یہ نظام، یہ سوسائٹی اور یہ تہذیب اسلام ہے۔ اتحادِ انسانیت اور جمہوری مساوات پر مبنی عالمی نظام اور آفاقی تہذیب کے لیے اقبال کی نظریں اسلام کی آفاقی اقدار کی طرف اُٹھتی ہیں۔ ان کے نزدیک اسلام ہی وہ دین ہے جو تمام جزوی اختلافات سے قطع نظر کر لیتا ہے، جو فطری بشری امتیازات کو قائم رکھتے ہوئے عالم بشریت کو مشترک انسانی قدروں کی بنیاد پر متحد و منظّم رکھتا ہے اور اس تہذیبی تکثیریت کا نتیجہ مغربی ''تکثیریت'' کے تصور کی طرح تہذیبی تصادم اور مغرب کی استعماری آفاقیت کی صورت میں نہیں نکلتا بلکہ اس کی بنیاد پر تو خدا کی اس ارضی بادشاہت میں تمام تہذیبیں اور تمام انسان ایک دوسرے کے تشخص کو تسلیم کرتے ہوئے داخل ہو سکتے ہیں اور مل جل کر امن و سکون اور تہذیبی ہم آہنگی کے ساتھ زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ اس لیے کہ اسلام مغرب کے سامراجی آفاقی تصور کے برعکس تمام تہذیبوں، اقوام اور مذاہب کے تحفظ کا ضامن ہے اور مغرب کی ملوکانہ و منافقانہ پالیسیوں کی بجائے حقیقی عدل اور مساوات پر یقین رکھتا ہے۔ کثیر تہذیبی دنیا میں جس تحمل، رواداری اور عالمگیر بھائی چارے کی ضرورت ہوتی ہے وہ اقبال کے افکار میں بدرجۂ اتم موجود ہے لیکن ہنٹنگٹن اس سے محروم ہے۔ اس مضمون میں ہنٹنگٹن کا سرسری تذکرہ کیا گیا ہے یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہنٹنگٹن کے''

تہذیبی تکثیریت'' اور'' تہذیبی تصادم'' پر ایک نظر ڈال لی جائے تا کہ اقبال سے ایک موازنے کی صورتحال پیدا ہو سکے۔ اور معلوم ہو سکے کہ دونوں تہذیبوں (اسلام اور مغرب) کے یہ نمائندہ مفکرین کس انداز میں ایک دوسرے کو اور دیگر تہذیبوں کو دیکھتے ہیں۔

سرد جنگ کے بعد فوکو یاما نے ۱۹۹۲ء میں'' تاریخ کے خاتمے'' کے روپ میں مغربی تہذیب کی آفاقیت کو پیش کیا تھا جبکہ ۱۹۹۶ء میں ہنٹنگٹن نے تہذیبی تکثیریت اور تہذیبی تصادم کا نظریہ پیش کیا۔ اس کے نزدیک سرد جنگ کے بعد تہذیبی شناخت دنیا میں اتحاد، انتشار اور تصادم کے تانے بانے بن رہی ہے۔ مغرب دوسری تہذیبوں بالخصوص اسلام اور چین سے زیادہ سے زیادہ متصادم ہو رہا ہے۔ اس کے نزدیک اسلام اور کنفیوشین تہذیبیں چونکہ مغرب سے مختلف روایات کی حامل ہیں انسان دوستی، آزاد خیالی، علمی و سائنسی ترقی، جمہوریت پسندی، انسانی حقوق کی بالا دستی، کلیسا اور ریاست کی علیحدگی اسلامی اور چینی تہذیبوں میں نہیں پائی جاتیں۔ اس لیے مغربی تہذیب کا تصادم چینی تہذیب اور بالخصوص اسلامی تہذیب سے یقینی ہے۔ اس کے نزدیک چین علیحدگی پسندی، ٹھہراؤ اور سکون کی پالیسی پر گامزن ہے جبکہ اسلام میں احیاء کے شدت پسندانہ جذبات، تشدد، بنیاد پرستی، دہشت گردی اور تنگ نظری کے عناصر کارفرما ہیں۔ اس لیے چینی تہذیب سے بھی زیادہ اسلام مغرب کے لیے خطرہ ہے۔ اگرچہ اس نے انتہائی مدلل انداز میں تاریخی وسیاسی تناظر میں مغرب کے عروج کے ساتھ اس کے زوال پر تبصرہ کیا ہے۔ مشرق کے اثبات اور احیاء پر روشنی ڈالی ہے اور مغرب کی دوغلی، منافقانہ اور سامراجی نوعیت کی پالیسیوں اور تہذیبی تکبر پر تنقید کی ہے۔ مغربی آفاقیت کو ملوکیت کا ایک روپ قرار دیا ہے۔ حتیٰ کہ تہذیبوں کے مشترک خواص کی بناء پر بین التہذیبی ہم آہنگی اور امن و امان کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ اس کے نزدیک امن قائم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ تمام تہذیبیں دوسری تہذیبوں کے وجود کو تسلیم کرتے ہوئے افہام و تفہیم اور تعاون کی راہ اختیار کریں، لیکن اس سے زیادہ وہ تصادم کا نقشہ کھینچتا ہے اور اپنے کثیر تہذیبی نظریے کو تصادم کا نظریہ بنا دیتا ہے اس طرح اس کی تہذیبی تکثیریت تہذیبی ہم آہنگی کی بجائے تہذیبی تصادم کی طرف مائل ہو جاتی ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ وہ مغرب کے زوال اور مشرق کی بیداری سے خوفزدہ ہے اس کے نزدیک مغربی تہذیب اس وقت سب سے طاقتور، مختلف اور منفرد تہذیب ہے لیکن وہ خوفزدہ ہے کہ مغرب اس وقت عروج پر ہونے کے باوجود زوال پذیر ہے اور اب طاقت ایشیا کی طرف منتقل ہو رہی ہے۔ ان حالات میں مغرب کی بقا اس میں ہے کہ اہل مغرب اپنی شناخت کا اعادہ کریں۔ وہ اپنی تہذیب کو

آ فاقی نہیں منفرد سمجھیں۔غیر مغربی معاشروں بالخصوص چین اور اسلام کے خلاف متحد ہو جائیں۔اپنے معاشی عسکری وسائل کا اظہار، دھمکیوں کا مہارت سے استعمال، چینی غلبے اور اسلامی احیاء کا مقابلہ متحد ہو کر کریں۔ دوسری قوموں کے درمیان اختلافات کی پالیسی کو اختیار کریں۔اس کے تہذیبی تکبر اور تہذیبی تعصب کا اظہار اس کے مختلف بیانات سے ہوتا ہے مثلاً ''اسلام کی خونی سرحدیں''، ''اسلامی احیاء''، ''مغرب کی سب سے منفرد اور طاقتور تہذیب'' وغیرہ۔اس نے اسلام کو تشدد اور بنیاد پرستی کا علمبردار قرار دیا ہے۔اس کے نزدیک مسلمانوں کا تشدد، دہشت گردی اور زوال دنیا میں بالخصوص مغرب کے ساتھ تصادم کا سب سے بڑا محرک ہے۔

اگرچہ ہنٹنگٹن نے ''آفاقی تہذیب'' کی بجائے ''تہذیبی تکثیریت'' کا نظریہ پیش کیا ہے اور امن و امان اور تہذیبی ہم آہنگی کی خواہش کا اظہار بھی کیا ہے لیکن اس کے بے شمار بیانات مغرب کی اسی سامراجی ذہنیت کا اظہار کرتے ہیں جو ''سفید آدمی کا بوجھ'' اور ''آفاقی تہذیب'' کی اصطلاح سے مترشح ہوتی ہے۔کثیر تہذیبی دنیا میں رواداری، اعتدال اور انسانی حقوق کی پاسداری کی ضرورت ہوتی ہے جو کم از کم اسلام کے حوالے سے اس کے ہاں مفقود نظر آتی ہے۔اس کے نزدیک مغربی تہذیب ہی اس کثیر تہذیبی دنیا میں ارفع و اعلیٰ ہے۔اور ایک ترقی یافتہ تہذیب ہونے کی وجہ سے یہ مغرب کی ذمہ داری ہے کہ وہ نہ صرف اسلام کو بلکہ تمام پسماندہ تہذیبوں کو مہذب اور ترقی یافتہ بنائے۔اس طرح مقصود و مطلوب کے حوالے سے اس کا تہذیبی تکثیریت کا نظریہ اسی تہذیبی آفاقیت اور ''تہذیبی مشن'' کے نظریے میں ڈھل جاتا ہے جو مغربی سامراجی استعمار کا مخصوص نظریہ ہے۔گویا یہ بھی ایک نیا ڈسکورس ہے جو طاقتور قوم کی طرف سے پسماندہ اقوام کی نفسیات کے عین مطابق استعمال ہوا ہے۔ان کی نفسیات و خواہشات کے مطابق ان کے تہذیبی وجود کو تسلیم کر لیا گیا ہے لیکن عالمی سکون، امن و امان اور حقوق کی برابری کے لیے نہیں بلکہ مغرب کو متحد کرنے، مستحکم کرنے اور کمزور تہذیبوں پر مغرب کی تہذیبی برتری کو قائم رکھنے کے لیے۔اس کتاب کو مستقبل کی پالیسی کے لیے مفید قرار دیا گیا ہے چنانچہ سرد جنگ کے خاتمے اور ۹/۱۱ کے بعد سے مغرب بالخصوص امریکہ کی جو پالیسی مسلمانوں کے بارے میں ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔(۳۰)

گزشتہ صفحات میں اسلام کے حوالے سے اقبال کے افکار کا جائزہ لیا جا چکا ہے ان کا کثیر تہذیبی نظریہ یا آفاقی نقطۂ نظر دنیا پر سامراجی قبضے کے لیے نہیں ہے بلکہ انسانی اتحاد کے لیے ہے۔ان کا تہذیبی مشن سامراجی

اور استعماری مقاصد کے لیے نہیں بلکہ دنیا کی تمام تہذیبوں کو مہذب اور ترقی یافتہ بنانے کے لیے ہے۔ان کے افکار میں ہنٹنگٹن ،فوکویاما (یا مغرب) کے سامراجی عالمی نظام کے مقابلے میں ایک انسانیت نواز نئے عالمی نظام کے اشارے پوشیدہ ہیں۔

''دراصل انسانیت کی بقا کا راز انسانیت کے احترام میں ہے اور جب تک تمام دنیا کی علمی قوتیں اپنی توجہ کو احترامِ انسانیت کے درس پر مرکوز نہ کردیں یہ دنیا بدستور درندوں کی بستی بنی رہے گی......وحدت صرف ایک ہی معتبر ہے اور وہ بنی نوع انسان کی وحدت ہے جو رنگ و نسل و زبان سے بالاتر ہے۔جب تک اس نام نہاد جمہوریت، اس ناپاک قوم پرستی، اس ذلیل ملوکیت کی لعنتوں کو مٹایا نہ جائے گا۔ جب تک انسان اپنے عمل کے اعتبار سے ''الخلق عیال اللہ'' کے اصول کا قائل نہ ہو جائے گا، جب تک جغرافیائی وطن پرستی اور رنگ و نسل کے اعتبارات کو مٹایا نہ جائے گا اس وقت تک انسان اس دنیا میں فلاح و سعادت کی زندگی بسر نہ کرسکے گا۔ اور اخوت، حریت اور مساوات کے شاندار الفاظ شرمندۂ معنی نہ ہوں گے۔''(۳۱)

آدمیت احترامِ آدمی باخبر شو از مقامِ آدمی
برتر از گردوں مقامِ آدم است اصل تہذیب احترامِ آدم است

(کلیاتِ اقبال فارسی،ص ۶۵۷،۷۹۳)

یہ احترامِ آدمیت اور انسانوں کا اتحاد وہ ہے جس کو مغرب کی سامراجی سیاست اور نوآبادیاتی آفاقیت سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔اس میں تمام انسان، تمام مخلوقات، عیالُ اللہ ہیں۔اسی لیے یہ انسانی اتحاد و آفاقیت ،تہذیبی تصادم، انسانی وحدتوں کی تخریب و تباہی اور اسلامی و مغربی تہذیبی بحران پر دلالت نہیں کرتی بلکہ صحیح معنوں میں انسانیت اور احترامِ آدمیت کی بنیادوں پر ایک مشترکہ بین الاقوامی برادری تشکیل کرتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اقبال کے کثیر تہذیبی نظریے میں سامراجیت اور تصادم کی ہلکی سی جھلک بھی نظر نہیں آتی۔ وہ تو تہذیبوں کے مابین مکالمے اور توازن کی فضا قائم کرنا چاہتے ہیں۔ان کے افکار میں خفیف ترین سطح پر بھی کوئی ایسا اشارہ نہیں ملتا جسے تہذیبوں کے درمیان تصادم یا اسلامی اور مغربی تہذیبوں کے مابین تصادم کا نام دیا جاسکے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے ہاں اسلامی اور مغربی تہذیبوں کے تقابلی مطالعے کا ہر زاویہ بین التہذیبی ہم

آہنگی، اتحاد و اشتراک، ایک دوسرے سے استفادے اور مکالمے کی طرف رخ کرتا ہے۔ وہ ایک ایسی عالمی تہذیب کی بات کرتے ہیں جس میں تہذیبوں کی جنگ کی بجائے تہذیبوں کے اشتراک و اتحاد کا روشن اور وسیع المشرب تصور اُبھرتا ہے اور اسی تصور کے پس منظر میں اقبال کے افکار کو اور اقبال کے افکار کے حوالے سے اسلام کے افکار سمجھا جا سکتا ہے۔ پائپس اور ہنٹنگٹن نے اسلام کے حوالے سے جس تعصب کا اظہار کیا ہے اس کا ذکر کیا جا چکا ہے لیکن اقبال کے ہاں مغربی تہذیب کے بارے میں اس قسم کے تعصب اور تنگ نظری کا شائبہ بھی نہیں ہے بلکہ انہوں نے تو مغربی تہذیب کے زندہ اجزاء کا بڑی کشادہ دلی سے اعتراف کر کے اس سے استفادے کا درس دیا ہے۔ انہوں نے مثبت عناصر کی وجہ سے مغربی تہذیب کو اسلامی تہذیب کی توسیع قرار دیا ہے جو کثیر تہذیبی دنیا میں تصادم کی بجائے اتحاد اور مکالمے کی راہ ہموار کرتا ہے۔ یقیناً یہ اسلامی افکار کی روشنی میں تہذیبوں کی نفسیات کے گہرے مطالعے پر دلالت کرتا ہے چنانچہ اقبال کے خطبۂ اوّل کا یہ اقتباس ''تہذیبی تکثیریت'' اور ''تہذیبی آفاقیت'' کے اس دور میں بنیادی کلید کی حیثیت رکھتا ہے۔

> ''پچھلے پانچ سو برس سے الٰہیاتِ اسلامیہ پر جمود کی کیفیت طاری ہے وہ دن گئے جب یورپ کے افکار دنیائے اسلام سے متاثر ہوا کرتے تھے۔ تاریخ حاضرہ کا سب سے زیادہ توجہ طلب مظہر یہ ہے کہ ذہنی اعتبار سے عالمِ اسلام نہایت تیزی کے ساتھ مغرب کی طرف بڑھ رہا ہے اس تحریک میں بجائے خود کوئی خرابی نہیں ہے کیونکہ جہاں تک علم وحکمت کا تعلق ہے، مغربی تہذیب دراصل اسلامی تہذیب ہی کے بعض پہلوؤں کی ایک ترقی یافتہ شکل ہے لیکن اندیشہ یہ ہے کہ اس تہذیب کی ظاہری آب وتاب کہیں اس تحریک میں حارج نہ ہو جائے اور ہم اس کے حقیقی جوہر، ضمیر اور باطن تک پہنچنے سے قاصر رہیں۔'' (۳۲)

چنانچہ اقبال کے نزدیک مغربی تہذیب ڈرنے کی چیز نہیں ہے۔ مسلمان اس سے استفادہ کر سکتے ہیں (۳۳) اس لیے کہ یہ تہذیبی سرچشمہ تو وہی ہے جو خود اسلام کے تخلیقی سوتوں سے پھوٹا تھا۔ البتہ احتیاط طلب امر یہ ہے کہ مسلمان مغرب کی حقیقی اندرونی روح کو یعنی مغرب کی صحت مند اقدار، سائنسی علوم اور ٹیکنالوجی کو حاصل کریں نہ کہ ظاہری چمک دمک کو۔ اس اعتبار سے مغربی تہذیب اسلام کے لیے کوئی خطرہ نہیں بلکہ مسلمانوں کے لیے تعمیر وترقی کا وسیلہ ہے (ظاہر ہے یہ نظریہ ہنٹنگٹن کے اس متعصّبانہ اور تخریبی نظریے کے

بالکل برعکس ہے جس کے تحت اسلام میں تشدد اور جہالت کے سوا کچھ نہیں اور جس کے تحت اسلام مغرب کے لیے خطرہ ہے)۔اس کے لیے اقبال کے نزدیک پورے طور پر ناقدانہ بصیرت اور آزادانہ تحقیق کی ضرورت ہے تاکہ دونوں تہذیبوں کے خدوخال سامنے آسکیں اور اس سے اپنے اصولوں کی روشنی میں استفادہ کرنے میں آسانی ہو۔ پھر چونکہ خود اسلام پانچ سو سال سے جمود کا شکار ہے اس لیے اسلام کے اصولوں کی درست تشریح بھی ضروری ہے تاکہ اسلام بحثیت ایک ایسے پیام کے، جس کا خطاب ساری نوعِ انسانی سے ہے، اُجاگر ہو سکے۔(۳۴)

کثیر تہذیبی دنیا میں، تصادم کے اس ماحول میں اسلام کو مغرب سے استفادے کا مشورہ دینا بے حد جرأت مندانہ اور اہمیت کا حامل مرحلہ ہے۔اس لیے کہ اس سے دونوں تہذیبوں کے درمیان مشترک رشتوں کی وضاحت ہوتی ہے۔ (جو تصادم کے ماحول میں یقیناً ایک جرأت مندانہ اور کشادہ روی کا عمل ہے)۔ دوسرے لفظوں میں اقبال اسلام اور مغرب کے مابین ایک رشتۂ مطابقت، ایک پل استوار کرنا چاہتے ہیں، ایک ایسا اشتراکِ عمل جس میں دونوں تہذیبوں کی فطری اور امتیازی خصوصیات بھی برقرار رہیں اور دونوں ایک دوسرے کے قریب بھی آجائیں اور اس طرح دونوں کے مابین ایک اصولی اور پرامن مکالمے کی راہیں ہموار ہو جائیں۔

اقبال نے جمال الدین افغانی، مفتی محمد عبدہٗ، سرسیّد، شبلی، سیّد امیر علی، نامق کمال، مفتی عالم جان جیسے روشن خیال مفکرین کی طرح بڑی جرأت کے ساتھ تازہ مغربی افکار کو اسلام کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ ایسے مسلمان ہیں جو مغربی خیالات کو اسلام کے افکار کی روشنی میں جانچ پرکھ کر اختیار کرتے ہیں اور اس طرح اپنی تہذیب میں جذب کر کے تہذیبی ہم آہنگی، پرامن بقائے باہمی اور مکالمے کا ثبوت دیتے ہیں۔ چنانچہ ان کا کہنا تھا کہ ''اسلام جدید سائنس اور مغربی فکر کے بہترین اجزاء سے مطابقت رکھتا ہے'' ان مصلحین نے ''جدید سائنسی، ٹیکنیکی یا سیاسی خیالات (آئینی اور نمائندہ حکومت اور اداروں) کو قبول کرنے کے لیے اسلامی جواز'' فراہم کیا۔ انہوں نے مغربی استعمار سے مقابلے کے لیے ان کی اصل طاقت یعنی سائنس، ٹیکنالوجی اور تنظیم کو اپنانے پر زور دیا۔(۳۵)

اقبال ان مفکرین ہی کی مانند جدیدیت اور مغربیت کی بحث میں جدیدیت کے قائل ہیں اور اسی لیے ''نظریۂ عاریت'' (Borrowing Theory) کے تحت ''ثقافتی مستعاریت'' کو مدنظر رکھتے ہیں۔وہ

تہذیبی کشمکش میں مغربی ماڈل کو بجنسہٖ اختیار کرنے کے خلاف ہیں لیکن مغرب کے صحت مند اجزاء کو جذب کرنے کے حامی ہیں۔ ''ثقافتی مستعاریت'' اور ''جدیدیت'' کے اسی تصور کے تحت ایسی کثیر تہذیبی دنیا وجود میں آتی ہے جہاں تصادم کی بجائے بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے اختلافی امور کو بھی حل کیا جاسکتا ہے۔ امن وانصاف کا حصول بھی ممکن بنایا جاسکتا ہے اور ایک دوسرے سے پرامن لین دین اور استفادے کا عمل بھی تیز تر کیا جاسکتا ہے۔

تہذیبی تکثیریت کا یہ وہ تصور ہے جس میں اپنی تہذیبی خودی بھی برقرار رکھی جاتی ہے اور دوسری تہذیب کی خودی کی پاسداری بھی کی جاتی ہے۔ دوسری تہذیب کے بعض اجزاء کو قبول بھی کیا جاتا ہے اور بعض اجزاء کو رد بھی کیا جاتا ہے لیکن اس رد میں اختلاف اصولی ہوتا ہے نہ کہ ذاتی ومتعصّبانہ۔ اس لیے کسی تہذیب کے استحصال کی نوبت نہیں آئی بلکہ دوسری تہذیبوں کے ساتھ مسلسل ایک ڈائیلاگ کی کیفیت برقرار رہتی ہے اس طرح تہذیبی تکثیریت کا یہ نظریہ آفاقی تہذیب کے ایسے نظریے میں ڈھل جاتا ہے جس میں دیگر تہذیبیں بھی اپنا وجود رکھتی ہیں اور اپنا وجود رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ انسانی بنیادوں پر متحد ومنظّم ہوجاتی ہیں۔

اقبال نے مغربی اور اسلامی تہذیبوں کا تجزیہ سیاسی یا ہنگامی بنیادوں پر یا کسی سامراجی اقتدار کی سیاست سے وابستہ ہوکر نہیں کیا بلکہ غیر جانبدارانہ انداز میں اصولی وفکری بنیادوں پر کیا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ مسلم مفکر ہونے کے ناطے مغرب کی ہر قدر کو حقارت یا نفرت کی نظر سے دیکھا ہو۔ بلکہ انہوں نے موجودہ اسلامی تہذیب اور مغرب کی جدید تہذیب دونوں کے معائب اور محاسن کو واضح کیا ہے چنانچہ ان کے ہاں ایسے اشعار بھی ملتے ہیں:

بہت دیکھے ہیں میں نے مشرق و مغرب کے مے خانے
یہاں ساقی نہیں پیدا وہاں بے ذوق ہے صہبا

(کلیاتِ اقبال اُردو،ص۳۶۰)

اقبال نے دراصل دونوں کی خوبیوں خامیوں کو سامنے رکھ کر ایک دوسرے کو آئینہ دکھایا ہے۔ ان کا مطمحِ نظر یہ ہے کہ اہل مغرب اور اہل اسلام دونوں ایک دوسرے کی خوبیوں اور خامیوں پر نظر رکھ کر، ایک دوسرے سے بات چیت کے ذریعے، ایک دوسرے سے مکالمے کے ذریعے استفادہ کریں تاکہ انسانی تہذیب کے یہ دونوں حصے زندگی کی فلاح و بہبود کے لیے ایک ہی وحدت کے طور پر کام کرسکیں۔

مشرق سے نہ ہو بیزار نہ مغرب سے حذر کر　　فطرت کا تقاضا ہے کہ ہر شب کو سحر کر

(کلیاتِ اقبال اُردو، ص ۶۲۱)

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اقبال تہذیبی تکثیریت کے قائل ہیں۔ اس تہذیبی تکثیریت میں مختلف تہذیبیں تصادم اور مناقشت کا شکار نہیں ہوتیں بلکہ ایک دوسرے سے استفادے کے ذریعے ایک ایسی آفاقی تہذیب کو جنم دیتی ہیں جس کی بنیاد اخوت اور مساوات پر ہے۔ اقبال کو معلوم ہے کہ تہذیبی اکثریت قوموں کی فطری اور نفسیاتی ضرورت بھی ہے اور کائناتی ارتقا کا وسیلہ بھی۔ لیکن ایسی تہذیبی تکثیریت ہی انسانی وحدت کو جنم دے سکتی ہے جس میں نفرت اور رقابت کی بجائے اشتراکِ عمل اور مکالمے کا پہلو پایا جائے۔ چنانچہ اقبال نے اسلام کے آفاقی اصولوں اخوت، مساوات اور حفظِ نوعِ انسانی کے حوالے سے کوشش کی ہے کہ ایک طرف تو تہذیبیں اپنی اپنی انفرادیت (یا خودی) برقرار رکھیں دوسری طرف ہر قسم کی غلط فہمیوں اور تنگ نظری و تعصب سے نکل کر امن و محبت، باہمی رواداری، انسانی حقوق کی بالادستی، بین المذاہب ہم آہنگی، تہذیبی سنگم اور بقائے باہمی کی طرف لوٹ آئیں۔

حقیقت یہ ہے کہ آج تہذیبی کشمکش کے اس دور میں اسی قسم کی ''ثقافتی مستعاریت''، ''تہذیبی تکثیریت'' اور ''تہذیبی آفاقیت'' کی ضرورت ہے۔ آج ایک دوسرے سے استفادے اور افہام و تفہیم کا یہی لچک دار رویّہ اتحادِ انسانیت کی فضا پیدا کر سکتا ہے اور ایسے مشترکہ اور منصفانہ عالمی نظام اور عالمی تہذیب کی فضا پیدا کر سکتا ہے جس کی بنیاد اخوت، مساوات اور وحدتِ انسانی پر ہو۔ آج تہذیبوں کے مستقبل کا انحصار اسی افہام و تفہیم پر ہے کہ نہ صرف اسلامی اور مغربی تہذیبیں بلکہ تمام تہذیبیں ایک دوسرے کو کچھ سکھاتے ہوئے آگے بڑھیں۔ ایک دوسرے کی تاریخ سے فن اور ثقافت، تصورات اور اقدار کا مطالعہ کرتے ہوئے، ایک دوسرے کی زندگیوں کو زرخیز بناتے ہوئے ایک پرامن عالمِ نو کی تخلیق کریں جس میں اقوام اپنے مسائل گفت وشنید کے ذریعے حل کر سکیں۔ جس میں تہذیبوں کے فطری امتیازات بھی برقرار رہیں (جو کہ ان کا حق ہے) اور ان میں مفاہمت و اتحاد بھی پیدا ہو جائے۔ اقبال کا یہی وہ عالمی نظام ہے جس میں اس کرۂ ارض کے تمام باشندے اور تمام تہذیبیں ایک وحدت میں ڈھل کر اجتماعی فلاح و بہبود کے لیے کوشش کر سکتے ہیں اور ایک ایسا عالمِ نو وجود میں لا سکتے ہیں جہاں کسی بھی فساد، کسی بھی اختلاف کا حل مل جل کر نکالا جا سکے۔ اس سلسلے میں اقبال کے نزدیک اسلام ایک زندہ قوت کے طور پر اہم ترین کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس لیے کہ اسلام میں تمام انسان

برابر ہیں۔حریت، مساوات اورانسانی اتحاداس کی بنیادی اقدار ہیں اوراس لیے کہ اسلام ہی وہ دین ہے جو ''باوجودتمام فطری امتیازات کے عالمِ بشریت کومتحد ومنظّم کرتا ہے''۔

حواشی

1. Spengler,"Decline of the West",(Vol.II),A.A.Knopf,New York,1928,PP.170
2. Ibid., PP.31
3. Toynbee,"The study of history",Oxford University Press,London,Vol.I,1934,/Vol.10,1954,PP.133/546,547
4. Huntington,"The Clash of Civilizations and remaking of world order",Simon and Schuster,New York, 1997,PP.44 to 48
5. Lester Pearson,"Democracy in world politics",Princton University Press,Princton,1955,PP.83,84

۶۔ سرور، آلِ احمد، پروفیسر، دانشورِاقبال، الوقار پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۳ء، ص۵۴، ۵۵

7. Huntington,"The Clash of Civilizations",See Part iv
8. Fukuyama,"The end of history?",The national Interest 16(,Bi-montholy Journal),Washington D.C.,Summer 1989,PP.4,18;
   Fukuyama,"The end of history and the last man",Free Press New York,1992,PP.215,288

۹۔ مثلاً ملاحظہ کیجیے:

Huntington,"Clash of Civilizations",Chapter No.3;
Broudal,"On history,University of Schicago Press, Schicago,1980,PP.xxxiii;
Spengler,"Decline of the west (Vol.I),A.A.Knopf,New York,1962,PP.93,94

۱۰۔ ابن انشاء، ابن بطوطہ کے تعاقب میں، لاہور اکیڈمی، لاہور، ۱۹۹۹ء، ص۹۷

11. Huntington,"Clash of Civilization",PP.74

۱۲۔ سرور، آلِ احمد، پروفیسر، دانشورِ اقبال، ص ۵۱، ۵۲

۱۳۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، مضمون ''اقبال اور تہذیبوں کے مابین مکالمے کی اہمیت''، مشمولہ ''اقبال مشرق و مغرب کی نظر میں''، مرتبہ، سوندھی ٹرانسلیشن سوسائٹی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۰۲ء، ص ۱۰۹

14. Spengler,"Decline of the west",(Vol.II),A.A.Knopf,New York,1928,P.50;
Bozeman,"Civilzation under stress",Verginia Quarterly Review 51,(winter 1975),PP.5;
Huntington,"Clash of Civilizations",P.76

۱۵۔ کپلنگ کی نظم ''White Man's Burden'' کے لیے دیکھیے:
Kipling, Rudyard,"The works of Rudyard Kipling",words worth poetry library,Heartfordshire, 1994, (Reprinted),PP.323

۱۶۔ ملاحظہ کیجیے مندرجہ بالا حاشیہ نمبر ۸:

17. Huntington,"Clash of Civilization's",P.66,310

۱۸۔ اقبال، حرفِ اقبال، مرتبہ لطیف احمد شروانی، ایم ثناء اللہ خان، انشاء پریس لاہور، ۱۹۵۵ء، ص ۲۳، ۲۴

۱۹۔ پیش لفظ از سارتر، مشمولہ، افتادگانِ خاک، از فینن، فرانز، ترجمہ، سجاد باقر رضوی/محمد پرویز، نگارشات، لاہور، ۱۹۹۶ء، ص ۲۵، ۲۶

20. Pipes,"In the path of God",Basic Books,New York,1983,PP.197,198

۲۱۔ علی شریعتی، ''علامہ اقبال...... مصلح قرنِ آخر''، ترجمہ، کبیر احمد جائسی، فرنٹیئر پوسٹ پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۴ء، ص ۶۶

۲۲۔ فینن، فرانز، افتادگانِ خاک، ترجمہ، سجاد باقر رضوی/محمد پرویز، ص ۲۸۷

۲۳۔ اقبال، مقالاتِ اقبال (جغرافیائی حدود اور مسلمان)، مرتبہ، عبدالواحد معینی، سیّد، آئینۂ ادب، لاہور، ۱۹۸۸ء، ص ۲۶۶

۲۴۔ ایضاً، ص ۲۷۶

۲۵۔ محمد شہاب الدین ندوی، مولانا، ''عصر حاضر اور اسلام کی عالمگیر تعلیمات''، مشمولہ مجلّہ سہ ماہی اقبال، بزمِ اقبال، لاہور، ۲۰۰۰ء، ص ۳۷

۲۶۔ اقبال، اقبال نامہ، مرتبہ، شیخ عطاء اللہ (طبع نو، تصحیح وترمیم شدہ ایڈیشن، یک جلدی اشاعت)، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۲۰۰۵ء، ص ۳۴۶، ۳۴۷

۲۷۔ ایضاً، ص ۳۴۹، ۳۵۰

۲۸۔ اقبال، مقالاتِ اقبال (جغرافیائی حدوداور مسلمان)، ص ۲۶۶

۲۹۔ اقبال، اقبال نامہ، مرتبہ، شیخ عطاء اللہ (طبع نو، تصحیح وترمیم شدہ ایڈیشن، یک جلدی اشاعت)، ص ۳۴۸، ۳۵۷

۳۰۔ ان بیانات کی تصدیق اور ہنٹنگٹن کے خیالات کی تفصیل کے لیے دیکھیے:

Clash of Civilizations, by

Huntington,PP.19-21,28-29,102-104,183,209-218,254-258,308-312,318-321

۳۱۔ اقبال، حرفِ اقبال، ص ۲۲۴، ۲۲۵

۳۲۔ اقبال، تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ، ترجمہ، نذیر نیازی، سیّد، بزم اقبال، لاہور، ۱۹۹۵ء، ص ۱۱

۳۳۔ نذیر نیازی، سیّد، اقبال کے حضور، اقبال اکادمی، کراچی، ۱۹۷۱ء، ص ۲۸۵

۳۴۔ اقبال، تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ، ترجمہ، نذیر نیازی، سیّد، ص ۱۳

۳۵۔ اقبال، حرفِ اقبال، مرتبہ، لطیف احمد شروانی، ص ۱۴۸، ۱۴۹، ۱۵۱؛

جاوید اقبال، ڈاکٹر، مضمون ''اقبال اور تہذیبوں کے مابین مکالمے کی اہمیت''، مشمولہ ''اقبال مشرق ومغرب کی نظر میں''، ص ۱۰۹؛

Esposito,"Islamic Threat:Myth or Reality",Oxford University Press, New York,1992,Pp.55;

Pipes,"In the path of God",PP.114-120;

Stoddered,"The new world of Islam",Oxford University Press,New York,1922,PP.54

مجلسِ اشاعت دکھنی مخطوطات

(دکھنی مخطوطات کی اشاعت کا مستند تحقیقی ادارہ)

ڈاکٹر روبینہ ترین*

طارق محمود**

Abstract:

The research scholars and institutions have played an important role to promote the Urdu language and literature. Hyderabad is one of the prominent Urdu centres in sub continent. Here various organisations are working for the defence and progress of Urdu language. "Majlis Ishat Dakhni Makhtootat" is included in the list of these unique associations.

This association has worked to discover and publish ancient Dakani Makhtootat. In this article, I have tried to introduce of various organisations particularly "Majlis Ishat Dakhni Makhtootat" and its services for publishing and promoting the Dakhani mannuscripts in this area.

ہندوستان کی بڑی اور خود مختار ریاستوں میں حیدر آباد دکن کو اپنی قدیم ادبی روایت، مختلف علوم وفنون کی سرپرستی اور تہذیبی وثقافتی ورثہ کی حامل ریاست کے طور پر خاص اہمیت حاصل ہے۔ یہ علاقہ اپنے علمی، ادبی، تعلیمی و تہذیبی ماحول کے باعث ہر دور میں شعرا، ادباء اور علماء کا مسکن رہا ہے۔ یہاں شاہان وقت بھی شعر وادب میں خاص دلچسپی لیتے رہے جس کے باعث نہ صرف ان کے درباروں سے سینکڑوں شعراء وابستہ رہتے بلکہ ان کے درباروں کو علمی وادبی اداروں کی حیثیت بھی حاصل ہوتی تھی۔ معاشرتی اقدار، انسانی فلاح و بہبود، تہذیب وتمدن کے فروغ اور علم وادب کی ترویج کے سلسلہ میں اداروں کی اہمیت کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اُردو زبان وادب کی ترقی کا احوال بھی ان اداروں کے تذکروں کے بغیر ممکن نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر علاقہ میں علم وادب کے فروغ کے لیے مختلف اداروں کا قیام عمل میں لایا گیا۔ حیدر آباد دکن میں جدید طرز کے علمی، تحقیقی اور جدید علوم وفنون کی تعلیم گاہوں کا قیام تو ۱۸۲۴ء سے شروع ہو گیا تھا لیکن ادبی انجمنوں کا رواج ۱۸۵۷ء کے بعد شروع ہوا۔[۱] حیدر آباد کی علمی وادبی روایت کو فروغ

* صدر نشین شعبہ اُردو بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان

** اُستاد شعبہ اُردو، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، خانیوال

دینے کے لیے یہاں کے طلباء اور علمی و تحقیقی اداروں نے انفرادی اور اجتماعی سطح پر بھرپور کام کیا جن کی شاہان نے ہر موقع پر ہر طرح سے سرپرستی فرمائی بلکہ مالی اعانت سے بھی کبھی گریز نہیں کیا۔

بیسویں صدی کے آغاز میں جامعہ عثمانیہ (۱۹۱۸ء) ایک مرکز اور تحریک کی صورت میں سامنے آئی۔ اس جامعہ کی پروردہ نسل نے علمی، ادبی، سماجی، سیاسی اور سائنسی میدانوں میں جو کارنامے سرانجام دیئے وہ ہمیشہ یاد کیے جائیں گے جبکہ اُردو زبان وادب اور تحقیق کی روایت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے میں بھی جامعہ عثمانیہ اور حیدرآباد کے دیگر اداروں نے اہم کردار ادا کیا۔ ان اداروں کی تحقیقی، تدوینی اور اشاعتی سرگرمیوں سے اُردو زبان وادب کے ذخیرہ میں بے پناہ اضافہ ہوا اور یہ کتابیں ان اداروں کی معروضیت کی روئیداد کے ثبوت کے طور پر بھی سامنے آئیں۔ حیدرآباد دکن کے علمی وادبی اداروں کا سرسری ذکر ذیل میں کیا جارہا ہے تاکہ عہد بہ عہد علمی و تعلیمی ترقیوں میں حصہ لینے والے اداروں کے بارے میں معلوم ہو سکے کیونکہ ادارے کسی علاقہ کی علمی وثقافتی کامیابیوں کا مظہر ہوتے ہیں، ان اداروں میں:

۱۔	حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس	۱۹۱۳ء	مولوی محمد مرتضیٰ
۲۔	دارالترجمہ	۱۹۱۷ء	نواب حیدر یار جنگ
۳۔	جامعہ عثمانیہ	۱۹۱۸ء	میر عثمان علی خان
۴۔	ادارہ ادبیات اردو	۱۹۳۱ء	ڈاکٹر محی الدین قادری زور
۵۔	کتب خانہ سعیدیہ	۱۹۳۴ء	مفتی محمد سعید خان
۶۔	مجلس اشاعت دکنی مخطوطات	۱۹۳۶ء	نواب سالار جنگ
۷۔	بزم اقبال	۱۹۳۸ء	ڈاکٹر سید عبداللطیف
۸۔	لطف الدولہ اورینٹل ریسرچ انسٹیٹیوٹ	۱۹۳۸ء	حکیم شمس اللہ قادری
۹۔	انجمن ترقی اردو (حیدرآباد)	۱۹۳۸ء	حبیب الرحمٰن
۱۰۔	انجمن ترقی پسند مصنفین حیدرآباد	۱۹۴۳ء	مخدوم محی الدین
۱۱۔	اردو مجلس	۱۹۵۳ء	مرزا فرحت اللہ بیگ
۱۲۔	انسٹیٹیوٹ آف انڈو مڈل ایسٹ کلچرل اسٹڈیز	۱۹۵۵ء	ڈاکٹر سید عبداللطیف
۱۳۔	آندھرا پردیش ساہتیہ اکیڈمی	۱۹۵۷ء	ڈاکٹر بی گوپال ریڈی

۱۴۔	ابوالکلام آزاد ریسرچ انسٹیٹیوٹ	۱۹۵۹ء	ڈاکٹر محی الدین قادری زور
۱۵۔	اقبال اکیڈمی	۱۹۵۹ء	پروفیسر عالم خوندمیری
۱۶۔	زندہ دلان حیدر آباد	۱۹۶۱ء	حمائیت اللہ
۱۷۔	ولا اکیڈمی	۱۹۶۱ء	حسن الدین احمد
۱۸۔	ادبی ٹرسٹ	۱۹۶۵	عابد علی خاں
۱۹۔	ایچ۔ای۔ایچ۔دی نظامس اردو ٹرسٹ	۱۹۶۸ء	آصف ثامن مکرم جاہ بہادر
۲۰۔	ادارہ شعر و حکمت	۱۹۶۹ء	ڈاکٹر مغنی تبسم
۲۱۔	محفل خواتین	۱۹۷۱ء	بلقیس علاء الدین
۲۲۔	اُردو اکیڈیمی آندھرا پردیش	۱۹۷۵ء	آصف پاشا ☆۱

ان سبھی اداروں نے اردو زبان وادب کی ترقی وترویج اور تحقیق کی روایت کے فروغ میں بنیادی کام سرانجام دیئے جس سے اردو کے تحقیقی وتنقیدی سرمائے میں بیش بہا اضافہ ہوا۔ یہ سبھی ادارے اپنی اپنی حیثیت میں بے مثال ہیں۔اردو زبان کے فروغ اور تحفظ کے لیےان کی بے لوث خدمات تاریخ ادب کا روشن باب ہیں۔ان اداروں میں ''مجلس اشاعت دکنی مخطوطات'' کوقدیم اردو کے شہ پاروں کی بازیافت واشاعت کے حوالہ سے منفرد حیثیت حاصل ہے ذیل میں اسی ادارے کے قیام، اغراض ومقاصد، تحقیقی کارناموں کے حوالہ سے بات کی جائے گی۔

جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ حیدر آباد دکن نے اُردو زبان وادب اور مختلف علوم کی ترقی و ترویج میں دوسرے اقطاع ہند سے بڑھ کر کام کیا۔ یہ سرزمین کئی صدیوں سے علم وادب کا مرکز بلکہ عظیم گہوارہ کی حیثیت رکھتی ہے جس کی بنیادی اوراہم وجہ اس علاقے کے شاہان کا اُردو شعر وادب سے شغف اوراس کی سرپرستی ہے۔انہوں نے نہ صرف شعراء اور ادباء کو تحفظ دیا بلکہ ان کی تخلیقات کو بھی ملکی سرمائے کی حیثیت سے سنبھال کر رکھا۔حیدر آباد میں مخطوطات اورنوادرات سینکڑوں کی تعداد میں موجود ہیں۔حیدر آباد میں مسلمان امراء اوراراکین دولت عثمانیہ کو کتب خانوں کے قیام اور مخطوطات ونوادرات کے جمع کرنے کا خاص شوق رہا ہے۔یہی وجہ ہے کہ صرف حیدر آباد میں مخطوطات نوادر کی تعداد پورے برصغیر میں پھیلے ہوئے مخطوطات اورنوادر کی تعداد سے بہت زیادہ ہے[۲]۔ یہ مخطوطات یقیناً عربی، فارسی، ترکی اوراردو زبان وادب کے حوالہ سے خاص اہمیت کے حامل ہیں۔بیسویں صدی کی ابتدائی تین دہائیوں تک ان کی اشاعت کا کوئی باقاعدہ انتظام نہیں تھا۔تاہم حیدر آباد کے سٹی کالج میں ''دوصد سالہ

جشن یادگارِ ولی'' کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت نواب میر یوسف علی خان سالار جنگ سوم نے کی۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے ذاتی کتب خانے سے جس میں ہزاروں کی تعداد میں نایاب کتب اور قیمتی مخطوطات جمع تھے ایک نمائش کتب کا اہتمام بھی کیا گیا۔ اس اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ قدیم اردو کے مخطوطات جو مختلف لائبریریوں میں بکھرے ہوئے ہیں کو نہ صرف اکٹھا کیا جائے بلکہ زیورِ طباعت سے بھی آراستہ کیا جائے۔ ان مخطوطات کی تلاش اور اشاعت انتہائی اہم منصوبہ تھا۔ نواب سالار جنگ نے اس کے تمام تر اخراجات کی ذمہ داری قبول کی۔ خطبہ صدارت میں وہ فرماتے ہیں:

> ''اس اہم اور دلچسپ کام کو اس تقریب کے ساتھ ختم نہ ہونا چاہیے بلکہ مناسب یہ ہے کہ اس دوصد سالہ جشن وؔلی کی یادگار میں کسی مستقل کام کا آغاز کیا جائے۔ میرے خیال میں اس سے بڑھ کر کوئی اچھا کام نہیں ہو سکتا کہ وؔلی کے معاصرین اور ان سے پہلے کے شاعروں اور صاحبان تصانیف کی اردو کتابیں مرتب اور شائع کی جائیں وؔلی سے پہلے بھی ہمارے ملک میں بڑے بڑے شاعر اور انشاپرداز پیدا ہو چکے ہیں۔ خود طبقہ فرماں روایان میں محمد قلی قطب شاہ اور علی عادل شاہ بلند پایہ شاعر تھے۔ پھر ان کے دربار کے ملک الشعراء وجہی، غواصی نصرتی، رستمی وغیرہ وؔلی سے کم نہ تھے اور چونکہ وؔلی سے بہت پہلے گزرے ہیں اس لیے ان کے کلام اور بھی زیادہ قابل قدر ہیں۔ بہرحال اس اہم کام کی تکمیل کے لیے ایک جماعت منتخب کر لینی چاہیے[۳]

نواب میر یوسف علی خان سالار جنگ سوم کی دلچسپی اور حوصلہ افزائی کے باعث ۱۹۳۶ء میں ایک کمیٹی مجلس اشاعت دکنی مخطوطات کے نام سے قائم کی گئی[۴]۔ اس مجلس کے سرپرست خود نواب میر یوسف علی خان سالار جنگ بہادر تھے۔ انہیں نوادرات اور کتب جمع کرنے کی شوق تھا جو رفتہ رفتہ ایک اعلیٰ ریسرچ میوزیم اور نادر کتب خانے کی شکل اختیار کر گیا۔ اس کتب خانے کے لیے آپ نے چالیس ہزار مطبوطات اور نو ہزار مخطوطات جمع کیے آپ کی سب سے بڑی یادگار سالار جنگ میوزیم ہے۔ نواب یوسف علی خاں کے ایما پر قائم ہونے والے ادارے مجلس اشاعت دکھنی مخطوطات کے اغراض و مقاصد، عہدہ داران اور اراکین کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔ تحقیق و تنقید کی مدد و اشاعت

۲۔ اردو کی قدیم تاریخ کے بارے میں معلومات بہم پہچانا

۳۔ قدماء کے افکار و اسالیب کی روشناسی

۴۔ گزشتہ عظمت کی یاد تازہ کرنا

۵۔ قدیم مخطوطات کی اشاعت اور بطور خاص دکنی اور دکن کے تعلق سے معلومات

۶۔ قرون وسطیٰ کی تہذیب وتمدن کا مطالعہ

۷۔ لسانی تقابلی مطالعہ اور جدید خیالات کے ذریعہ تحقیق

ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے جس کمیٹی کا انتخاب کیا گیا ان میں:

سر پرست	:	نواب میر یوسف علی خان سالار جنگ سوم
صدر	:	سید محمد اعظم (پرنسپل سٹی کالج)
نائب صدر	:	ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور
معتمد	:	پروفیسر سید محمد
شریک معتمد	:	میر سعادت علی
اراکین	:	پروفیسر حسین علی خان، پروفیسر عبدالمجید صدیقی، پروفیسر عبدالقادر سروری۔

اس ادارے کو ایک خاص مقصد کے تحت قائم کیا گیا۔ جس میں اس ادارے کے موسسین کامیاب بھی ہوئے اور نواب صاحب کی سر پرستی میں مجلس اشاعت دکنی مخطوطات کی تشکیل عمل میں آئی۔ سید محمد اعظم، سید محمد، ڈاکٹر زور، پروفیسر سروری، عبدالمجید صدیقی۔۔۔نے نواب سالار جنگ کی خواہش کے مطابق کام شروع کر دیا اور متعدد اہم و نایاب دکنی تصانیف طبع وشائع کیں [۵]۔ یقیناً اس ادارے کی خدمات لائق تحسین ہیں جس کا اعتراف علمی و ادبی حلقوں میں بھرپور انداز سے ہوا۔ اس مجلس کے قیام کے حوالہ سے مدیر رسالہ ''جامعہ'' نورالحسن ہاشمی لکھتے ہیں:

> ''حال ہی میں حیدر آباد دکن میں نواب سالار جنگ بہادر کی سر پرستی میں قدیم دکنی مخطوطات کی اشاعت کے سلسلہ میں ایک مجلس وجود میں آئی ہے۔ اس مجلس کا مقصد قدیم شاہان دکن کے ادبی آثار اور اردو کی قدیم کتابوں کی اشاعت ہے۔۔۔ درحقیقت اردوئے قدیم کے مخطوطات کی حفاظت اور اشاعت ایسا

کام ہے جو اردو داں پبلک ہمیشہ نظر استحسان سے دیکھے گی اور جو اردو کی تاریخ میں ایک نہ مٹنے والے سنگ راہ کا کام دے گا۔[۶]

نواب یوسف سالار جنگ کی لائبریری میں قطب شاہی عہد سے لے کر آصف جاہی دور تک کے مخطوطات کی خاصی تعداد موجود ہے۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ اور عبداللہ قطب شاہ کا دیوان بھی اسی ذخیرے کے باعث اردو داں طبقے تک پہنچا۔ ان کلیات کی اشاعت نے جہاں اردو کی تاریخ کو نیا موڑ عطا کیا وہیں اس سے مجلس اشاعت دکنی مخطوطات کا بھرپور تعارف بھی ہوا۔ نہ صرف اردو بلکہ اسلامیات، فلسفہ، سائنس، عمرانیات فنون لطیفہ، لسانیات کے مخطوطات کو بھی اہمیت دی گئی۔ قلی قطب شاہ، عبداللہ قطب شاہ، ابن نشاطی، نصرتی، غواصی ایسے شعرا کا کلام اس مجلس کے باعث علمی و ادبی حلقوں میں اپنی انفرادیت قائم رکھ سکا۔ ان شائع شدہ کتب نے تاریخ ادبیات اردو کو نئے جہانوں سے آشنا کیا۔ ان مخطوطات کے باعث بے شمار گمنام اور کم معروف شعراء اور نثر نگاروں کو پذیرائی ملی۔ جو کتابیں اس ادارے کی جانب سے شائع ہوئیں وہ اردو زبان و ادب کے لیے انمول تحفے کی صورت رکھتی ہیں۔ دکن میں اردو کے آغاز و ارتقاء کے حوالہ سے تمام تر ادبی آثار کا احاطہ ان تخلیقات سے ہوا۔ اس ادارے کو پورے ہندوستان میں بھرپور طریقے سے پذیرائی حاصل ہوئی۔

یہ ادارہ سالار جنگ کے انتقال (۱۹۴۹ء) کے بعد حکومت ہند کی تحویل میں چلا گیا۔ یہ کتب سلسلہ یوسفیہ☆۳ اور سالار جنگ پبلشنگ☆۴ ادارے کے تحت بھی شائع ہوئیں۔ اس قدیم ادب سے متعلق چند اہم و نایاب کتب جو اس ادارہ نے شائع کیں درج ذیل ہیں۔

۱۰۔	پھول بن	عبدالقادسروری
۹۔	کلیات سراج اورنگ آبادی	عبدالقادسروری
۸۔	سیف الملوک و بدیع الجمال	سعادت علی رضوی
۱۱۔	طوطی نامہ	میر سعادت علی رضوی
۱۲۔	قصہ بے نظیر	عبدالقادسروری
۱۔	کلیات محمد قلی قطب شاہ	ڈاکٹر محی الدین قادری زور
۳۔	گلشن عشق	پروفیسر سید محمد
۲۔	کلیات عبداللہ قطب شاہ	پروفیسر سید محمد

۷۔	مثنوی چندر بدن ومہیار	محمد اکبرالدین صدیقی
۵۔	قصہ رضوان شاہ وروح افزاء	پروفیسر سید محمد
۶۔	تصویر جاناں	خواجہ حمید الدین شاہد
۴۔	پنچھی باچھا	پروفیسر سید محمد
۱۳۔	علی نامہ	پروفیسر عبدالمجید صدیقی

یہ کتب قدیم ادب کی دریافت کے حوالہ سے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ ذیل میں ان کا توضیحی اشاریہ پیش کیا جارہا ہے تاکہ ان مثنویوں اور کلیات کے حوالہ سے معلومات حاصل ہوسکیں۔

پھول بن: مطبوعہ۔حیدرآباد مجلس اشاعت دکنی مخطوطات، ۱۹۳۷ء، ص ۳۰۶۔

ابن نشاطی سلطان عبداللہ قطب شاہ کے درباری شاعروں میں سے تھے۔ ان کی مثنوی ''پھول بن'' کو عبدالقادر سروری نے تحقیق وتدوین کے بعد شائع کیا۔ کتاب کے شروع میں ایک سوانیس صفحات پر مشتمل ضخیم مقدمہ شامل ہے۔ کتاب میں قدیم دکنی الفاظ کے معنی بھی دیئے گئے ہیں۔ اس میں عبداللہ قطب شاہ اور ابن نشاطی کی تصاویر بھی شامل ہیں۔

کلیات سراج اورنگ آبادی: مطبوعہ۔حیدرآباد سالار جنگ پبلشنگ کمیٹی، ۱۹۳۸ء، ص ۶۷۴۔

عبدالقادر سروری نے متعدد قلمی نسخوں کی مدد سے انتہائی محنت کے ساتھ سراج اورنگ آبادی کے کلام کو ترتیب دیا ہے۔ انہوں نے ایک سو چھیالیس صفحات پر مشتمل ایک مفصل مقدمہ بھی تحریر کیا جس میں سراج اورنگ آبادی کی شاعرانہ صلاحیتوں اور حالات زندگی کو پیش کیا گیا ہے۔ کلیات میں غزلیات کو ردیف وار درج کیا گیا ہے جبکہ متفرقات کے حصہ میں فردیات، رباعیات، قصائد، مستزاد، مخمسات، مناجات وغیرہ شامل ہیں۔

سیف الملوک وبدیع الجمال: مطبوعہ۔حیدرآباد دکن، سلسلہ یوسفیہ، ۱۹۳۹ء، ص ۱۷۹۔

اس کتاب میں میر سعادت علی رضوی نے عبداللہ قطب شاہ کے ملک الشعراء ملا ابو محمد غواصی کی شاہکار مثنوی ''سیف الملوک وبدیع الجمال'' کو ترتیب دیا ہے۔ اس پر انہوں نے ضخیم مقدمہ تحریر کرتے ہوئے شاعر کے حالات اوران ماخذات کی طرف نشاندہی کی ہے جن کی مدد سے یہ مثنوی مرتب کی گئی ہے اس کو پانچ عنوانات کے تحت درج کیا گیا ہے۔

(۱) حالات زندگی (۲) غواصی کی شاعری (۳) زبان اور طرز بیان

(۴) سیف الملوک و بدیع المال (قصہ کا ماخذ، قصہ کا خلاصہ، سنہ تصنیف)

(۵) مخطوطے (سیف الملوک و بدیع الجمال)۔

کتاب کا پیش لفظ سید محمد اعظم صدر انجمن اشاعت دکنی مخطوطات نے لکھا ہے۔

طوطی نامہ: مطبوعہ۔حیدر آباد دکن، سلسلہ یوسفیہ، ۱۹۳۹ء، ص ۲۹۰۔

اس کتاب میں میر سعادت علی رضوی نے عبداللہ قطب شاہ کے ملک الشعراء ملا ابو غواصی کی ایک مثنوی ''طوطی نامہ'' کو اپنے اکتالیس صفحات پر مشتمل مقدمہ کے ساتھ مرتب کیا ہے۔اس مقدمہ میں ان کے حالاتِ زندگی اور شاعری وغیرہ کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔مقدمہ کے اجزاء درج ذیل ہیں۔

۱۔ حالات زندگی، شاعری، زبان و بیاں

۲۔ مخطوطے طوطی نامہ کے قصے کا ماخذ اور ترجمے

۳۔ طوطی نامہ کے حکایات کا خلاصہ اور فہرست

قصہ بے نظیر: مطبوعہ۔حیدر آباد، سلسلہ یوسفیہ، ۱۹۳۹ء، ص ۱۶۰۔

اس کتاب میں پروفیسر عبدالقادر سروری نے صنعتی بیجاپوری کی مثنوی ''قصہ بے نظیر'' کو انتہائی تحقیق و تدقیق سے ایڈٹ کر کے پیش کیا۔اس پر انہوں نے انیس صفحات پر مشتمل ایک مقدمہ بھی تحریر کیا۔کتاب کا پیش لفظ سید محمد اعظم نے لکھا ہے۔فہرست مشمولات درج ذیل ہے۔

(۱) مقدمہ (۲) متن قصہ بے نظیر (۳) حمد، نعت، منقبت، تعریف سخن، مدح سلطان سبب تالیف آغاز داستان۔

کلیات سلطان محمد قلی قطب شاہ: مطبوعہ۔حیدر آباد، سلسلہ یوسفیہ، ۱۹۴۰ء، ص ۱۰۶۸۔

ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے سلطان محمد قلی قطب شاہ معانی کے کلام کو انتہائی محنت اور جدو جہد کے بعد مرتب و مدون کیا ہے۔انہوں نے تین سو باون صفحات پر مشتمل ایک ضخیم مقدمہ بھی تحریر کیا۔جس میں انہوں نے سلطان محمد قلی قطب شاہ کے حالات زندگی شاعرانہ صلاحیتوں اور دیگر امور پر روشنی ڈالی ہے۔کلیات میں دو سو بیس نظمیں، تین سو بارہ غزلیں جبکہ دیگر اصناف میں رباعیاں، قصیدے، مرثیے، ریختیاں اور ایک مختصر مثنوی شامل ہے۔

کلیات میں مختلف تصاویر بھی شامل ہیں۔

گلشن عشق: مطبوعہ-حیدرآباد ’سلسلہ یوسفیہ‘ س ن، ص ۳۳۱۔

قدیم اردو مراکز میں بیجاپور کو خاص اہمیت حاصل ہے۔اس کتاب میں پروفیسر سید محمد نے بیجاپور کے ملک الشعرا نصرتی کی عشقیہ مثنوی ’’گلشن عشق‘‘ کو مکمل معلومات پر مشتمل مقدمہ کے ساتھ شائع کیا ہے۔جس میں شاعر کی زندگی کے حالات، شاعرانہ صلاحیتوں اور اس مثنوی کے حوالہ سے بحث کی گئی ہے۔اس کتاب میں سید محمد اعظم کا لکھا ہوا پیش لفظ اور فرہنگ بھی شامل ہے۔

کلیات عبداللہ قطب شاہ: مطبوعہ-حیدرآباد سالار جنگ پبلشنگ کمیٹی، س ن ء، ص ۱۱۸۔

پروفیسر سید محمد نے سلطنت گولکنڈہ کے ساتویں حکمران سلطان عبداللہ قطب شاہ کے دیوان کو مکمل تلاش و تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے۔عبداللہ قطب شاہ ایک مستند شاعر تھے۔کتاب کے شروع میں مؤلف کا مقدمہ شامل ہے۔جبکہ غزلیات کو ردیف ’’الف‘‘، ’’ب‘‘، ’’ت‘‘ اور ’’ث‘‘ کے طریقہ سے شامل کیا ہے۔دیوان میں کل ستانوے غزلیں اور ایک مرثیہ شامل ہے۔کتاب کا پیش لفظ مہدی نواز جنگ نے تحریر کیا ہے۔

چندر بدن ومہیار: مطبوعہ-حیدرآباد مجلس اشاعت دکنی مخطوطات‘۱۹۵۶ء، ص ۱۲۰۔

محمد اکبرالدین صدیقی نے مرزا محمد مقیم مقیمی بیجاپور کی مثنوی ’’چندر بدن ومہیار‘‘ کو انتہائی محنت سے ترتیب دیا۔کتاب کا پیش لفظ مہدی نواز جنگ نے تحریر کیا ہے۔کتاب کو درج ذیل حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(۱) تاریخی جائزہ، عادل شاہی سلطنت (۲) مقیمی کے والد (۳) پیدائش، مقیمی کی تصانیف
(۴) مقیمی کے معاصرین (۵) قصہ چندر بدن ومہیار (۶) ادبی خصوصیات

فٹ نوٹ میں مشکل الفاظ کو درج کیا گیا ہے۔ چندر بدن ومہیار کے قصہ کو بھی مختلف عنوانات کے تحت انتہائی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

قصہ رضوان شاہ وروح افزاء: مطبوعہ-حیدرآباد، ’مجلس اشاعت دکنی مخطوطات‘، ۱۹۵۶ء، ص ۱۶۶۔

اس کتاب میں پروفیسر سید محمد نے قطب شاہی عہد کے مشہور شاعر فائز کی مثنوی ’’رضوان شاہ وروح افزاء‘‘ کو مرتب کر کے مفید مقدمہ کے ساتھ پیش کیا ہے۔کتاب کا پیش لفظ مہدی نواز جنگ نے تحریر کیا ہے۔کتاب کے آخر میں فرہنگ بھی دی گئی ہے۔

تصویر جاناں: مطبوعہ۔حیدرآباد، 'مجلس اشاعت دکنی مخطوطات'، ۱۹۵۷ء، ص ۷۰۔

لچھمی نارائن شفیق اورنگ آبادی مشاہیر ادب میں خاص مقام رکھتے ہیں ان کی کتابوں ''چمنستان شعراء'' اور ''گل رعنا'' کو تاریخ ادب میں نہایت اہمیت حاصل ہے۔زیر نظر کتاب میں خواجہ حمید الدین شاہد نے ان کی مثنوی ''تصویر جاناں'' کو ایڈٹ کیا ہے۔مرتب نے مقدمہ میں اس مثنوی کے شاعر اور دیگر بنیادی ماخذات کی وضاحت کی ہے۔اس کتاب کا پیش لفظ مہدی نواز جنگ نے تحریر کیا ہے۔

پنچھی باچھا: مطبوعہ۔حیدرآباد سالار جنگ پبلشنگ کمیٹی، ۱۹۵۹ء، ص ۲۵۶۔

سید محمد نے وجیہہ الدین وجدی کی مثنوی ''پنچھی باچھا'' کو مرتب کیا ہے۔انہوں نے مثنوی کی ترتیب کے ساتھ مقدمہ میں شاعر کے مختصر حالات زندگی، تصانیف اور مثنوی کے حوالہ سے بات کی ہے۔کتاب کا پیش لفظ مہدی نواز جنگ کا تحریر کیا ہوا ہے۔

علی نامہ: مطبوعہ۔حیدرآباد سالار جنگ پبلشنگ کمیٹی' ۱۹۵۹ء، ص ۴۲۸۔

ملک الشعرا بیجاپور محمد نصرت نصرتی کی شاہکار، رزمیہ مثنوی ''علی نامہ'' کو پروفیسر عبدالمجید صدیقی نے مرتب کر کے شائع کیا۔مقدمہ میں مصنف نے شاعر اور مثنوی کے حوالہ سے تفصیلی بات کی ہے۔کتاب کا پیش لفظ میر نواز جنگ نے لکھا ہے۔

اِس ادارہ کی جانب سے شائع ہونے والی تحقیقی و تدوینی کتب سے اُردو زبان کے آغاز و ارتقاء کی تاریخ کے نقوش واضح ہوتے ہیں۔اُردو کے پہلے صاحبِ دیوان شاعر محمد قلی قطب شاہ کا دیوان بھی اسی ادارہ کی تاریخی اہمیت کی حامل کوشش ہے جس کی اشاعت سے اُردو ادب کی تاریخ میں ایک اہم تبدیلی ہوتی گئی اور اصحاب نقد و نظر کو یہ فیصلہ کرنا پڑا کہ اُردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر ولی دکنی نہیں بلکہ محمد قلی قطب شاہ ہے۔دوسرے حیدرآباد میں مقیم مسلمان امراء اور اراکین دولت عثمانیہ کے کتب خانوں سے ادب کے نوادرات کو منظرِ عام پر لانے اور ان کی اشاعت کا بیڑہ اُٹھانے میں اس مجلس نے اہم کردار ادا کیا۔بہمنی، قطب شاہی اور عادل شاہی ادوار کے ادبی کارناموں کو نہ صرف تاریکی سے نکالا بلکہ ان کی ترتیب و تدوین سے علمی و تحقیقی دنیا کو نئے موضوعات بھی دیئے۔ان نایاب اور تاریخی نوعیت کی حامل مثنویوں کو مرتبین نے پرمغز مقدمات کے ساتھ پیش کیا۔یوں یہ ادارہ ایک فرد (نواب میر یوسف علی خاں سالار جنگ) کی مساعی سے آگے بڑھ کر دکن کے نامور تحقیقی ادارہ کی شکل اختیار کر گیا۔

حیدرآباد دکن علمی وادبی ترقیوں کے حوالہ سے ہندوستان کے دوسرے علاقوں سے بالکل مختلف تھا۔ یہاں اہلِ فکر ونظر، صاحبان فہم وذکاء اور دانشوروں نے اپنی مادری زبان (اُردو) میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے۔ حکمرانوں اور دیگر اہم شخصیات نے اُردو دوستی، سرپرستی اور علم پروری کو اپنی زندگی کا شعار بنایا۔ نواب میر یوسف علی خاں سالار جنگ کا شمار بھی ایسی ہی شخصیات میں ہوتا ہے۔ جنہوں نے قدیم ادب کی ضرورت واہمیت کو سمجھتے ہوئے مجلس اشاعت دکھنی مخطوطات، ایسے ادارے کی داغ بیل ڈالی جس نے بے شمار نئی کتابیں صاحبان علم و دانش کے سامنے پیش کیں۔ زوال حیدرآباد (۱۹۴۸ء) کے ساتھ ہی اُردو کا زوال بھی شروع ہوگیا اور یہ نادر و نایاب ادارہ حکومت ہند کی تحویل میں چلا گیا اور پھر اُردو دشمن منصوبہ بندی کا شکار ہوگیا، مجلس نے دکنی مخطوطات کی اشاعت میں عظیم الشان خدمات انجام دیں اور ۱۹۵۸ء تک دو درجن سے زیادہ مخطوطات شائع کیے [۸]۔ اس ادارے کی جانب سے شائع ہونے والی کتب نے قدیم دکنی ادب کی تلاش و ترتیب کے لیے ایک رہنما کا کردار ادا کیا۔ مختلف لائبریریوں میں صدیوں سے موجود مخطوطات کو دکنی زبان وادب کی خدمت کی غرض سے عوامی مطالعہ کے لیے پیش کیا گیا اور یہی تحریک اس ادارہ کا سب سے اہم کارنامہ ہے کیونکہ اُس سے لوگوں میں دکنی زبان وادب سے محبت کے ساتھ ساتھ اپنے تاریخی ورثہ کی حفاظت کا جذبہ بھی پیدا ہوا۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ حیدرآباد کے چند علمی وادبی ادارے از سید اظہر علی ترمذی مشمولہ علمی وآگہی، جلد دوم، ۷۵-۱۹۷۴ء، ص ۲۲۴۔

☆۱۔ حیدرآباد دکن میں علمی وادبی خدمات انجام دینے والے اداروں کے بارے میں معلومات شفیعہ قادری کی کتاب ''حیدرآباد کے علمی وادبی ادارے''، مطبوعہ مکتبہ شعر وحکمت، ۱۹۹۳ء سے لی گئی ہیں۔

۲۔ حیدرآباد کے چند علمی وادبی ادارے از سید اطہر علی ترمذی، ص ۲۲۷۔

☆۲۔ نواب میر یوسف علی خاں سالار جنگ بہادر، عماد السلطنت نواب لائق علی خاں سالار جنگ ثانی کے اکلوتے فرزند اور نواب تراب علی خاں سر سالار جنگ شجاع الدولہ مختار الملک کے پوتے تھے بحوالہ حیدرآباد کے علمی وادبی ادارے از شفیعہ قادری، ص ۵۹۔

۳۔ خطبہ صدارت از سالار جنگ سوم مشمولہ شیرازہ (زور نمبر) مئی ۱۹۶۳ء۔

۴۔ حیدرآباد کے علمی ادبی ادارے از شفیعہ قادری، حیدرآباد، مکتبہ شعر وحکمت ۱۹۸۳ء، ص ۵۶۔

۵۔ رسالہ کارواں (حیدرآباد نمبر) جلد۲، شمارہ ۹، ۱۰، ستمبر اکتوبر، ۱۹۵۲ء، کراچی، کارواں ادب، ص ۴۹۔

۶۔ ابتدائیہ ''رسالہ جامعہ'' مرتب نورالحسن ہاشمی، جلد ۳۳ شمارہ ۵، مئی ۱۹۴۰ء۔

۷۔ حیدرآباد کے علمی وادبی ادارے از شفیعہ قادری، ص ۶۰۔

☆۳۔ اس ادارے کا آغاز میر یوسف علی خاں سالار جنگ کی خواہش پر ہوا۔ اسی نسبت سے اس ادارے کی کتب سلسلہ یوسفیہ اور سالار جنگ پبلیشنگ کے تحت شائع ہوئیں۔ بحوالہ رسالہ سب رس نصیر الدین ہاشمی نمبر، ص ۷۷۔

☆۴: ان کتب کا ذکر رسالہ ''سب رس'' کے نصیرالدین ہاشمی نمبر کے صفحہ ۷۷ پر بھی موجود ہے۔

۸۔ حیدرآباد کے چند علمی اور ادبی ادارے از سید اظہر علی ترمذی، ص ۲۲۷۔

☆☆☆

پاکستانی خواتین افسانہ نگار کے افسانوں میں مشاہداتی عنصر و مقصدیت

ڈاکٹر محمد یوسف خشک*

Abstract:

In this article it has been expressed through research that short stories of women writers from the four provinces (Sindh Punjab, Balochistan & Frontier) of Pakistan are not limited to entertainment but in these short stories such unfelt social problems, which are invisible by usual sight & become dangerous social disease, pointing out with artistic sublimity the different stages of these diseases, are followed by effective remedy, from an individual to regional, national and international social evils.

Despite of all this, why is the speed of progress so slow in these particular circles? What are the basic reasons of this? how this can be eliminated and speed of progress can be accelerated? ,so that the double opportunities can be availed by the generations to see and understand the beauty of universe. This article carries the related material.

ادب کی دنیا میں داستان کے بعد ناول کی ایجاد ویسی ہی ہے جیسے دو انسانوں میں وسائل ملاقات کم یا نہ ہونے کے سبب خط کی ایجاد اسی طرح پھر افسانے کی ایجاد ویسی ہی ہے جیسے خط والے پیغام کو تیز رفتاری سے پہنچانے کی خواہش کے نتیجے میں ٹیلیفون کی ایجاد۔ جس طرح ٹیلیفون جلد از جلد دوسرے تک اپنا پیغام پہنچانے کی خواہش کے نتیجے میں سائنس دانوں کے ذہن کی ایجاد ہے بالکل اسی طرح اپنے معاشرے کو ہر وقت صحتمند رکھنے اور اس میں پیدا ہونے والی اچھائی اور برائی کی نشاندہی اور اس سے فائدہ یا بچاؤ کی تدابیر عام تک فوراً پہنچانے کی خواہش کے نتیجے میں افسانہ ادیب کے ذہن کی ایجاد ہے۔

پیدائش سے لے کر موت تک، سستی سے لے کر جدو جہد تک، بیوقوفی سے لے کر دانشمندی تک، غربت سے لے کر امیری تک، غلامی سے لے کر شہنشاہی تک، فطرت سے لے کے انسانی بناوٹ تک، جسم سے لے کر روح تک، علاقائی رسموں سے لے کر مذہبی عروج تک، گھر سے لے کر گاؤں تک، شہر سے لے کر صوبے تک اور ملک سے لے کر بین الاقوامی معاشرے تک پاکستانی افسانہ نگار خواتین وہ صوبہ سندھ سے تعلق رکھتی ہوں یا پنجاب سے

* صدر شعبہ اردو، شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیرپور سندھ

بلوچستان یا صوبہ سرحد سے ان افسانہ نگاروں کے قلم کے دائرے سے کوئی موضوع باہر نہیں ہے، بلکہ کمال یہ ہے کہ ان کی آنکھیں عام آنکھوں کی طرح ظاہری صورتحال پر گزارا نہیں کرتیں بلکہ ان کی خوردبینی آنکھیں اس کی بنیادی وجوہات پر نہ صرف پہنچ جاتی ہیں بلکہ اس کے بڑھاوے یا خاتمے کے لیے الله لوکی انداز میں اس کا نسخہ بھی واضح کر جاتی ہیں۔

جس طرح کائنات وسیع ہے، اسی طرح اس موضوع میں بھی وسعت پائی جاتی ہے پاکستان کے چاروں صوبوں سندھ، پنجاب، بلوچستان اور سرحد میں لکھے جانے والے چند افسانوں کی معرفت پاکستانی افسانہ نگار خواتین کے زرخیز ذہنوں میں آباد گلشنو ں میں سے چند پھولوں کی خوشبوئیں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

بچے اور خواتین افسانہ نگار

ہر قوم کا مستقبل بچوں سے وابستہ ہوتا ہے بچے ہر گھر میں، ہر محلے میں ہوتے ہیں آج جو یہاں تمام نوجوان، زرگ بیٹھے ہیں کل بچے ہی تھے، اگر بچوں کی پرورش پر خاص توجہ دی جائے تو پوری قوم کی تقدیر انسانیت کی تقدیر خود بخود بہتر سے بہترین کی طرف رواں دواں رہے گی۔

افسانہ نویس رقیہ آرزو کا تعلق صوبہ بلوچستان سے ہے آپ کے ایک افسانے کا عنوان ہے، روشنی تک کا سفر۔اس افسانے میں انجم آرا جو اکرم علی کی دوسری بیوی ہے جسے اپنا ایک سالہ خوبصورت بچہ ہے جو ہر وقت اس کی توجہ کا مرکز رہتا ہے مگر وہ اپنی تین سالہ سوتیلی بیٹی بانو کو کبھی بھی پیار و شفقت کی نظر سے نہیں دیکھتی بلکہ اکثر اسے تھپڑ رسید کر دیا کرتی ہے، اتفاق سے اس کا اپنا بچہ باورچی خانے میں اسٹو سے ٹکرا کر جل کے مر جاتا ہے۔ ایک دن بانو روتے روتے سو جاتی ہے آنسو اس کے گال پر خشک ہو جاتے ہیں جس کے نشان واضح ہیں نیند سے اٹھتی ہے اور بانو انجم آرا کے پاؤں سے آ کر چمٹ جاتی ہے۔اس وقت بانو کو اپنا بچہ یاد آ رہا ہوتا ہے اور وہ بانو کا اٹھا کر سینے سے لگا لیتی ہے۔اس طرح اندھیرے کا سفر روشنی میں بدل جاتا ہے۔

بظاہر تو اس افسانے میں مفاہمت اور سمجھوتے کی فضا نظر آتی ہے جو بذات خود ایک بڑا نکتہ ہے لیکن اس کے اندر جو دوسرا نکتہ پس پردہ ہے وہ یہ کہ اپنے بچوں پر توجہ دینے کے ساتھ ساتھ دیگر کے بچوں پر بھی توجہ دینا لازمی ہے کیونکہ نمبر ایک آپ کے بچوں کا مسقبل دیگر کے بچوں کے ساتھ جڑا ہوا ہے، اس لیے دیگر بچوں کی بہتر تربیت آپ کے بچے کی بہتر مسقبل کی ضمانت ہے۔اگر آپ کے اپنے بچے نہیں ہیں تو آپ کا اپنا مسقبل دیگر کے بچوں سے جڑا ہوا ہے جیسے ہم سب کا ایک دوسرے کے ساتھ۔اس لیے ان کو پہچاننے سے شفقت دینے سے گریزاں نہیں

ہونا چاہئیے ، ورنہ دوسرے تو دور کی بات اگر اپنے بچوں سے بھی شفقت نہ برتی جائے تو اس کے نتائج کس حد تک خطرناک ہو سکتے ہیں ان کی ایک جھلک پر مشتمل عطیہ سید کا افسانہ ''حکایت خونچکاں (۲) ملاحظہ ہو:

اس افسانے میں بچے ماں باپ کی سخت جھگڑالو زندگی میں پلتے بڑھتے ہیں۔ ماں بہت سخت ہے۔ بہن بھائی کی لڑائی میں ۸ سالہ بھائی کو قیدیوں کی طرح پورے دن کے لیے اندھیرے تہ خانے میں بند کر دیتی ہے۔ بیوی سے جگھڑے کے دوران چوٹ لگنے سے شوہر مر جاتا ہے اور بیوی معاشرے کے سامنے اس موت کو حادثہ قرار دیتی ہے، بچہ جواب جوان لڑکا بن چکا تھا اس کی چھٹی حس ارادۂ قتل کو محسوس کر لیتی ہے اور دوسری طرف ماں کی آنکھیں لڑکے کے اندر کا شک پڑھ لیتی ہیں۔ رات کو اپنے بیٹے پر گوشت کاٹنے والے چھرے سے حملہ آور ہوتی ہے لیکن ناکام رہتی ہے اور خود ماری جاتی ہے۔ اس قتل کے بعد یہ لڑکا شہر کے کئی بچوں کو بہلا پھسلا کر گھر لے آتا ہے اور قتل کر تیزابی ڈرموں میں ڈالتا رہتا ہے، جو اس کی عادت بن چکی ہوتی ہے اور اس عمل میں وہ ایک لذت محسوس کرنے کی وجہ اسے دھراتا رہتا ہے۔

اب آپ غور کیجیے پہلے افسانے میں ایک افسانہ نویس خاتون، بچوں سے شفقت بھرے رویے پر زور دیتی ہے اور اس کے فوائد بیان کرتی ہے تو دوسری خاتون افسانہ نگار اپنے ہی بچوں کو شفقت نہ دینے پر اس کی بھیانک نتائج سے آگاہی دیتی ہے اور اپنے افسانے کی معرفت ہدایت دیتی ہوئی ملتی ہے کہ اپنے بچوں کو شفقت دیتے ہوئے گریز نہ کیجیے کیونکہ اس گریز سے ان کی معصومیت مستقبل میں شفقت کے ٹھنڈے سایہ دار شجر میں تبدیل ہونے کے بجائے خاردار گہرے زخم دینے والی درخت کا روپ بھی اختیار کر سکتی ہے جس کے صرف قریب سے گذرنے میں سکون کے بجائے تکالیف کا سامنا ایک کو نہیں پورے معاشرے کو کرنا پڑ سکتا ہے۔

بہتر مستقبل اور صحتمند معاشرے کی ضمانت بچوں کی درست پرورش ہے۔ کہاں پر اور کیسے ہم سے غلطی ہوتی ہے، جہاں سے معاشرہ بیمار ہونا شروع ہو جاتا ہے، ایسی مختلف معاشرتی بیماریوں کی ابتدائی علامات اور ان کے علاج سے پاکستانی خواتین کے افسانے مالا مال ہیں۔

مرد کی گھریلو زندگی کے خارجی اور داخلی الجھنیں اور افسانہ نگار عورت

عام طور پر مسائل کو ہم دو اقسام میں تقسیم کرتے ہیں ایک ظاہری مسائل جو ہر ایک کو نظر آتے ہیں ان کا ہر ایک کے ساتھ اظہار کیا جا سکتا ہے، دوم پوشیدہ مسائل جو نہ تو ہر ایک دیکھ سکتا ہے نہ دکھائے جا سکتے ہیں اور نہ ہی ہر کوئی محسوس کر سکتا ہے دونوں رنگوں سے وابستہ ایک ایک افسانہ بطور نمونہ پیش کیا جاتا ہے۔

کینچلی (۳) یہ بانو قدسیہ (آپ کا تعلق صوبہ پنجاب سے ہے) کا افسانہ ہے جس میں ایک مالدار انجنیئر جو سارا دن دفتر میں مصروف رہنے کے بعد جب گھر آتا ہے تو اس کی بیوی اکثر شاپنگ پر ہوتی ہے، بیٹیاں کسی پارٹی میں یا فلم دیکھنے میں مصروف ہوتی ہیں بیٹا ڈسکو میوزک سننے، موٹر سائیکل چلانے اور ٹیلیفون وٹیلیوژن کے ساتھ مگن رہتا ہے۔ مجموعی طور پر بچوں اور بیوی کی، میاں میں صرف بینک چیک لینے کی حد تک دلچسپی رہ جاتی ہے۔

اس روزمرہ کی بے توجہی زندگی سے تنگ آ کر وہ پاکستان سے کچھ دنوں کے لیے ہندوستان کا رخ کرتا ہے تا کہ اپنے بچپن سے مصافحہ اور اوائل جوانی کی یادوں کو تازہ کر سکے۔ لیکن وہاں بھی سب کچھ بدل چکا ہوتا ہے۔ واپسی پر ایک پہاڑی راستے سے گذر کرتے ہوئے اسے سانپ کی لمبی کینچلی نظر آتی ہے جسے وہ پلاسٹک تھیلی میں ڈال کر اپنے بیگ میں رکھ لیتا ہے۔

گھر واپسی پر سب تحفوں کے منتظر ہوتے ہیں اور حاصل کرنے کے بعد بیوی اور بچے پوچھتی ہیں آپ اپنے لیے کیا لائے ہیں۔ اس وقت وہ اپنے بیگ میں موجود پلاسٹک کا لفافہ نکال کر اس میں سانپ کی کینچلی نکال کر سب کو دکھاتا ہے لڑکیاں کراہت سے اسے چھوتی ہیں تو بیوی حیران ہو کر اس کا منہ تکنے لگتی ہے، تو یہ بتاتے ہوئے کہتے ہیں:

> ''میں یہ کینچلی لایا ہوں دھرمسالہ سے، جیسے سانپ اپنی کینچلی میں دوبارہ داخل نہیں ہوسکتا۔۔۔۔ ایسے ہی کوئی شخص اپنے ماضی سے نکل آنے کے بعد پھر اس میں داخل نہیں ہوسکتا جب جوانی، بچپن، شہر لوگ۔۔۔۔ دوست، محبوبائیں بچھڑ جاتی ہیں تو پھر ان سے ملاقات نہیں ہوسکتی'' (۴)

لیکن اس کا خاندان اس کی اس بات سمجھنے سے قاصر رہتا ہے صرف لڑکا ساجد ہاتھ بڑھا کر کہتا ہے: ''ابوا سے میں رکھ لوں اپنے کمرے میں، میرے دوست بڑے امپریس ہونگے'' (۵) اور یہ افسانہ ختم ہو جاتا ہے۔

اس افسانے میں مصنفہ کے مقصد اور گہرائی کو مدنظر رکھیں تو اس افسانے میں ہجرت کر کے آنے والے لکھاریوں کے لیے پیغام ہے کہ وہ اپنی تحریروں میں ماضی کو بھول کر حال یعنی پاکستان کے ثقافتی تجربات کی روشنی میں حقیقی صورتحال پیش کریں، لیکن کامیاب تخلیق کی یہی نشانی ہوتی ہے کہ وہ ہر سطح کے قاری پر اپنا تاثر چھوڑنے میں کامیاب ہو۔ اور بانو قدسیہ کا یہ افسانہ بھی ڈائمنڈ کی طرح ہے معاشرے کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتا ہے مثلاً اب اگر اس افسانے پر عام قاری کی طرح غور کریں تو ایک شخص اپنے احساس کو دوسروں کے ساتھ شیئر کر کے خود کو چھوٹا نہیں کرنا چاہتا، لیکن وہ ایک ایسی تنہائی کا شکار ہے جو اندر ہی اندر سے جلا پگھلا کر اسے ختم کیے جا رہی

ہے۔ ہمارے معاشرے میں اسی تنہائی (میلے میں بھی اکیلے) والے مرض میں ہزاروں معتبر شخصیات بیوی بچوں کے باوجود گھری ہوئی ہیں اور یہ مرض جب حد سے زیادہ بڑھ جائے تو خاموشی سے ناجائز رشتے پیدا کرنے سے لے کر خودکشی تک کا روپ اختیار کر لیتے ہیں، اور ایسے نتائج کے لیے پھر قصوروار بھی مردوں کو ٹھرایا جاتا ہے۔ حاصل مقصد یہ کہ جس طرح نیند آدمی کی قوت کو Recharge کر دیتی ہے، اسی طرح گھر اور گھر والوں کی توجہ آدمی میں جینے کی خواہش کو دوبالا کر دیتی ہے۔ لیکن مردوں کے اس بین الاقوامی مسئلے کی وکالت جس خوبصورتی کے ساتھ پاکستانی خاتوں نے اپنے مشاہدے اور قلم کے زور سے کی ہے ایسی مثالیں ادب میں کم ہی ملتی ہیں۔

اسی طرح صوبہ بلوچستان کی افسانہ نگار فردوس انور قاضی کا افسانہ ''تاویج'' (تعویذ) (۶) ملاحظہ ہو:

افسانہ تاویج میں ایک غریب آدمی اس کے تین بچے اور تیز طبیعیت کی مالک بیوی کو دکھایا گیا ہے۔ گھر میں صفائی ذرا برابر نہیں، گندے کپڑے، اوپر سے ہر وقت گالیوں سے بھرا جھگڑا، میاں اس ماحول سے بیزار مگر بیوی کے سامنے منہ نہیں کھولتا۔ ایک ن سخت بھوک کے باوجود روٹی کے بجائے تیز لہجہ ملنے کی وجہ سے بیوی کو تھپڑ مار دیتا ہے۔ میاں میں یہ اچانک تبدیلی دیکھ کر بیوی کو محسوس ہوتا ہے اس پر کسی نے جادو کیا ہے۔ اس کا توڑ نکالنے کے لیے گاؤں کے مولوی کے پاس جا کر اسے سارا قصہ سنا کر آخر میں کہتی ہے کہ کوئی ایسا تاویج دے جس سے میرے میاں پر جادو کا اثر ختم ہو جائے۔ تھوڑے وقفے کے بعد مولوی اسے دو کاغذ تعویذ کی شکل میں چوکور لپیٹ کر دیتے ہوئے پوچھتا ہے۔ تمہارے میاں کو کھانے میں کیا پسند ہے؟ وہ بتاتی ہے آلو، بھنڈی، ٹنڈے جو مجھے پسند نہیں۔ مولوی ہدایت دیتے ہوئے آخر میں کہتا ہے:

> ''گھر اور بچوں کو صاف ستھرا رکھ، ناپاکی سے تعویذ کا اثر ختم ہو جائیگا، چالیس دن تک وہی پکا جو تیرے میاں کو پسند ہے۔ اس پکے ہوئے کھانے پر تعویذ گھما کے پھر میاں کو کھانا دے غصے پر قابو رکھ اگر زیادہ آئے تو دانتوں تلے اس تعویذ کو رکھ دینا کھول کر تعویذ کو نہ دیکھنا ورنہ حرف اڑ جائیں گے اثر ختم ہو جائیگا'' (۷)

گھر واپس آ کر وہ وہی کام کرتی ہے، میاں حیران ہے کہ گھر بچے صاف روایت کے خلاف سکون، خوش تو بہت ہوتا ہے لیکن ڈر کے مارے تعریف نہیں کرتا کہ کہیں پھر غصے میں آ کر گالیاں نہ سنانا شروع کر دے۔ میاں اتنا کچھ تبدیل ہونے کے باوجود جب تعریف نہیں کرتا تو بیوی کو سخت غصہ آ رہا ہوتا ہے خوب گالیاں دینے کو جی چاہتا

ہے مگر مولوی صاحب کی ہدایت کے موجب تعویذ دانتوں تلے رکھ کر ضبط کر لیتی ہے۔

چالیس دنوں تک کوئی جھگڑا نہیں ہوتا اس خوشی میں بیوی مولوی صاحب کو نذرانہ پیش کرنے کی تیاری کر رہی ہوتی ہے تو اتنے میں میاں گھر میں داخل ہوتا اور بیوی کے واسطے خریدا ہوا نیا جوڑا اسے پیش کرتے ہوئے بتاتا ہے کہ اس نے روزانہ کی مزدوری سے چالیس دن تک کچھ پیسے بچا کر یہ پیار میں خریدا ہے۔ بیوی کی خوشی کی انتہا نہیں رہتی اور میاں کو سمجھاتے ہوئے وہ جوڑا بیٹی کے جہیز کے لیے رکھنا چاہتی ہے، لیکن میاں کے اسرار پر اسے اپنا بنانے کے لیے راضی ہو جاتی ہے اور جلدی جلدی مولوی صاحب کو نذرانہ دے کر اس سے دوسرا تعویذ لے آتی ہے۔

اس افسانے میں ایک طرف تو صبر وسلیقے اور مروت میں سب کچھ جیتتا ہوا دکھایا گیا ہے تو دوسری طرف گھریلو ماحول میں نہ صرف مرد کو پیش آنے والے مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے بلکہ اس کی وجوہات کے ساتھ اس کا خوبصورت حل پیش کرتے ہوئے مولوی اور تعویذ کی اہمیت برقرار رکھنے کے ساتھ اس کا راز بھی فاش کر دیا گیا ہے۔ یعنی کسی بھی لمحے افسانہ نگار نے اپنے قاری کو گمراہ نہیں کیا۔

جذبہ وطنیت اور خواتین افسانہ نگار

ہر انسان کو اپنی جنم بھومی سے محبت ہونا اک فطری بات ہے، اپنے مشاہدے کے زور پر اس فطری جذبے کی جڑیں پاتال میں خوبصورتی کے ساتھ رضیہ بٹ نے اپنے افسانے ''جیت'' (۸) میں لگائی ہیں (رضیہ بٹ کا تعلق صوبہ پنجاب سے ہے)۔

اس افسانے میں دو اسکول کے زمانے کے دوست دسویں کے بعد ایک دوسرے سے علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ ایک بزنس مین بن جاتا ہے اور دوسرا فوجی افسر۔ اس افسانے میں فوجی افسر محاذ جنگ پر جاتے ہوئے بچے اور بیوی اپنے دوست کے اس زبانی وعدے کے سہارے چھوڑ جاتا ہے کہ اس کی غیر موجودگی میں وہ ان کا خیال رکھے گا۔ فوجی دوست محاذ جنگ پر مارا جاتا ہے اور بزنس مین اپنی ساری خواہشوں کو چھوڑ کر وعدے کا پاس رکھتے ہوئے دوست کی بیوہ سے شادی کر کے ان کے بچوں کا باپ بن جاتا ہے اور پوری عمر کا انہیں تحفظ فراہم کرتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں جہاں شادی شدہ عورت سے کنوارے مرد کا شادی کرنا بے وقوفی سمجھا جاتا ہے، اس کے اس عمل کو اس کی ماں اور تمام رشتیدار بخوشی قبول کرتے دکھائے گئے ہیں۔

اس افسانے میں جنگ کیا تباہ کاریاں لاتی ہے؟ اس کے بعد معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں، بظاہر تنہا نڈر جوان جو محاذ پر لڑ رہے ہوتے ہیں، ان کے کیا احساسات ہوتے ہیں وغیرہ، ایسے لمحات میں باقی قوم کا

برتاؤ کیسا ہونا چاہئیے ؟ جو ہمارا مجاہد نڈر رہو کر میدان جنگ میں وطن کی حفاظت میں مشغول رہے، اور دونوں صورتوں میں ملکی جنگ جیتنے یا جتوانے کی مہم میں زندگی ہارتے ہوئے بھی خود کو کیسے جیتتا ہوا محسوس کر سکتا ہے؟۔ ان تمام سوالات کے جوابات اس افسانے میں پیش کیے گئے ہیں۔

افسانے کا بنیادی مقصد اپنے شہداء کے ورثا کے ساتھ محبت واپنائیت پیدا کرنا اور مجاہد کے اندر بے خوف و خطر میدان جنگ میں مخالف کا مقابلہ کرنے کا جذبہ قوی تر کرنا ہے۔ سپاہی کی موت پر تو ہر آدمی دکھی ہوتا ہے لیکن اس کے بے سہارا بیوی بچوں کے لیے دکھی ہونا اور ان کے دکھ کا مداوا کرنے کے جذبے کو پیدا کرنا ہے۔ اس افسانے میں مشاہدے کی گہرائی اور مقصدیت کے عنصر کا عروج ہے، جنگ کیا ہے کچھ وقت کی مہم کے بعد ہار یا جیت ،لیکن اس جنگ کے حادثات کے بعد پیچھے بچ جانے والوں کے لیے جب زندگی کا میدان، میدان جنگ بن جاتا ہے ایسے میدان کو عام آنکھ نہیں دیکھ سکتی اور نہ حواس محسوس کر سکتے ہیں، ایسے لمحات کو افسانہ نویس اپنے قلم کے کیمرے سے منظر عام پر لا کر پوری قوم کو اپنے فرض کی یاد دہانی کرواتی ہیں۔

اسی طرح قومی جذبے سے بھرپور دوسرا افسانہ بانو قدسیہ کا ''روس سے معذرت کے ساتھ'' ہے(۹)۔اس افسانے میں افسانہ نویس نے ایک پاکستانی اسٹوڈنٹ اور ایک روسی گائیڈ لڑکی کے نظریاتی بحثوں کی معرفت روس کے کلچر، تہذیب، آرٹ، تاریخ، سیاسی، مذہبی نظریات، وہاں کے دریا، موسم، لباس، رہن سہن کو بڑی خوبصورتی کے ساتھ اپنے افسانے میں سمایا ہے۔ یہ دونوں انتہائی وطن پرست دکھائے گئے ہیں جو دوستی اور محبت کے لمحات مین نظریاتی زہر گھولتے رہتے ہیں۔ ویسے تو یہ پورا افسانہ وطن سے محبت کی گرد گھومتا ہے جس میں اس روسی لڑکی کی وطن سے بے انتہا محبت دکھائی گئی ہے۔

سمرو(کردار کا نام) جب روس میں عورتوں کو سڑکیں دھوتا ہوا دیکھتا ہے تو اس وقت وہ لڑکی سے مخاطب ہوئے کہتا ہے۔

> ''میرے وطن چلو سونیا۔۔۔۔ وہاں عورتیں سڑکیں نہیں دھوتیں، حیدر آباد (سندھ) میں ہماری کوٹھی میں ان گنت ملازم ہیں ایک خانساماں دو نوکرانیاں۔۔۔۔مالی جمعدار تمہیں آرام ہی آرام ملے گا۔''(۱۰)

تو اس کے جواب میں سونیا(کردار کا نام) اپنے ملک کی ریتوں روایات سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہتی ہے:

> ''میں سبزی نہیں ہوں جو میری نلائی کے لیے، پانی دینے کے لیے دوسرے مقرر

ہوں۔تم ساؤتھ ایسٹ ایشیا کے لوگوں کو آرام سے اتنی محبت کیوں ہے۔۔۔۔۔
کیا تمہیں یہ انسان کی ذلت نہیں لگتی کہ ایک آدمی کے آرام کے لیے دوسرے
آدمی اس کے خدمت گذار بن جائیں۔ میں تو ایسے آرام میں ایک گھنٹہ بھی
خوش نہیں رہ سکتی۔''(۱۱)

اس لمحے سمرواس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتا ہے:

اگر تمہیں سڑکیں دھونی پڑیں، ہوٹلوں کے فرش چمکانے پڑے، ٹرک چلانے
پڑے تو۔۔۔۔سونیا؟۔۔۔۔۔''تو کیا؟ میں روس کی سڑکیں صاف کرونگی۔
اپنے روس کی۔۔۔ یہ اعزاز کچھ کم نہیں میرے لیے۔تم جیسی شکل وصورت کی
لڑکی تو مہارانی بن کر رہ سکتی ہے اپنے سندھ میں''۔

سمرواسے مزید چھیڑتے ہوئے کہتا ہے: میرے ساتھ چلو جب تک میں کام کرونگا تمہیں کچھ نہیں کرنا پڑیگا۔تمہاری جگہ کھانا بھی پکالیا کرونگا وہ سنجیدگی کے ساتھ کہتی ہے: کیوں؟ میں کوئی لولی لنگڑی ہوں اپاہج ہوں، میں کسی کی دی ہوئی روٹی کیوں کھاؤں؟ میں عورت ہوں ہاتھ پاؤں والی۔

تمہاری مرضی آفرا اچھی تھی
شکریہ ڑمزا چھے نہیں تھے۔(۱۲)

اس طرح ایک درجن سے زیادہ موضوعات پر معلومات فراہم کرنے والا یہ افسانہ اردو سمجھنے والی تمام خواتین میں بڑے خوبصورت طریقے سے عورت کی معاشرتی ذمیداریوں کے ساتھ اس کی حیثیت، مقام، حقوق کے ساتھ ساتھ خصوصاً وطن سے محبت کے جذبے کو اجاگر کرتا ہے۔

جنریشن گیپ اور خواتین افسانہ نگار

جنریشن گیپ پوری دنیا کا مسئلہ ہے اور صوبہ سرحد کی افسانہ نویس فہمیدہ اختر کا افسانہ ''نیا سورج''(۱۳) اسی موضوع پر ہے۔اس افسانے میں ایک لڑکی شادی کے بعد اپنے شوہر کے دل اور گھر کی شہنشاہ دکھائی گئی ہے۔اس نے اپنے پیار کی طاقت کے زور پر اپنی شادی کے ابتدائی دنوں میں گھر کے ساتھ بہنے والی ننھی سی ندی کے کنارے بیری کا درخت لگواتی ہے، جس کے بڑے ہو جانے پر وہ اس میں جھولا ڈال کر جھولا جھولتی ہے۔ جوانی کے بعد بزرگی کا دور آتا ہے، شوہر مر جاتا ہے، بیٹا جوان ہے بہو گھر میں آتی ہے وہ اپنے شوہر سے ندی کنارے بیری کا درخت کٹوا کر ادھر باغ

لگوانا چاہتی ہے اور یہ باوجود کوشش کے کچھ نہیں کر پاتی باغ لگ جاتا ہے اور یہ دیکھتی رہ جاتی ہے۔

یہ افسانہ دو جنریشنس بزرگوں و نوجوانوں کے احساسات کا ترجمان، اور تیسری جنریشن کے لیے پیغام لیے کھڑا ہے۔ ایک طرف بزرگوں اور دوسری طرف نوجوانوں کے احساسات کا ترجمان ہے لیکن تیسرا نقطہ بڑا اہم ہے کہ اس افسانے میں نوجوان نسل کی جیت دکھاتے ہوئے انہیں اپنے آنے والی بزرگی کے دور میں نوجوانوں سے سمجھوتا کرنے کے لیے ذہنی طور پر تیار کیا گیا ہے۔

افسانہ نویس کا بنیادی پیغام یہی ہے کہ جنریشن گیپ اپنے ذہن کی پیداوار ہے، جس طرح ایک پرندے کو پوری جوانی پنجرے میں رکھنے کے بعد آپ آزاد بھی کر لیں تو وہ بجائے آزاد ہوا میں اڑنے کے درختوں پر بیٹھنے کے اِدھر اُدھر گھوم کر دوبارہ پنجرے میں گھس جاتا ہے، بالکل اسی طرح انسان جب خود اپنے لیے مستقل کچھ دائرے بنا لیتا ہے تو اسے اس پنچھی کی طرح دنیا کے دوسرے رنگ اسے دلکش نہیں لگتے، لہٰذا جنریشن گیپ کا بیج آپ کے اندر اس دن پیدا ہو جاتا ہے، جب آپ نے اپنے لیے مخصوص دائرے بنانا شروع کیے۔ مثلاً مخصوص جینٹری میں اٹھنا ہے، مخصوص کھانا کھانا ہے، مخصوص رنگ اور طرز کے کپڑے پہننے ہیں، مخصوص رائٹرز کی کتب پڑھنی ہیں وغیرہ اور یہ بیج پودے سے جلد، درخت کا روپ تب اختیار کرنا شروع کرتا ہے جب آپ باقاعدہ اپنے آپ کو ان دائروں میں محدود کر لیتے ہیں۔ بالکل اسی طرح جیسے اس افسانے میں ماں نے اپنے آپ کو میاں، خود اور بیری تک مخصوص انداز میں محدود کر لیا تھا، اس لیے اس کو جنریشن گیپ یا میاں کے بعد تنہائی کا احساس ہوتا ہے، لیکن اگر وہ بیٹے میں باپ کو دیکھتی اور خود کو بہو میں جیسے اس کے بزرگوں نے کیا تھا تو وہ گلشن اسے اپنی بیری سے زیادہ پیارا لگتا۔

لہٰذا جنریشن گیپ جو بین الاقوامی مسئلہ ہے، افسانہ ''نیا سورج'' میں اس کی وجوہات اور اس کے حل کو بڑی خوبصورتی کے ساتھ واضح کیا گیا ہے۔

فضول سماجی رسمیں اور خواتین افسانہ نگار

ہر معاشرے میں کچھ ایسی فضول رسومات ضرور ملتی ہیں جو ذاتی فوائد کی خاطر گھڑ لی جاتی ہیں، مگر اجتماعی طور پر وہ ہمیشہ نقصاندہ ہوتی ہیں اور مسلسل نسلیں ان کی بھینٹ چڑھتی رہتی ہیں۔ ان رسومات کی نشاندہی اور ان کے اثرات کی وضاحت کے ساتھ اس مسئلے کے حل پر مشتمل دو عدد افسانے بطور مثال پیش خدمت ہیں۔

شریف زادی (۱۴) نورالہدیٰ شاہ (آپ کا تعلق صوبہ سندھ سے ہے) کے افسانے کا عنوان ہے۔ جس میں ایک زمیندار اپنی بیٹی کو چھ دن کی عمر میں اپنے بھائی کے معصوم لڑکے کے نام کر دیتا ہے۔ جوانی میں جب وہ لڑکا

شہر پڑھنے آتا ہے تو اس کے ساتھ تعلق کی وجہ سے لڑکی حاملہ ہو جاتی ہے۔ ماں، شوہر (جو گاؤں میں ایک رکھیل عورت کے ساتھ دن گزار رہا ہوتا ہے) اور بیٹوں (جو اکثر اپنی نئی گاڑیوں میں شہر کی لڑکیوں کو گھمانے پھرانے میں مصروف رہتے تھے) کی غیر موجودگی میں نوکرانی کی مدد سے اس کا Abortion کروالیتی ہے۔ لڑکا بیرون ملک پڑھنے چلا جاتا ہے اور کچھ عرصے کے بعد اِنھیں خط لکھ کر آگاہی دے دیتا ہے کہ وہ اب شادی شدہ ہے اور اس لڑکی سے شادی نہیں کریگا۔ لڑکی ہسٹیریا کی مریضہ ہو جاتی ہے ڈاکٹر مشورہ دیتے ہیں کہ لڑکی کی شادی کروالی جائے۔ بھائی اس لڑکے کے قتل کے منصوبے بنانے لگتے ہیں لیکن باپ سب کو ٹھنڈا کرنے والا عقلی فیصلہ سناتے ہوئے کہتا ہے: ''غیرت والے ایک دفعہ جہاں پلو باندھ دیتے ہیں وہیں سے ان کا جنازہ نکلتا ہے'' اور لڑکے کو خط لکھ کر بھیجتا ہے کہ:

''جتنی بیویاں زیادہ اور زمین، اتنی زیادہ مرد کی شان لیکن لکھے ہوئے کھاتے بدلتے نہیں ہیں، جہاں پلو باندھا وہاں نباہا، یہ ہمارے معاشرے کی شان ہے اس لیے لڑکی جب تک زندہ رہے گی تمہاری انتظار میں بیٹھی رہے گی۔'' (۱۵)

لڑکے کی طرف سے خط کا کوئی جواب نہیں آتا اور لڑکی پوری عمر غیرت کے نام پر قائم سماجی رسم کے پیچھے ضایع ہوتی دکھائی گئی ہے۔ اسی طرح مشرق میں مالدار بیوہ عورت کا دوسری شادی کرنا اکثر میکے اور سسرال والوں میں ناپسندیدہ چیز سمجھی جاتی ہے۔ سیدہ حنا کا تعلق صوبہ سرحد سے ہے۔ انہوں نے انٹرویو (۱۶) نامی افسانے میں اس ناپسندیدگی کو عیاں کرنے کے ساتھ اس کے اثرات اور چھوٹکارے کے متعلق معلومات فراہم کی ہے۔

اس افسانے میں ایک پروفیسر ادیب سے کچھ صحافی انٹرویو لینے آتے ہیں کہ آپ نے لکھنا کیسے شروع کیا؟ اس سوال کے جواب میں افسانہ سمایا ہوا ہے۔ وہ انہیں سناتا ہے کہ ان کے ایک بے روزگار دوست کی ایک مالدار بیوہ عورت سے دوستی ہو جاتی ہے، بیوہ خاندانی روایتوں میں جکڑی ہوئی تھی دوسری شادی میکے اور سسرال دونوں کو ناپسند تھی، چنانچہ اس کا دوست بیوہ کی تنہائی کے عذاب کو کم کرنے کے لیے ایک ترکیب نکالتا ہے، جس میں پہلے وہ دونوں منہ بولے بہن بھائی اور پھر بیوہ عورت اسے اپنا منہ بولا بیٹا ظاہر کرتی ہے۔ اسی طرح لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونکتے ہوئے دونوں (جنسی طور پر) پرسکون رہتے ہیں۔ مگر عورت کے پیسے کی مدد سے نوجوان بزنس مین اپنا سیٹ اپ بنانے کے بعد بیوہ کو چھوڑ کر ایک جون لڑکی سے شادی کر کے باہر چلا جاتا ہے۔ جس کے بعد بیوہ دوسرے نوجوان کو اپنا منہ بولا
بیٹا بنالیتی ہے۔

اس افسانے میں افسانہ نویس کی دور بین آنکھ نے ایک ایسی حقیقت کو اپنے قلم سے میگنیفائی کر کے سامنے رکھ دیا ہے، جس کو آج بھی میڈیا پر پیش کرنا ناممکن ہے۔ افسانہ نویس خاتون نے مشاہدے کے زور پر دو زاویوں پر روشنی ڈالی ہے۔ جنسی تعلقات ایک فطری عمل ہے، جس پر پابندی ناممکن ہے، بظاہر آپ بیشک اسے روکنے میں کامیاب نظر آئیں مگر وہ گپت راستے زیر عمل ہوتا ہے، جیسے اس افسانے میں بہن بھائی اور بیٹے کے فرضی رشتے کے زیر سایہ ہوا ہے۔

لیکن اس افسانے کا دوسرا بنیادی نکتہ جہاں نوجوان مالی طور پر خود کفیل ہونے کے بعد پسندیدہ عورت کو چھوڑ کر چلا جاتا ہے، وہ کیوں چھوڑ کر چلا جاتا ہے، اس سوال کے جواب پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نوجوان کی پرورش بھی ان رسوم اور خیالات کے دائرے میں ہوئی تھی جو بیوہ کے میکے اور سسرال والوں کے ہاں تھے، وہ سب کچھ بچپن سے نوجوان کے لاشعور میں موجود تھا جس پر محبت کے نشے اور وقتی ضرورت واغراض کے پریشر نے دروازہ بند کیا ہوا تھا، اس پریشر کے کم ہونے سے وہ بھی عام رنگ میں رنگ گیا۔ لہٰذا ان افسانوں کو پڑھنے یا سننے کے بعد ان فضول رسومات کے خاتمے کے لیے اس سے وابستہ پوری جنریشن کی شعوری پرورش کی ضرورت محسوس ہوتی ہے اور ان محسوسات کا احساس یہ افسانے پیدا کرتے ہیں، جو ان افسانہ نگار خواتین کا بنیادی مقصد ہے۔

خواتین افسانہ نگاروں کے افسانوں میں بین الاقوامی سماجی فارمولے

قدرتی تخلیق کے اعتبار سے تمام نارمل انسان ایک جیسے ہیں، مگر مواقع اور ذہنی صلاحیتوں کے استعمال کی بنیاد پر ہم مختلف درجوں میں تقسیم ہو جاتے ہیں۔ افسانہ Mental Case مینٹل کیس (۱۷) (از منور رؤف صوبہ سرحد) اس نظریے کی عکاسی پر مشتمل ہے۔ یہ افسانہ ہائی کلاس جینٹری کے ماحول پر مشتمل ہے۔ اس افسانے کی ابتدا میں دو میاں بیوی مسٹر اور مسز ظہیر کا وقت گذاری کے لیے کلب آنا بہت ہی دلچسپ مشغلہ ہوتا ہے۔ مسلسل ایک ہی ڈگر پر روز روز کے فنکشن، پارٹیوں سے تنگ آ کر مسز ظہیر کے ذہن میں خیال آتا ہے کہ پیسہ اور وقت ضایع کرنے کے بجائے انسانیت کی خدمت یعنی فلاحی کام کیے جائیں، جس کا ذکر اپنے میاں سے کرتی ہے مگر وہ اس منصوبے کو فضول قرار دیتے ہیں۔ مسز ظہیر جو محفلوں کی جان ہوتی تھی وہ اس ماحول کو ناپسند کرنے لگتی ہے اور کلب جوائن کرنے والی نئی لڑکیوں کو اس ماحول میں آنے سے منع کرتی ہے۔ مرضی کے بغیر کلب و دعوتوں میں شوہر کی وجہ سے جاتی تو ہے مگر بہت سادگی کے ساتھ اور اس کی طبیعت میں ایک چڑ چڑا پن آ جاتا ہے۔ ایک دن کسی دوست کے پروموشن کے سلسلے میں پارٹی منعقد کرنے کی بات ہو رہی ہوتی ہے تو مسز ظہیر کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو جاتا ہے۔

سب کوڈانٹتے ہوئے ناصحانہ لیکچر سناتی ہے۔ پوری محفل بور ہو کر اٹھ کھڑی ہوتی ہے، مسٹر ظہیر بھی مجبوراً اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور تنہا مہمانوں کو گیٹ پر رخصت کرتے ہوئے کہتے ہیں: ''شاذی (مسز ظہیر) کو کسی Psychiatrist کو دکھانا پڑیگا۔ پوری پارٹی اس خیال کی تائید کرتی ہے جبکہ ظہیر کے ایک دوست اسے مینٹل کیس قرار دیتے ہیں اور مسز ظہیر کے شوہر بھی ان سے اتفاق کرتے ہوئے کہتے ہیں: ''جی جی ہاں میرا بھی یہی خیال ہے۔''

اس افسانے میں دو نمایاں نکتے پائے جاتے ہیں نمبر ایک کہ ارادہ کتنا ہی نیک کیوں نہ ہو لیکن بہتر اسٹریٹیجی ہونا بہت لازمی ہے، بصورت دیگر بیشک کلاس ہائی ہی کیوں نہ ہو، اس پر بضد ہونے سے اپنے لیے مسائل بڑھ سکتے ہیں جیسے اس افسانے میں مسز ظہیر اسٹریٹیجی نہ ہونے کی وجہ سے نارمل ہونے کے باوجود پاگل قرار پائیں۔

اس افسانے میں دھیمے انداز میں جس دوسرے نقطے کو واضح کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ کسی بھی آدمی کی رسوائی کا بنیادی سبب کوئی غیر نہیں اس کے اپنے ہوتے ہیں۔ جیسے اس افسانے میں نارمل مسز ظہیر کے ناصحانہ لیکچر پر جب اس کے اپنے شوہر کہتے ہیں کہ انہیں سائکاٹرسٹ کو دکھانا پڑیگا، تو دوسرے صاحب رائے قائم کرتے ہوئے کہتے ہیں مینٹل کیس معلوم ہوتی ہے۔

یعنی پورے افسانے میں جب تک مسز ظہیر کا اپنا آدمی اس کے خلاف رائے قائم نہیں کرتا تب تک اس کی طرف انگلی اٹھانے کی کسی کو ہمت نہیں ہوتی، لیکن اپنا آدمی جیسے ہی انگلی اٹھاتا ہے تو دوسرا تھپڑ رسید کرنے کا موقعہ نہیں گنواتا۔ اس افسانے میں پیش شدہ بین الاقوامی سماجی فارمولا فرد واحد سے لے کر قوموں کی ترقی و تنزل کی تلاش کے لیے یکساں مفید ہے۔

"Behavoral Studies'' اور خواتین افسانہ نگار

کتے سے لے کر بلی تک، سانڈ سے لے کر ہرن تک، مرغ سے لے کر تیتر تک وہ اپنی خواہشات کی خاطر اپنی ہی جنس کو مارتا ہوا دکھائی ضرور دیتا ہے، لیکن فی میل کے ساتھ اس کا رویہ تقریباً بہتر ہوتا ہے۔ جبکہ انسان دیگر مخلوقات میں اشرف درجہ رکھنے کے باوجود مجموعی طور پر وہ فی میل کو جس طرح جبر کا نشانہ بناتا ہے، اس کی مثال دیگر جانوروں میں کم ملتی ہے۔ افسانہ حوازادی (۱۸) (یہ افسانہ نیلم احمد بشیر کا تحریر کردہ ہے۔ آپ کا تعلق صوبہ پنجاب سے ہے۔) اس طرح کے ایک جبر کی مثال پر مشتمل ہے۔ جس میں ایک آدمی اپنی بیوی کے انتقال کے بعد دوسری شادی کر لیتا ہے اور بچوں سے بے خبر ہو جاتا ہے۔ اس کی بڑی بیٹی، بڑی بہن ہونے کے ناطے اپنے بے سہارا چھوٹے بھائی کو پال پوس کر بڑا کرتی ہے۔ اسی عورت کو (بڑی بیٹی کو) جب اپنا شوہر مکمل طور پر کسی دوسری عورت

میں متوجہ دکھائی دیتا ہے تو وہ اس پر زبانی احتجاج کرتی ہے۔شوہر اپنے فعل پر بضد اور عورت اپنے احتجاج پر، جس کے بعد ظاہر یہ کیا جاتا ہے کہ عورت نے اپنے اوپر مٹی کا تیل گرا کر خود کو جلا ڈالا اور مرگئی۔لیکن اس عورت کی مالکن (جس کے گھر وہ کام کرتی تھی) اس کو شک ہوتا ہے کہ اس نے خود کو نہیں جلایا، لیکن اسے جلایا گیا ہے۔وہ اس کے بھائی سے فون پر بات کرنے کے دوران شک کا اظہار کرتے ہوئے پوچھتی ہے: ''کہیں اس کی ساس، سسر یا خاوند نے تو اسے نہیں جلایا؟ (۱۹) تو بھائی جواب دیتا ہے:

> ''کوئی ایسی بات نہیں تھی کہ آپی اپنے آپ کو ختم ہی کر ڈالے۔آپی کا اپنا ہی قصور تھا۔خوامخواہ اپنے بندے پر شک کرنے لگی تھی۔ بھائی جان نے لاکھ قسمیں کھائیں، بات منوانے کی کوشش کی مگر آپی تو کچھ سننے کو تیار ہی نہیں تھی۔آخر وہ مرد ذات تھا اسے غصہ آگیا اور اس نے آپی کو مارنا شروع کر دیا۔لیکن آپی کی زبان کا تو آپ کو پتہ ہے کتنی لمبی تھی۔آگے سے بولتی جاتی تھی۔وہ تھک ہار کر گھر سے باہر چلا گیا۔بس جبھی آپی نے یہ حرکت کی۔بے وقوفی تھی جی۔۔۔۔''

مالکن پھر سوال کرتی ہے: ''لیکن یہ تو ظلم ہے اس کے میاں نے اسے مارا کیوں؟

اس پر وہ پٹاک سے جواب دیتے ہوئے کہتا ہے:

> ''بیگم صاحبہ عورت کو بھی چاہیے نا کہ اپنی زبان پر کنٹرول میں رکھے''۔

گھر کا معاملہ ہو یا قوم کا، یہ یاد رہے کہ انسان جہاں ذہنی جنگ ہارتا ہے وہاں سے جسمانی لڑائی شروع کرتا ہے۔ویسے تو عورت کو مارنے کا عمل بذات خود مرد (انسان) کو دیگر جانوروں کی بنسبت کم رتبے پر لا کھڑا کرتا ہے، لیکن بے سہارا بھائی جو اپنی بہن کی بدولت جوانی کی سیڑھی چڑھتا ہے، وہ اپنی تمام Moral values بھول کر اپنے قصوروار بہنوئی کو صرف اس لیے بے قصور ٹھہراتا ہے کہ وہ بھی ایک مرد ہے، اس لیے عورت پر ہاتھ اٹھانا مرد ذات کا حق سمجھتا ہے۔

لہٰذا مجموعی طور پر اس افسانے میں نیلم احمد بشیر نے پدرشاہی (Male Dominent) معاشرے میں عورت (Female) کے خلاف اس اجتماعی رویے کو واضح کیا ہے تا کہ اس رویے پر مستقل کام ہو اور اس کا خاتمہ ہو سکے جو اس افسانے کا بنیادی مقصد ہے۔

حاصل مقصد یہ ہے ہماری خواتین افسانہ نگار کی قلمی طاقت کسی بھی حوالے سے کم نہیں ہے انہوں نے

افسانے کو صرف ذریعہ تفریح کی حد تک محدود نہیں رکھا بلکہ اپنے گہرے مشاہدے کو بنیاد بناتے ہوئے واضح مقاصد کے تحت لکھ رہی ہیں۔ وہ سوسائٹی کے مسائل کو سمجھتی ہیں، ان کے حل کے لیے بہترین آئیڈیاز پیش کرتی ہیں اور اپنے وسائل کی حد تک ان کا Implement بھی کرتی ہیں۔ جس کی بدولت سوسائٹی میں رفتہ رفتہ تبدیلی آ رہی ہے۔ مگر مجموعی طور پر اس زاویے سے رفتار بہت سست ہے جس کی دو وجوہات ہیں ایک، ہر کتاب کی زیادہ سے زیادہ پانچ سو یا ہزار کاپیاں چھپتی ہیں دوسرا تیسرا ایڈیشن کم کتب کو نصیب ہوتا ہے۔ جہاں کروڑوں میں آبادی ہو وہاں صرف ایک ہزار بندے کو گائیڈ کیا جائے تو کروڑوں کی ذہنی سطح کو تبدیل کرنے کے لیے زیادہ وقت فطری بات ہے۔ دوسر وجہ یہ ہے کہ اس زاویے سے باقاعدی تحقیقی سلسلہ نہیں چلا، اس سلسلے میں جامعاتی سطح پر تحقیقی تحریک کی ضرورت ہے اگر ان افسانوں میں بذریعہ تحقیق ایسے مفید نکات نکال کر مختلف وابستہ شعبہ جات کی معرفت انہیں قومی پالیسی کا حصہ بن کر Implement کروایا جائے تو چاروں طرف تیزی سے خوشحالی پیدا ہوگی۔ خوشحالی کی بنیاد پر صحتمند آزاد ذہن پیدا ہونگے اور زندگی کے تمام شعبوں میں خوب ترقی ہوگی جو اجتماعی فائدہ ہوگا وہ یہ ہماری ہر جنریشن کو کائنات کی خوبصورتیوں کو دیکھنے اور سمجھنے کے دوگنے مواقع میسر آئیں گے۔

حوالے

۱۔ رقیہ آرزو: ''روشنی تک کا سفر''، مشمولہ: روزنامہ جنگ کراچی، ادبی صفحہ ۲ فروری ۱۹۸۸ء۔

۲۔ عطیہ سید: ''حکایات خونچکان''، مشمولہ حکایات جنون، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۱، ص ۱۴۲۔

۳۔ بانو قدسیہ: ''کینچلی''، مشمولہ ناقابل ذکر، ص ۱۶۸۔

۴۔ ایضاً، ص ۱۶۸۔

۵۔ ایضاً، ص ۱۶۹۔

۶۔ فردوس انور قاضی ڈاکٹر: ''تاوتج''، مشمولہ آخری ٹرین، ابلاغ پبلشرز مین مارکیٹ اردو بازار لاہور ۲۰۰۱ء، ص ۱۱۔

۷۔ فردوس انور قاضی ڈاکٹر: ''تاوتج''، مشمولہ آخری ٹرین، ص ۱۹۔

۸۔ رضیہ بٹ: ''جیت''، مشمولہ جیت، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور ۱۹۹۹ء ص ۵۔

۹۔ بانو قدسیہ: ''روس سے معذرت کے ساتھ''، مشمولہ ناقابل ذکر، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور ۱۹۹۹ء ص ۲۲۳

۱۰۔ ایضاً، ص ۲۳۲۔

۱۱۔ ایضاً،ص ۲۳۷۔

۱۲۔ ایضاً،ص ۲۳۷۔

۱۳۔ فہمیدہ اختر:''نیا سورج''،مشمولہ کشمالہ،یونیورسٹی بک ایجنسی بیرونی قابل گیٹ پشاور،سن ندارد ص ۹۔

۱۴۔ نورالہدیٰ شاہ:'' شریف زادی''مشمولہ ہم لوگ(منتخب سندھی افسانوں کے تراجم) مرتب ڈاکٹر حسرت کاسگنجوی،نیشنل بک فاؤنڈیشن کراچی،۱۹۹۷ء ص ۱۸۵۔

۱۵۔ ایضاً ص ۱۸۹

۱۶۔ سید حنا:''انٹرویو''،مشمولہ جھوٹی کہانیاں،پاک ڈائجسٹ پبلی کیشنز ۲۷ بی وحدت کالونی لاہور ۱۶،۱۹۸۵ء ص ۲۲۱۔

۱۷۔ منور رؤف:''مینٹل کیس''،مشمولہ ہم لوگ(منتخب سندھی افسانوں کے تراجم)مرتب ڈاکٹر حسرت کاسگنجوی،نیشنل بک فاؤنڈیشن کراچی،۱۹۹۷ء ص ۱۸۵۔

۱۸۔ نیلم احمد بشیر:''حوازادی''،مشمولہ لے سانس بھی آہستہ،سنگ میل پبلی کیشنز لاہور ۱۹۹۹ء ص ۳۰۔

۱۹۔ ایضاً ص ۴۰۔

۲۰۔ ایضاً ص ۴۱۔

☆☆☆

اُردوناول پرفرانسیسی ناولوں کے تراجم کے اثرات

(تحقیقی وتنقیدی مطالعہ)

ڈاکٹرعقیلہ جاوید* حمیرااشفاق**

Abstract:

This research article examines the impact of French novels on the tradition of Urdu Novel. It argue that only two or three translators like Muhammad Hassan Askari and Dr. Anes Nagi are Familiar with French language while others have used English versions of French novels for translating into Urdu. The paper concludes that some important Urdu novelists learnt the technique and impression used by their French counter parts, from those translations.

ابتدائی دور کے مترجمین (۱۸۹۴ء۔۱۹۲۲ء) کے ہاں ترجمے کے فن کا معیار ادبی نہیں بلکہ مالی فوائد کے حصول کا ذریعہ تھا۔اس سے وہ اصل متن سے اُس حد تک ہی ابلاغ کا کام لیتے تھے جس سے قاری کی دلچسپی قائم رہ سکے۔اسی دلچسپی کی بدولت ناول کی اشاعت زیادہ ہوتی تھی اور ان کو فائدہ پہنچتا تھا۔ان کا مقصد فن کے اس معیار یا معراج کو چھونا ہرگز نہیں تھا۔انہوں نے ترجمے کے لیے ایسی تصانیف کا انتخاب کیا جو زیادہ سے زیادہ بک سکیں اور ان کے مطبع کو فائدہ پہنچ سکے۔اس دور کے نمایاں مترجمین میں کارپردازانِ پیسہ اخبار اور غلام قادر فصیح کا نام آتا ہے۔اس دور میں داستانوں کا عروج تھا۔ بلاشبہ شمالی ہند میں داستانوں کا سلسلہ اٹھارویں صدی کے اواخر سے شروع ہوکر انیسویں صدی کے پہلے دوعشروں تک غالب نظر آتا ہے یہاں تک کہ اردو کے مشہور ناول فسانۂ آزاد کو بھی داستان ہی کہا جاسکتا ہے۔اس دور کے تراجم نے ناول کے فن پر تو کوئی اثر نہیں ڈالا بلکہ ان تراجم کا اسلوب داستانوی انداز کا حامل ہے

(۱۹۲۲۔۱۹۴۷)

اس دور میں نمایاں مترجمین مولوی عنایت اللہ دہلوی (سلامبو)،(ہرو داس)،سعادت حسن منٹو (سرگزشتِ اسیر) کے نام آتے ہیں۔ان کا اپنا کوئی ذاتی ناول تو سامنے نہ آیا لیکن ان کی فکر نے مغرب کی اس صنف سے اثر

* ایسوسی ایٹ پروفیسر،شعبۂ اُردو، بہاءالدین زکریایونیورسٹی، ملتان۔

** لیکچرار،شعبۂ اُردو، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی،اسلام آباد۔

ضرور قبول کیا۔ سلامبو کا ترجمہ اگر غور سے پڑھا جائے تو اس کی منظر کشی اور فلورا فلورنڈا (عبدالحلیم شرر) اور فردوسِ بریں کی منظر کشی میں کوئی خاص فرق نظر نہیں آتا۔ یہ وہ دور تھا جس میں تاریخ کو ناول کا حصہ بنانے کا رجحان غالب تھا ۔اسی طرح منٹو جس نے اپنے خیالات پر پابندی دیکھی تو ترجمے کے لیے ایسے ناول کا انتخاب کیا جس میں قانون کی بالادستی کے خلاف شدید ردعمل کا اظہار ملتا ہے۔ منٹو کا افسانہ ''نیا قانون'' اور وکٹر ہیوگو کا ''سرگزشتِ اسیر'' اپنے اپنے دور کے قانون کے جبر کا شکار نظر آتے ہیں۔ اسی دور کی حقیقت پسندی نے پریم چند کے فن پر بھی اثر ڈالا۔ اس طرح سماجی حقیقتیں اردو ناول کا حصہ بن کر ابھریں۔ اس کی واضح مثالیں ہمیں گئودان میں نظر آتی ہیں۔ پریم چند کی فکر میں وکٹر ہیوگو کی سی رومانویت اور حقیقت کا رنگ نظر آتا ہے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ پریم چند نے باقاعدہ فرانسیسی ادب سے استفادہ کیا ہوگا لیکن انگریزی کے ذریعے فرانسیسی ادب کے نمایاں رجحانات اردو ادب کا حصہ ضرور بنتے جا رہے تھے۔

قیامِ پاکستان کے بعد کے تراجم:

قیام پاکستان کے بعد اور اس سے تھوڑا پہلے اشتراکی رجحانات اور ترقی پسندانہ رویے اردو ناول میں اپنی جگہ بنا چکے تھے۔ اشتراکیت کے نظریات تک رسائی اردو کے قاری کی تراجم کے ذریعے ہی ہوئی۔ اسی طرح خالص حقیقت نگاری نے جب فطرت نگاری کا لبادہ اوڑھا تو بھی اردو ناول اس کے اثر سے اپنا دامن نہ بچا سکا۔ اس کا واضح عکس ہمیں عزیز احمد کے ناولوں میں ملتا ہے۔ عزیز احمد نے فرانسیسی ادب کا مطالعہ کیا اور فرانسیسی افسانہ نگاروں کے تراجم بھی کیے اس طرح ان کی فکر میں یہ رویہ غالب نظر آتا ہے۔ اس ضمن میں ان کے ناول گریز اور آگ کو دیکھا جا سکتا ہے۔

اسی دور میں محمد حسن عسکری کا نام ایک بڑے مترجم کے طور پر آتا ہے، انھوں نے فلابیئر کا مادام بوواری، ستاں دال کا سرخ و سیاہ، ہرمن میل کا مغربی ڈک کا کامیاب ترجمہ کیا۔

ان کے نزدیک ترجمہ کا مقصد موضوع کو اردو میں ڈھال کر پیش کر دینے سے پورا نہیں ہو سکتا۔ ان کے خیال میں کامیاب ترجمہ وہ ہے جس کے ذریعے کسی ترقی یافتہ زبان کے اسالیب کو اپنی زبان میں ڈھال کر پیش کیا جائے تاکہ اپنی زبان کو وسعت اور ترقی ملے۔ اور اس کے مروجہ نقائص کو دور کیا جا سکے۔ حسن عسکری ترجمے کے مختلف رجحانات کا جائزہ لیتے ہوئے رتن ناتھ سرشار کے ''خدائی فوجدار'' سے شروع کرتے ہیں جس کو ڈان کیخوتے کا آزاد ترجمہ کہا جا سکتا ہے۔ اس ناول کو مغربی ناول کا دیسی روپ بھی کہا جا سکتا ہے۔ حسن عسکری اس کے بارے میں رقم طراز ہیں کہ

''کم سے کم یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کے نام آپ اردو نثر کی وقیع کتابوں میں سے خارج نہیں کر سکتے اس میں کچھ بھی نہ سہی اتنا تو ہے کہ اس کا تیں چالیس حصہ دلچسپی سے پڑھا جا سکتا ہے۔اردو میں مغربی ادب کے جو ترجمے ہوئے ان کی کیفیت نظر میں رکھیں تو اتنی بات بھی غنیمت معلوم ہوتی ہے۔''(۱)

اس کے علاوہ حسن عسکری نیاز فتح پوری اور اس کے ساتھیوں کی اردو نثر کا تجزیہ کرتے ہیں اس دور میں اردو نثر اور افسانے پر آسکر وائلڈ اور بعض دوسرے جمال پرست مغربی ادیبوں کا اثر غالب نظر آتا ہے۔ان مغربی ادباء کی پیروی میں اردو نثر میں جو اسلوب اختیار کیا گیا وہ اسے ہماری نثر کے لیے نقصان دہ خیال کرتے ہیں۔اس اسلوب میں الفاظ کو بہت کم استعمال کیا گیا۔اور اسکے ساتھ ہی اسمائے صفات کا ناجائز استعمال بھی کیا گیا۔اپنے دو مضامین ''قحط الرجال'' اور ''ادب میں صفات کا استعمال'' میں وہ ان عوامل کی نشاندہی کرتے ہیں جس سے اردو کو نقصان پہنچا ۔وہ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ اردو میں جملہ ''فعل'' پر اختتام پذیر ہوتا ہے اور ''تا تھا'' وغیرہ کی تکرار نثر کے آہنگ کو نقصان دیتی ہے لیکن کبھی کبھی بغیر فعل کے جملہ لکھنا ضروری ہو جاتا ہے جس کو عسکری ''دُم کٹا جملہ'' کہتے ہیں۔(۲)

نیاز فتح پوری کے بعد کے مترجمین میں منٹو اور عسکری کے نام قابل ذکر ہیں جنہوں نے روسی اور فرانسیسی ناولوں کے تراجم کیے۔عسکری منٹو کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں ساتھ ہی وہ روسی ناولوں کے تراجم کو اپنی زبان کی وسعت وترقی میں معاون نہیں پاتے کیونکہ ان کا خیال ہے کہ روسی ادیبوں کے اپنے فن میں بھی فنی عظمت کے باوجود مسائل نثر کا کوئی احساس نہیں ملتا جس کی وجہ سے مترجم بھی ان احساسات سے عاری ہوتا ہے۔

حسن عسکری ترجمے کے فن میں سلاست وروانی کو خوبی نہیں گردانتے۔وہ لکھتے ہیں کہ

''صرف روانی کہہ دینے سے کام نہیں چلتا۔دیکھنے کی بات یہ ہے کہ کیا چیز رواں ہے اور اس کی رفتار اپنی نوعیت کے اعتبار سے کس قسم کی ہے اور پھر رواں ہے تو کس جگہ سیدھے سادے ابتدائی جذبات کی رفتار اور ہوگی، پیچیدہ تجربات کی اور، پھر جب خیال اور جذبہ مل جائے تو ان سب سے ایک ہی قسم کی روانی طلب کرنا تخلیق کا گلا گھونٹنے کے برابر ہے۔''(۳)

وہ ترجمے میں جملے کی چاشنی یا نثر کی خوبصورتی وروانی پر جذبات کی نوعیت کے مطابق اسلوب اور مناسب الفاظ کو ترجیح دیتے ہیں۔ان کا خیال ہے کہ ''اگر مگر لیکن وغیرہ لگا کر جملوں کو جوڑتے چلے جانے سے بڑا جملہ نہیں بنتا، جملوں کا مجموعہ ضرور بن سکتا ہے۔بڑے جملے میں ایک تعبیری احساس ہونا چاہیے، جزوی فقروں کا آپس میں ایک

نامیاتی رشتہ اور ایک جگہ ہونی چاہیے بڑا جملہ تو وہ ہے جس کی نشو ونما اپنے اندر سے ہو(۴)

عسکری اس بات پر بھی شاکی ہیں کہ ہمارے نثر نگاروں نے سلاست اور روانی کے جوش میں استعاروں اور تشبیہوں کو برتنے کی کوشش نہیں کی حالانکہ گنجلک تجربات کے بیان میں ان سے کام لینا ضروری ہو جاتا ہے۔اسی طرح افعال کے برتنے کے سلسلے میں بھی ادباء کے نامناسب رویے کا ذکر کرتے ہیں۔وہ نئے محاورے، نئی تشبیہات اور استعارات تشکیل دینے کے حق میں تھے۔وہ کہتے ہیں کہ محاورات ہماری اجتماعی زندگی کے عکاس اور ترجمان ہیں۔ نئے محاورات کا پیدا نہ ہونا اور پرانے محاوروں سے ادیبوں کا گھبرانا اس بات کی علامت ہے کہ ہمارے ادیب اجتماعی تجربوں سے کٹ گئے ہیں اس لیے ہماری نثر بھی اجتماعی واردات کی عکاسی خال خال نظر آتی ہے۔(۵)

اگر عسکری کے تراجم کا جائزہ لیا جائے تو وہ اپنے تمام نظریات کا عملی نمونہ نظر آتے ہیں۔

۱۹۵۰ء میں حسن عسکری نے فلابیئر کی شہرہ آفاق تصنیف مادام بوواری کا ترجمہ کیا۔اس ترجمے میں نثری مسائل سے حسن عسکری بخوبی عہدہ برآ ہوتے نظر آتے ہیں کیونکہ فلابیئر کا اپنا نثری اسلوب فنی ریاضت کا ثمر تھا۔وہ مشاہدے سے بھی زیادہ نثر کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں۔اس لیے والٹر پیٹر نے فلابیئر کو "شہیدِ ادب" کا درجہ دیا اور ایذرا پاؤنڈ جیسے بڑے شاعر نے یہاں تک کہہ دیا کہ میرا خیال ہے کوئی بھی شخص فلابیئر کی نثر کو جانے بغیر اچھی شاعری نہیں کرسکتا۔یا دوسرے لفظوں میں یوں کہ اُس نے "مادام بوواری" نہ پڑھا ہو۔

فلابیئر کا اسلوب حسن وفن کاری کا مظہر ہے۔اس لیے ایسے اسلوب کو اس کے تمام فنی تقاضوں کے مطابق اردو کے قالب میں ڈھالنا مترجم کے لیے ناممکن نہیں تو مشکل ضرور تھا۔اس کا اظہار محمد حسن عسکری کچھ یوں کرتے ہیں:

> "فلابیئر نے مختلف قسم کے خیالات کو تقابل یا تضاد کے لیے ایک ہی جملے میں قلم بند کیا ہے میں نے ایسے جملوں کا مطلب لکھنے کی بجائے انہیں ویسے ہی اردو میں منتقل کر دیا ہے۔"(۶)

"مادام بوواری" کے بعد محمد حسن عسکری نے ستاں دال (۱۷۸۳ء۔۱۸۴۲ء) کے ناول "سرخ وسیاہ" کا ترجمہ بھی کیا۔یہ ناول اپنے اسلوب اور کردار نگاری کے حوالے سے فرانسیسی ناول کی روایت میں خاص اہمیت کا حامل ہے۔ جہاں اس ناول میں گہرا سماجی شعور جھلکتا ہے وہاں اسلوب کی فنی خوبیاں بھی قابل ذکر ہیں جن کے ذریعے جذبات کی پیش کش

بڑے تجزیاتی انداز میں کی گئی ہے۔اگر اس تجزیاتی انداز کو جوں کا توں پیش کیا جاتا تو یہ ناول مقالے کی شکل اختیار کر لیتا۔اس لیے مترجم لکھتے ہیں کہ اگر میں اس کے لیے کوئی نیا اسلوب بنانے کی کوشش کرتا تو ڈر یہ تھا کہ اردو کے نقاد پوچھیں گے یہ ناول ہے یا مقالہ؟ مرتا کیا نہ کرتا ستاں دال کی روح سے معافی مانگ کے اس کی خشک عبارت کو تھوڑا سا جذباتی رنگ دے دیا ۔سرخ و سیاہ کا ترجمہ پڑھتے ہوئے ان مشکلات کا احساس نہیں ہوتا جس کا ذکر حسن عسکری نے کیا ہے لیکن کہیں کہیں موقع کی مناسبت سے مترجم نے بھی فکری زبان استعمال کی ہے۔

حسن عسکری نے جذبات کے اس تجزیاتی انداز کو اپنے افسانے ''گٹھلیوں کے دام'' میں اپنانے کی کوشش کی ہے۔جیسے کہ ستاں دال نے سرخ و سیاہ میں اپنایا ہے۔سرخ و سیاہ میں تجزیاتی انداز کی مثال ذیل میں دیکھی جا سکتی ہے:

> ''اس تماشے کے دوران میں دو ایک دفعہ ایسا ہوا کہ مادام ورنیال کے دل میں اس آدمی کی حقیقی تکلیف پر ہمدردی پیدا ہوتے ہوتے رہ گئی جو دس سال سے اس کا ساتھی اور دوست رہا تھا،لیکن حقیقی اور گہرے جذبات میں ہمیشہ خود غرضی شامل ہوتی ہے وہ ہر لمحے اس انتظار میں تھی کہ اب وہ اس گمنام خط کا ذکر کرے گا جو اسے ایک رات پہلے ملا تھا مگر اس نے اس خط کا نام تک نہ لیا۔۔۔۔وہ جاننا چاہتی تھی کہ یہ خط پڑھ کر آدمی کے دل میں کیا خیالات پیدا ہوئے ہیں جس پر اس کی قسمت کا دارومدار تھا کیونکہ قصبات میں رائے عامہ شوہروں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔اگر کوئی شوہر اپنی بیوی پر بدچلنی کا الزام لگائے تو وہ مفت میں تماشا بن کر رہ جاتی ہے۔یہ ایسی بات ہے جو فرانس میں روز بروز خطرناک بنتی جارہی ہے۔'' (۷)

یہ ناول مغرب کی مقبول ترین تصانیف میں شمار کیا جاتا ہے۔مصنف نے وہیل کے شکار کے موضوع کو علامتی اور استعاراتی طور پر اس قدر وسعت اور رفعت عطا کر دی ہے کہ اس میں سمندر میں زندگی بسر کرنے والے ملاح طبقے کے کرداروں کے نفسیاتی تجزیوں کے ساتھ ساتھ مختلف ازلی وابدی انسانی و کائناتی مسائل کو بھی پیش کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ اسالیبِ بیان کے تنوع کی وجہ سے بھی یہ تصنیف اہم ہے۔

فلابیئر یا ستاں دال کے اسلوب کی توانا صورت کے آگے اردو کو اپنی ناتوانی کا احساس تو تھا لیکن حسن عسکری نے کمال مہارت سے کہانی کے تاثر تک قاری کی رسائی کروائی۔انھوں نے اپنے ترجمے کو کہانی سے روشناس کروانے کی بجائے نثری مسائل کو سمجھنے اور نئے تجربات کا وسیلہ بنایا۔

زبانوں کا اختلاط تراجم کے ذریعے جاری تھا کہ مغرب اور مشرق کے نہ صرف کلچر بلکہ مذاہب بھی ایک دوسرے پر اثر انداز ہو رہے تھے۔ یہ اثر بھی صرف اور صرف تراجم کے توسط سے ہی ممکن ہوا۔

انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں جب نشاۃ ثانیہ کی پیدا کردہ سائنس پرستی کا زور شور دھیما پڑ گیا تو دانشِ عرب کے بدن کے زخم ٹھنڈے ہو کر مندمل ہونے لگے تو مغرب کے اہلِ نظر اپنے مسائل کی خاطر دوسری تہذیبوں کی طرف نگاہ دوڑانے پر مجبور ہو گئے۔ انہوں نے اپنی توجہ مشرقی ادیان کی طرف مبذول کر لی لیکن صلیبی جنگوں کے باعث وہ اسلام سے دور ہی رہے اور ہندومت اور بدھ مت کی طرف راغب ہوئے۔ لیکن اسی دوران میں ایک ایسا شخص اسلام کی طرف راغب ہوا جس نے اسلام کی اصل کو پہچانا۔ وہ مغرب کے لیے ایک نئے انقلاب کا پیش خیمہ بنا، وہ رینے گینوں تھا۔

اس نے مشرقی زبانوں میں صرف ایک کتاب جبکہ فرانسیسی میں کئی کتابیں لکھیں۔ وہ ۱۸۸۷ء میں فرانس کے ٹھیٹھ کیتھولک گھرانے میں پیدا ہوئے۔ وہ شروع سے ہی ذی شعور جوان ثابت ہوئے لیکن جب اس کی فکر نے پختگی اختیار کی تو اسے اپنی قوم کی ضلالت و گمراہی مضطرب کرنے لگی۔ چنانچہ انہیں حق کی تلاش ہوئی۔ حقیقت کی تلاش نے انہیں مذہب اسلام کے قریب کر دیا۔ انہوں نے اسلامی نام ''عبدالواحد'' رکھا۔

قبولِ اسلام کے بعد انہیں اطمینانِ قلب نصیب ہوا۔ اس کے بعد انہوں نے مشرقی تصورات کی مغربی زبانوں میں شرح اور مغرب کو ان سے روشناس کروانے کا بیڑہ اٹھایا اور یہ کام پورا کیا۔ انہوں نے ۲۵ کتابیں لکھیں جن میں سے اردو میں بہت کم ترجمہ کی گئی ہیں۔ حالانکہ یہ کتابیں مغرب پرستی اور کئی فکری اور عملی مغالطوں کا سدِ باب کر سکتی ہیں۔

رینے گینوں کے نام کو اردو میں پہلی بار متعارف کروانے کا سہرا حسن عسکری کے سر ہے۔

اس دور تک پہنچتے پہنچتے اردو ناول نے داخلیت کے وہ سارے رخ جان لیے جس نے مغرب کو ادبی بالادستی دے رکھی تھی۔ جب اردو ناول نگاروں نے اپنے باطن میں جھانکنے اور اپنے من کے اضطراب کو محسوس کیا تو اس کی فکر کے سوتے مغرب کی وجودیت سے جا ملے۔ اردو ناول نے وجودی فکر کو متعارف کروانے میں بھی فرانسیسی ناول کے تراجم نے اہم کردار ادا کیا وگرنہ ایک عام قاری یا سطحی قسم کا ادیب اپنی کم علمی کی وجہ سے ان نئے ادبی رجحانات سے ناواقف رہتا۔ آج اگر کسی بھی ناول کا نقاد کسی ناول میں وجودی عناصر کی موجودگی یا غیر موجودگی کا ذکر کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس نے سارتر یا کیر کے گارڈ کے نظریات کو فرانسیسی زبان میں بغور پڑھا ہے بلکہ اس کا وسیلہ زیادہ تر

انگریزی اور عمومی طور پر اردو بنتی ہے اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے بامعنی اور اہم غیر ملکی تصانیف کے معیاری تراجم کیے جائیں جو اردو کی ترویج اور ترقی میں معاون ثابت ہوں۔

تراجم کی وجہ سے ہی ناول میں نئی ٹکنیک اور پلاٹ میں نئی جہتیں آئیں۔ روسی اور فرانسیسی ناول کے تراجم نے اردو ناول کو مونولوگ یعنی خود کلامی کی تکنیک سے واقف کر دیا۔ اردو میں خود کلامی کی مثال ہمیں انور سجاد کے ناول ''خوشیوں کا باغ'' کے ہیرو اور انیس ناگی کے ناولوں میں بدرجہ اتم دکھائی دیتی ہے۔

> ''خوشیوں کا باغ ۱۹۸۱ء پاکستان کی جدید شہری زندگی کے حوالے سے اپنے عصر کے تضادات کا احاطہ کرتا ہے۔ انور سجاد کے اس ناول کا مرکزی کردار ''میں'' تیسری دنیا کے ایک ایسے ملک کا شہری ہے جہاں مذہب کے نام پر بربریت اور ریاستی تشدد کا بازار گرم ہے۔ اس سارے منظر نامے میں اس کی حیثیت ایک خاموش بے بس تماشائی کی ہے جس کو جبر و تشدد پر قائم نظام نے ایسی بری طرح منتشر کر دیا ہے کہ وہ قوتِ احتجاج کھو چکا ہے۔'' (۷ الف)

پبلک اور پرائیویٹ ورلڈ کو آپس میں ملانے کا تصور بھی فرانسیسی ادب سے ہی اردو میں آیا۔ میرا جی کے کلام میں یہ تصور واضح طور پر جھلکتا ہے۔ ناول میں یہ تصور ہمیں انیس ناگی کے ناول ''میں اور وہ'' میں نظر آتا ہے جس میں ایک شخص اپنے ذاتی اضطراب کو اجتماعی اضطراب کی صورت میں محسوس کرتا ہے اور اجتماع کی تنہائی کو اپنی تنہائی میں مدغم کر لیتا ہے۔

بیانیہ کی تکنیک بھی ہمیں فرانسیسی ناولوں سے ہی ملی بالخصوص ژولا کے ناول میں یہ بیانیہ انداز غالب نظر آتا ہے۔ اردو کے ناول نگاروں میں احمد علی کے ہاں بیانیہ کی یہ تکنیک عمدگی سے پیش کی گئی ہے۔ وہ اس کے استعمال میں داخلی اور خارجی زندگی کو منعکس کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دلی کی ایک رات کا بیان اس طرح سے کرتے ہیں

> Night envelopes the city, covering it like a blanket in the dim star light roofs and the houses and by lanes lie asleep, wrapped in a restless slumber, breathing heavvily as the heat becomes oppressive or shoots through the body like pain in the courtyards on the roofs, in the bylanes. On the roads men sleep on bare beds half naked tired after the sore day's labours.(8)

سجاد ظہیر کے ناول ''لندن کی ایک رات'' میں واقعاتی ناول کے وہ تمام اجزاء پائے جاتے ہیں جو والٹیئر کے

کاندید میں موجود ہیں ان دونوں میں بیانیہ کی تکنیک بھی مشترک ہے۔

قیامِ پاکستان کے بعد علامت نگاری نے بھی اردو ناول میں اپنا رنگ جمایا یہ رجحان بھی فرانسیسی ادب سے ماخوذ ہے۔ اردو میں فاروق خالد کے ناول ''اپنی دعاؤں کے اسیر''، انیس ناگی کے تمام ناول ، انتظار حسین کے ناول، قرۃ العین کے ''آگ کا دریا'' میں یہ علامت نگاری اساطیر کی شکل میں ہو یا کسی اور شکل میں اس کا وجود بہر حال مسلم ہے۔

کامیو کے ناول ''طاعون'' کے مترجم انیس ناگی جب خود ناول ''چوہوں کی کہانی'' لکھتے ہیں تو اس میں کہانی کے اختتام پر ایک چوہیا کا کامیو کے ''طاعون'' کے صفحات کو کتر جانا ایک ایسی علامت بنتا ہے جو اپنی باریکی اور اپنے نظریے میں بے مثال ہیں کیونکہ اس میں طاعون کے دوران شہریوں کا آپس میں تعاون اور موت سے باہم دست و گریباں ہونے کا بیان ہے جبکہ انیس ناگی کے ناول میں اس اجتماع کو موت کے خوف نے منتشر ایک دوسرے کا دشمن اور مضطرب بنا دیا ہے۔

اس لیے تراجم کا کردار اردو ادب کی فکر کو نئے آہنگ دینے میں معاون رہا ہے کیونکہ اردو دان طبقے کی رسائی انگریزی تک تو بمشکل ہے لیکن وہ دوسری زبانوں کو سیکھنے کی طرف توجہ ہی نہیں دیتے اگر ماضی کے ادیبوں کا جائزہ لیں تو چند اشخاص کے سوا کوئی غیر ملکی زبانوں سے واقف نظر نہیں آتا اور جب تک دوسری زبانوں کے علوم اور ادب کا پتہ نہ ہو تب تک اردو کو دوسری زبانوں کے مدمقابل پیش نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اس کا معیار بلند کیا جا سکتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ترجمہ جو خود ایک بہت بڑا فن ہے اس پر توجہ دی جائے اور اس کی نزاکت اور باریکی کا خیال رکھتے ہوئے دوسری زبانوں کے ادب کو اردو میں منتقل کیا جانا چاہیے۔

حوالہ جات/ حواشی

۱۔ حسن عسکری، مگر ترجمے سے فائدہ اخفائے حال ہے مشمولہ ستارہ یا بادبان، مکتبہ سات رنگ کراچی، ۱۹۶۳ء، ص ۱۶۹ء

۲۔ ایضاً، ص ۱۶۹

۳۔ حسن عسکری، کچھ اردو نثر کے بارے میں، مشمولہ ستارہ یا بادبان، ص ۱۵۷

۴۔ ایضاً

۵۔ حسن عسکری، محاوروں کا مسئلہ مشمولہ ستارہ یا بادبان، ص ۱۴۳

۶۔ پشت سرورق مادام بوواری از عزیز احمد، پہلا ایڈیشن، ۱۹۵۰ء، مکتبہ جدید لاہور

۷۔ ستاں دال، سرخ و سیاہ، مترجم حسن عسکری، ص ۲۳۱، ۲۳۲

۷۔ الف۔ خالد اشرف، ڈاکٹر، برصغیر میں اردو ناول، اردو مجلس دہلی، ۱۹۹۴ء، ص ۷۷

8. Ahmed Ali, Twilight in Delhi, Oxford University Press, 1984, P.1

بیجا پور میں اردو تاریخ گوئی کی روایت

تحریر: ابرار عبدالسلام

Abstract:

BejaPur was the center of cultural and literary activities before empror Aurangeb's conquest of Decen. The Emprors of this region were called Adil Shahi and they were Famous for their support to the writers of this age. In this article the tradition of chronogramism in Beja Pur has been traced. The paper argues that due to this patronage poets like Nusrati and others contributed much to this tradition.

عادل شاہی دور کی علمی و ادبی روایت دو صدیوں (۸۹۵ھ۔۱۰۹۷ھ) پر محیط ہے۔ پہلی صدی دکنی زبان و ادب کے لئے مفید اور ساز گار ثابت نہ ہوئی، کیونکہ پہلی صدی کے تین حکمران یوسف عادل شاہ (۸۹۵ھ۔۹۱۶ھ) اسمٰعیل عادل شاہ (۹۱۶ھ۔۹۴۱ھ) اور علی عادل شاہ (۹۶۵ھ۔۹۸۸ھ) کے زمانہ میں بہمنیہ سلطنت کے برخلاف شاہی دفاتر کو فارسی میں منتقل کر دیا گیا۔ ان بادشاہوں کا شیعیت کی طرف رجحان اور ایران سے روابط کے استحکام کی وجہ سے دکنی زبان و ادب کو حسب توقع فروغ پانے کا موقع نہ مل سکا۔ بقول ابوالنصر خالدی ''ہندوستان کی تاریخ میں بیجا پور پہلا قدم ہے جہاں سے شیعیت کے سرکاری مذہب ہونے کا اعلان ہوا۔[۱] ایران کے بادشاہوں سے، پہلے عادل شاہی حکمران یوسف عادل شاہ کے خوشگوار تعلقات تھے۔[۲] شیعیت کے سرکاری مذہب ہونے کی وجہ سے ایران سے تازہ وارد امرا و علما کی ایک کثیر تعداد بیجا پور آئی۔[۳] چونکہ بیجا پوری سلطنت کے بانی یوسف عادل شاہ کا مذہب شیعہ تھا اور اس نے اس کی تعلیم بھی فارس میں پائی تھی، اس لیے اس نے برسرِ اقتدار آنے کے بعد اس کی ترویج کی کوششیں کیں۔[۴] لہٰذا اس سو سالہ دور میں مقامی زبان کو سرکاری حمایت حاصل نہ ہوسکی۔ جس کے نتیجے میں دکنی زبان اور ادب میں درباری رنگ پیدا نہ ہوسکا۔ اس لیے اس دور کے صرف چند شعرا اور ادیبوں کے کارنامے ہی ہمیں معلوم ہوسکے ہیں۔[۵]

عادل شاہی سلطنت کی دوسری صدی دکنی زبان و ادب کے لیے نہایت ساز گار ثابت ہوئی اس دور میں دکنی زبان کو سرکاری سر پرستی بھی حاصل ہوئی اور س کے زیر اثر ادب کا ایک وافر ذخیرہ بھی تخلیق ہوا۔ اس لیے یہ صدی دکنی

* اُستاد شعبۂ اُردو، گورنمنٹ پوسٹ گریجوائٹ کالج، خانیوال۔

زبان وادب کے اعتبار سے بڑی اہمیت کی حامل ہے۔اس دور میں شاعری درباری رنگ سے آشنا ہوئی اور اصناف سخن کی باقاعدہ تقسیم بھی ہوئی۔قصیدے اور غزلیں لکھی گئیں،مزاحیہ نظموں کا رواج ہوا اور شاعری میں فکر و اسلوب کی پختگی پیدا ہوئی۔ادب کی اس غیر معمولی ترقی کے منجملہ اور اسباب کے،سب سے بڑا سبب سلاطین وقت کا طبعی میلان بھی تھا۔[٦] شاعری کا ذوق عادل شاہی حکمرانوں کی گھٹی میں پڑا ہوا تھا۔اس خاندان کے جتنے بادشاہ گزرے ان سب میں یہ خصوصیت مشترک نظر آتی ہے۔علم و ادب اور شعر و شاعری کی شاہی سرپرستی نے اسے معاشرے میں مقبول ترین اور معیارِ شرافت بنادیا۔[٧]

جہاں تک نثر کا تعلق ہے۔اس عہد میں نثر کی طرف بہت کم توجہ دی گئی۔یہی وجہ ہے کہ اس دور میں کوئی ادبی کتاب مرتب نہیں ہوئی بلکہ اسلامیات کی کتابیں لکھی گئیں۔اس دور میں شاعری کو جس طرح بلند مرتبہ حاصل ہو گیا تھا،اس کے مقابل نثر کی کوئی قابل ذکر ترقی نہیں ہوئی۔[٨]

اس دور کی پہلی صدی میں ایرانی اثرات، مذہب تشیع کی سرکاری سرپرستی اور فارسی زبان نہ صرف دکنی زبان کی ترقی میں رکاوٹ تھے بلکہ اس سے بالکل تضاد رکھتے تھے۔چنانچہ جب ابراہیم عادل شاہ اوّل نے ایرانی اثرات کو کم کرنا چاہا تو دفتر کو فارسی کی بجائے ہندوی میں کر دیا۔[٩] اور آفاقیوں کو اہم عہدوں سے برطرف کر کے اُن کی جگہ دکنیوں کو ممتاز عہدوں پر فائز کیا۔[١٠] ابراہیم عادل شاہ کے اس عمل نے دکنی زبان کو تیزی سے ترقی کرنے میں مدد دی۔

اگرچہ ابراہیم عادل شاہ اول کے جانشین،علی عادل شاہ اوّل نے ایرانی اثرات بڑھانے کے لئے دفتر پھر فارسی میں منتقل کر دیا لیکن دوسری صدی میں حالات بالکل بدل چکے تھے۔[١١] ابراہیم عادل شاہ کے عہد میں دکنی زبان جن قدموں پر کھڑی ہوگئی تھی وہ علی عادل شاہ کے زمانے میں لڑکھڑائی تو ضرور لیکن وہ قدم بہ قدم آگے بڑھتی رہی۔بیجاپور میں فارسی اثرات تو ضرور رہے لیکن اب ان اثرات نے اپنی قلب ماہیت کرتے ہوئے دکنی زبان کو متاثر کرنا شروع کر دیا تھا۔فارسی شاعری کے زیر اثر دکنی زبان میں ادب تخلیق ہونے لگا۔عادل شاہی عہد کی دوسری صدی میں دکنی زبان کو سرکاری سرپرستی حاصل ہونے اور دکنی زبان کے رواج نے یہاں کے ماحول کو اس حد تک بدل دیا کہ بادشاہِ وقت بھی شعرا کو فارسی کی بجائے دکنی زبان میں شاعری کرنے کا مشورہ دینے لگے۔عبدل کی دربار شاہی میں فارسی علماء و فضلا کی موجودگی کی مرعوبیت کو بادشاہِ وقت کی حوصلہ افزائی اور اپنے ملک کی زبان میں شعر کہنے کے مشورے نے ختم کیا۔چنانچہ انہوں نے دکنی زبان میں ''ابراہیم نامہ'' مثنوی لکھی۔[١٢]

اول اول بیجاپور کے دکنی ادب کی زبان پر ہندوی رنگ غالب تھا لیکن رفتہ رفتہ ہندوی رنگ کی بجائے اس میں فارسی اسلوب سرایت کرتا گیا چنانچہ دونوں اسالیب میں کشمکش کی کیفیت پیدا ہونے لگی اور آخر کار فارسی اثرات نے غلبہ حاصل کرلیا۔ عادل شاہی دور کی پہلی صدی میں مقامی افراد فارسی زبان وادب اور موضوعات کو حسرت آمیز انداز میں دیکھتے تھے۔ اپنی اسی احساس کمتری کو دور کرنے کے لئے انہوں نے فارسی ادب سے ترجموں کا سلسلہ شروع کیا اور فارسی تہذیب، اُردو تہذیب میں ڈھلنے لگی۔ یہ عمل صرف ترجموں تک ہی محدود نہ رہا بلکہ اس میں فارسی زبان کے خیالات بھی اپنے لفظوں اور اپنی زبان میں ادا کیے جانے لگے۔ اس کے ساتھ ساتھ فارسی اصناف سخن و بحور بھی اُردو زبان میں داخل ہوگئے اور از کار رفتہ ہندوی بحور و اوزان رفتہ رفتہ ٹکسال باہر ہوگئے۔ [۱۳]

عادل شاہی دور کی دوسری صدی دکنی زبان وادب کے فروغ اور اس زبان وادب میں فارسی اسلوب و آہنگ کے پھیلنے اور جذب ہونے کی صدی ہے۔ اس دور میں فارسی زبان کا عام رواج کم ہونے کے باوجود اس معاشرے میں فارسی زبان کی تہذیبی و تخلیقی روح کو، اس کے تمام اصناف، علامات، رمزیات، تلمیحات اور اسالیب کو اپنی زبان میں جذب کرنے کی کوشش کی جارہی تھی تاکہ اُردو زبان فارسی زبان کی سطح پر آجائے۔ [۱۴]

عادل شاہی دور میں غزل، مثنوی، مرثیہ، قصیدہ، تقریباً ہر صنف میں طبع آزمائی کی گئی۔ اس دور کے شعرا میں برہان الدین جانم، ابراہیم عادل شاہ، عبدل، آتشی، مقیمی، امین، شوقی، صنعتی، ملک خوشنود، رستمی، دولت، علی عادل شاہ، نصرتی، شاہ ملک، امین، ظہور، ہاشمی، ایاغی، شغلی، علی، کریم، مرتضٰی، حسینی، مختار، مومن، قادر اور معظم قابل ذکر ہیں۔ اس دور میں سینکڑوں شعرا گزرے ہیں۔ مگر تذکرہ نویسوں کی بے التفاتی اور زمانے کی ناقدری کے باعث ان کا کلام ہم تک نہیں پہنچ سکا۔ [۱۵]

اس دور کے فارسی گو شعرا و ادباء میں ظہوری، ملک قمی، حیدر ذہنی، باقر کاشی، سنجر کاشی، ابوطالب کلیم، عبدالقادر نواسی، حسن عسکری کاشانی، نورس قزوینی، محمد نامی تبریزی، خواجہ آقا، عبدالنبی اور ملا محمد قلی قابل ذکر ہیں۔ ابراہیم عادل شاہ، علی عادل شاہ ثانی، خواجہ محمد دہدار فانی، آتشی اور مرزا مقیم وہ شعرا ہیں جنہوں نے دکنی زبان کے ساتھ ساتھ فارسی میں بھی طبع آزمائی کی۔ اس دور میں فارسی نثر نگار علما کی قابل ذکر تصانیف میں رفیع الدین شیرازی کی ''تذکرۃ الملوک''، فزونی استر آبادی کی ''فتوحات عادل شاہی''، محمد قاسم فرشتہ کی ''تاریخ فرشتہ'' اور ظہور ابن ظہوری کی ''محمد نامہ'' اہمیت کی حامل ہیں۔

اس دور کے شعرا فارسی اور دکنی دونوں زبانوں سے واقف ہیں اور دونوں زبانوں میں شعر تخلیق کرتے نظر آتے ہیں۔ عادل شاہی دور کی دوسری صدی فارسی شاعری کے زوال اور دکنی شاعری کے عروج کی صدی ہے۔ اس دور میں عادل شاہی بادشاہوں اور شعرا کا میلان فارسی شاعری کی بجائے دکنی شاعری کی طرف ملتفت ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس دور میں دکنی زبان میں فارسی قصوں سے بہت سے تراجم ہوئے۔ ان میں ملک خشنود کی ''جنت سنگار''، شاہ ملک کی ''احکام الصلوٰۃ'' محمد بن ابن عاجز کی ''لیلیٰ مجنوں'' کمال خاں رستمی کی ''خاورنامہ'' اور ''قادرنامہ'' امین کی ''بہرام وحسن بانو'' اور نصرتی کی ''گلشن عشق'' فارسی مثنویوں سے ماخوذ ہیں یا اُن سے متاثر ہو کر لکھی گئیں ہیں۔

عادل شاہی دور میں دکنی شاعری کے عروج کے ساتھ ساتھ تاریخ گوئی کی روایت نے بھی ترقی کی منزلیں طے کیں۔ یہ روایت فارسی روایت کے زیر اثر پروان چڑھی۔ فارسی مثنویوں کے زیر اثر دکنی زبان میں جو مثنویاں لکھی گئیں ان مثنویوں میں فارسی مثنویوں کی طرح شعرا، سال تصنیف، نام تصنیف اور وجہ تصنیف لکھتے نظر آتے ہیں۔ چونکہ مثنویوں کے مقاصد میں ایک مقصد عوام سے گفتگو کرنا تھا۔ اس لیے اول اول مثنویوں میں سادہ لفظی تاریخیں ہی کہی گئیں۔

عادل شاہی دور کی پہلی صدی میں اس کا رواج کم رہا لیکن دوسری صدی میں دکنی زبان کی سرپرستی کے زیر اثر یہ صنف دکن کی مقبول ترین صنف سخن بن گئی۔ ان دو صدیوں میں سینکڑوں مثنویاں لکھی گئیں۔ بقول محمد علی اثر'' دبستان گول کنڈہ اور بیجاپور کے شعرا میں شاید ہی کوئی شاعر ایسا ہو جس نے مثنوی پر طبع آزمائی نہ کی ہو۔ واقعہ یہ ہے کہ دبستان دکن کے شعرا کی بہترین صلاحیتیں اسی صنف سخن میں ظاہر ہوئی ہیں۔[۱۶] اس دور کے ہر شخص کی خواہش ہوتی تھی کہ وہ مثنوی لکھ کر شہرت عام اور بقائے دوام کے دربار میں جگہ پائے۔ ڈاکٹر جمیل جالبی رقمطراز ہیں۔'' اس دور میں مثنوی کی صنف اتنی مقبول ہوئی کے ہر شاعر کے دل میں یہ خیال جاگزیں ہو گیا کہ اپنے نام کو بقائے دوام دینے اور اپنی شہرت کو چار چاند لگانے کے لئے یہی صنف سخن بہترین ذریعہ ہے۔[۱۷]

اشرف بیابانی نے ۹۰۹ھ میں ''نوسرہار'' لکھی تو اس میں سال تصنیف اور وجہ تصنیف پر بھی روشنی ڈالی:

بازاں جو کے تاریخ سال بعد از نبی ہجرت سال
نو سو ہووے اگلے نو یہ دکھ لکھیا اشرف تو
نانوں دھریا اس نو سرہار ولے یہ سب دکھ کر بھار [۱۸]

برہان الدین جانم نے ۹۹۰ھ میں ایک طویل نظم ''ارشاد نامہ'' کے نام سے لکھی اس میں سال تصنیف کا ذکر بھی کیا۔

ہجرت نہٗ صد نود مان ارشاد نامہ لکھیا جان [۱۹]

عبدلؔ کا شمار بیجاپور کے اوّلین شعرا میں ہوتا ہے۔ انہوں نے ۱۰۱۲ھ میں مثنوی ''ابراہیم نامہ'' لکھی تو سال تصنیف کا بھی ذکر کیا' لکھتے ہیں:

بچن پھول گوندیوں براہیم نام کیا سہس پر برس بارہ تمام [۲۰]

مثنوی ''یوسف زلیخا'' میں عاجز نے اپنے نام، تخلص، ولدیت اور سال تصنیف پر روشنی ڈال کر مفید معلومات بہم پہنچائیں۔

کہیا یو قصہ بہوت اپروپ ہے ہوئے دکھنی سوں تو بہوت خوب ہے
نبی بعد ہجرت ہوئی یک ہزار چہل چار پر جا کیا بر قطار
محمد اہے نام احمد پدر تخلص میں عاجز ہوا سر بسر [۲۱]

اس مثنوی کے ایک سال بعد ۱۰۴۵ھ میں ملاقطبی نے ''تحفۃ النصائع'' کا دکنی میں ترجمہ کیا تو سال تصنیف بھی لکھا۔

ہجرت تھے دل سال سو سال ہور چالیس پر بھی پانچہ اُتھے
تب یہ مرتب سب ہوا تحفہ سو دکنی نامور [۲۲]

عاجز نے مثنوی ''یوسف زلیخا'' کے دو سال بعد ''لیلیٰ مجنوں'' لکھی تو اس میں بھی سال تصنیف کا ذکر کیا۔

ہزار ہور چہل شش یو ہجرت کے سال ہوئے پرکھیا لیلیٰ مجنوں کے حال [۲۳]

ملک خوشنود نے امیر خسرو کی فارسی مثنوی ''ہشت بہشت'' کا دکنی زبان میں آزاد ترجمہ کیا تو تاریخ سال تصنیف معنوی انداز میں بیان کی:

''ملک خشنود' موتی صاف رولیا اپس کے ناوں کا تاریخ بولیا [۲۴]

''ملک خشنود' (۹۰+۹۶۰) سے اس کا سنہ تصنیف ۱۰۵۰ھ برآمد ہوتا ہے۔

صنعتی نے ''قصہٗ بے نظیر'' ۱۰۵۵ھ میں لکھی۔ اس میں سال تصنیف سے متعلق لکھتے ہیں:

ہزار ایک پر سال پنجاہ وپنج ہوئے تب ہوا پر جواہر یو گنج [۲۵]

۱۰۵۹ھ میں کمال خاں رستمی نے مثنوی ''خاور نامہ'' لکھی۔ مثنوی کے آخری عنوان ''درخاتمت وتاریخ کتاب ومناجات گوید'' میں کتاب کا نام شاعر کا تخلص اور سنہ تصنیف کا ذکر کیا ہے۔

نبی کی جو ہجرت تھے کیتا خیال ہزار پر پچاس اور نو کے تھے سال
کیا رستمی اس وقت یو کتاب بندیا بات کے گوہراں بے حساب
خاور نامہ دکنی کیتا ہوں نام ہمراہ خاوراں پر قصہ سب تمام [۲۶]

۱۱۶۵ھ میں بلاقی نے ''معراج نامہ'' فارسی سے ترجمہ کیا تو سال تصنیف کا اِس طرح ذکر کیا۔

قصہ یہ ہوا سب خلق میں عجب کیا چاند شش میں سو ماہ رجب
ہزار ایک پنج شصت تھیں سال میں سو اتوار کے روز خوش حال میں
کہ معراج نامے کی سن یو خبر حکایت جو بولا ہوں میں مختصر
کیا فارسی کو سو دکھنی غزل کہ ہر عام ہور خاص سمجھیں سگل [۲۷]

بلاقی کے ٹھیک پانچ سال بعد شاہ معظم نے اپنا معراج نامہ تصنیف کیا۔ سال تصنیف یہ ہے:

یونامہ جہاں میں ہوا جب ختم اگیارہ صدی میں اتھے تیس کم
رجب کی ستاویں یونامہ تمام نبی پر ہزاروں درودو سلام [۲۸]

نصرتی نے ۱۰۷۶ھ میں ''علی نامہ'' کی تکمیل کی اس شعر سے سال تکمیل پر روشنی پڑتی ہے:

لکھیا شہ کا میں جس یو کر اُہس ہزار ایک سوستر پہ تھے چھ برس [۲۹]

شاہ ملک نے مسائل دین سے متعلق نظم میں ''احکام الصلوٰۃ'' رسالہ لکھا تو اس کی تاریخ کہی:

سُن یک ہزار ہور ستر پوسات کیا تھا اسی سال میں یو نکات [۳۰]

''تاریخ سکندری'' میں بھی نصرتی نے سال تصنیف کا ذکر کیا ہے۔

سہس ہور اسی پر جو تھے تین سال [۳۱]

شاہ عالم شغلی بیجاپوری نے مثنوی ''پند نامہ'' ۱۰۸۶ھ میں تصنیف کی:

اتھاسن چھ اوپر اسی ایک ہزار ربیع الاوّل ماہ دن ایتوار [۳۲]

مختار نے مثنوی ''معراج نامہ'' ۱۰۹۴ھ میں تکمیل کی:

یو معراج نامہ ہوا ہے تمام سلام علی روح خیر الانام
سنہ تھا یو ہجرت کا اس دن قرار تھے گذرے نود چار پر ایک ہزار [۳۳]

مقیمی نے مثنوی ''چندن بدن و ماہ یار'' ۱۰۹۸ھ میں لکھی تاریخ اس طرح لکھی ہے:

صدی بارھویں میں تھے کم سال دو لکھیا نظم کوں میں نے باطرز نو [۳۴]

سید میراں ہاشمی نے ۱۰۹۹ء میں مثنوی 'احسن القصہ' لکھی تو سال تصنیف کا ذکر بھی کیا:

مرتب کیا میں یہ قصے کوں تو ہزار برس پر جو تھے نود پہ نو [۳۵]

مذکورہ بالا تاریخوں سے صاف مترشح ہے کہ اول اول مثنویوں میں سیدھے سادے انداز میں ہی تاریخیں کہی جاتی رہیں۔ اس کی دو وجہیں ہوسکتی ہیں۔ اول یہ کہ فارسی کی طرح اردو میں بھی تاریخ گوئی کا آغاز سادہ تاریخوں کے ذریعے ہوا۔ چونکہ زبان اس وقت اپنے ارتقائی مدارج طے کر رہی تھی اس لیے یہ ممکن نہیں تھا کہ شعرا معنوی تاریخیں کہہ سکیں یا تاریخ میں صنعتوں کو بروئے کار لاسکیں۔ یہ عمل اس وقت شروع ہوتا ہے جب کوئی زبان وادب اپنا ارتقائی سفر مکمل کر چکا ہو۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ چونکہ مثنویوں کا مقصد عوام سے گفتگو کرنا تھا اور عوام سے گفتگو بول چال کے انداز ہی میں ہوسکتی ہے لہٰذا مثنویوں میں بھی بول چال کے انداز ہی میں تاریخیں کہی گئیں لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ دکنی زبان وادب میں ذخیرہ الفاظ وافر ہو چکا تھا اور شعرا بھی دکنی (اردو) زبان وادب پر گرفت حاصل کر چکے تھے۔ اس لیے اس عہد میں سادہ تاریخوں کے ساتھ ساتھ معنوی تاریخیں کہنے کی کوششیں بھی کی جاتی رہیں، جیسے ملک خوشنود نے 'جنت سنگار' کی تاریخ 'ملک خشنود' سے حاصل کی۔

عادل شاہی دور میں مذکورہ بالا لفظی تاریخوں کے علاوہ مکتوبی تاریخیں بھی دیکھنے کو ملتی ہیں۔ اس دور کی پہلی نصف صدی دکنی زبان وادب کے نشو ونما کے لیے ساز گار، نہ تھی۔ دوسری نصف صدی میں مقامی زبان میں تخلیقات کا باقاعدہ آغاز شروع ہوا۔ دوسری صدی شعری تخلیقات کے عروج کی صدی ہے۔ اس صدی میں بھی آخری نصف صدی شعری معراج کی صدی ہے۔ جس میں بڑے بڑے باکمال شعرا سامنے آئے۔ اس دور کا ایک بڑا شاعر نصرتی ہے۔ جو بقول ڈاکٹر جمیل جالبی ''تاریخ کی عادلانہ سفاکی'' کی نظر ہوگیا۔ اس دور میں تاریخ گوئی نے بھی خوب ترقی کی۔ اس دور میں نصرتی، صنعتی اور شریف وغیرہ ایسے شعرا ہیں۔ جنھوں نے سادہ تاریخوں کے علاوہ معنوی تاریخیں بھی کہیں۔ معنوی تاریخیں کہنے کے لیے جس مہارت اور زبان پر گرفت کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ ان شعرا میں بدرجہ کمال موجود تھیں۔ ان شعرا کی تاریخوں سے دکنی زبان وادب کے ساتھ ساتھ تاریخ گوئی کے معراج پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ اُردو شاعری کی روایت میں نصرتی ایک ایسا شاعر ہے جس نے ایک طرف مثنوی، قصیدہ اور غزل میں اپنی شاعری کے جوہر دکھائے ہیں تو دوسری طرف خوبصورت تاریخیں کہہ کر بھی اپنی صلاحیت اور زبان پر گرفت کا لوہا منوایا ہے۔ اس کی تاریخوں کا ایک کمال یہ ہے کہ وہ تعمیہ، تخرجہ جیسے فنی نقائص سے پاک ہیں۔ ۱۰۷۰ھ میں عادل شاہ

نے پنالہ کا قلعہ فتح کیا تو نصرتی نے اس کی تاریخ کہی:

وہیں یو فتح کی تاریخ نصرتی بولیا علی نے پل میں پنہالہ لیا صلابت سوں [۳۶]

۱۰۶۸ھ میں عبدالصمد کی فرمائش پر کم وبیش چار ہزار اشعار پر مشتمل مثنوی ''گلشن عشق''، لکھی تو اس کی تاریخ خاتمہ میں لکھی۔

دہریا اس کی تاریخ کا جب خیال وہیں ہاتف غیب معجز مقال

کہیا اس کی تاریخ میں ہجرتی مبارک ہے یو ہدیہ نصرتی [۳۷]

محمد عادل شاہ نے جنگ میں فتح پائی تو نصرتی نے پھر تاریخ کہی:

منگیاں تاریخ کہنے میں یوجب نصرت کی ہاتف وئیں

کھیا دل سوں ''کھنڈل مارے علی یک پل میں جوہر کوں'' [۳۸]

اس تاریخ سے (۳۷+۳۴+۶+۷+۱۰۹+۲۵۱+۱۱۰+۳۰+۳۲+۱۰۰+۲۱۴+۶+۷) ۱۰۶۹ھ اور بر آمد ہوتے ہیں۔ نصرتی نے صلابت خاں کے مارے جانے پر ''قطعہ تاریخ بد جوہر'' کے عنوان سے ایک تاریخی قطعہ کہا جس کا آخری شعر یہ ہے:

تس مرگ کے سبب کی جو تاریخ کوئی پوچھے اے نصرتی تو بول کہ '' باغی ہوا موا'' [۳۹]

'باغی ہوا موا'' سے (۱۰۱۳+۱۲+۴۷) ۱۰۷۲ھ بر آمد ہوتے ہیں یہی اس کے مارے جانے کی تاریخ ہے۔

نصرتی کی مندرجہ بالا تاریخوں کے پیش نظر یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس عہد میں زبان وادب اپنے شباب کی انتہائی منزلوں کو چھو چکا ہے اور شعری ادب میں ہر ممکنہ تخلیقی امکانات بروئے کار لائے جا رہے ہیں چنانچہ شاعری میں معنوی تاریخیں کہہ کر اس فن کو بھی تقویت بخشی جا رہی ہے۔ نصرتی کی تاریخیں دکنی زبان پر کامل گرفت، برجستہ گوئی اور اس فن پر قدرت کاملہ کی مظہر ہیں۔

نصرتی ایک طرف سادہ تاریخیں کہتا نظر آتا ہے تو دوسری طرف معنوی تاریخیں کہنے پر بھی قدرت کاملہ رکھتا ہے۔ اس کی تاریخ میں تعمیہ اور تخرجہ جیسے نقائص بھی نظر نہیں آتے۔ جس سے اس کے ایک ماہر تاریخ گو ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ اس کی تاریخوں سے نہ صرف پورے سنین بر آمد ہوتے ہیں بلکہ مادہ ہائے تاریخ میں وقوع پذیر ہونے والے واقعہ پر بھی خوبصورتی سے روشنی پڑتی ہے۔ یہی خوبی اسے اپنے عہد کے دوسرے تاریخ گویوں میں ایک بڑا مقام دلاتی ہے۔ اس کی کہی ہوئی تاریخیں دکنی ادب کی تاریخ میں ایک یادگار حیثیت رکھتی ہیں۔ اگر نصرتی

''تاریخ کی عادلانہ سفاکی'' کی نظر نہ ہو جاتا تو اس کی تاریخیں آنے والے ادوار میں نہ صرف مشعل راہ ہوتیں بلکہ شمالی ہند کی انیسویں صدی کی طرح یہاں سترھویں صدی کے آخر اور اٹھارویں صدی میں تاریخ گوئی کی ایک جاندار تحریک نمودار ہوتی جو شاعری کی طرح تاریخ گوئی میں بھی شمالی ہند کی راہنمائی کرتی۔

صنعتی دور عادل شاہی کا ایک اور ایسا شاعر ہے جسے معنوی تاریخیں کہنے میں بڑا ملکہ حاصل تھا۔مثنوی ''گلدستہ'' میں انہوں نے تاریخ تصنیف کا براہِ راست انداز میں ذکر نہیں کیا بلکہ تخرجہ کا انداز اپنایا ہے۔مثنوی کے سنہ تصنیف کے بارے میں صنعتی کہتا ہے۔

اُتار اس کی تاریخ کہوں بیاں رہو شاد سن کر سب ہی عاقلاں
سنو کان بھر سن اوّل ہجرتی یو ہدیا دیا دل لگت صنعتی
سچ دیکھنا ہے ایتا دھر نظر عدد حرف پر ہے بیاں اس نثر [۴۰]

مذکورہ تاریخ میں ''یو ہدیا دیا دل لگت صنعتی'' سے (۱۶+۲۰+۱۵+۳۴+۴۵۰+۶۲۰) ۱۱۵۵، اعداد حاصل ہوتے ہیں۔جس سے لفظ ''عدد'' کے ۷۸ اعداد خارج کر دینے سے ۱۰۷۷ھ حاصل ہوتے ہیں اور یہی سالِ تصنیف ہے۔نصرتی اس دور کا ایک بڑا شاعر اور ملک الشعرا تھا۔تاریخ کہنے میں اسے یدطولیٰ حاصل تھا۔لہٰذا جب اس کی موت ہوئی تو کسی شاعر نے اس کی بھی تاریخ کہی۔

ضرب شمشیر سوں یو دنیا چھوڑ جاکے جنت میں خوش ہو رہو
سالِ تاریخ آ ملایک نے یوں کہے ''نصرتی شہید اہے'' [۴۱]

''نصرتی شہید اہے'' سے (۷۵۰+۳۱۹+۱۶) ۱۰۸۵ھ مستخرج ہوتے ہیں۔یہی اس کا سال وفات ہے۔مذکورہ تاریخ سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ نصری طبعی موت نہیں مرا بلکہ اسے کسی نے قتل کیا تھا۔

شریف اس عہد کا ایک اچھا غزل گو اور قصیدہ نگار شاعر ہے۔صلح نامہ عادل شاہ کے موقع پر علی کی شان میں قصیدہ لکھتا ہے تو مادہ تاریخ نکالتے وقت یہ شعر اس کی زبان سے نکل جاتا ہے۔

کہا میں سال تاریخ اس وضا مصراع یو سارا
ہوا یوں صلح اورنگ زیب عادل شہ دبانے سے [۴۲]

عادل شاہی دور کی پہلی صدی فارسی زبان کی حکمرانی کی صدی ہے۔پہلی صدی میں عادل شاہی حکمران ماسوائے ابراہیم عادل شاہ کے، فارسی زبان کی سرپرستی کرتے رہے۔فارسی زبان سرکاری طور پر درباروں میں رائج

رہی۔اس عہد میں عادل شاہی درباروں میں فارسی شعرا کا طوطی بولتا تھا۔اگرچہ ابراہیم عادل شاہ نے سرکاری زبان دکنی کو قرار دے دیا تھا لیکن اس کے دربار میں بھی فارسی شعرا موجود رہے اوران کی قدر و منزلت کی جاتی رہی۔ابراہیم عادل شاہ کی مادری زبان اگرچہ دکنی تھی لیکن وہ فارسی بھی خوب بولتا تھا۔[۴۳]

ابراہیم عادل شاہ اوّل اور عادل شاہ ثانی اگر ایک طرف دکنی زبان میں شعر کہتے تھے تو دوسری طرف فارسی میں بھی طبع آزمائی کیا کرتے تھے۔جس سے اس عہد میں شاعری کے چلن پر بھی روشنی پڑتی ہے۔خواجہ دہدار فانی، مقیم اور آتشی، دکنی زبان کے ساتھ ساتھ فارسی میں بھی شعر کہتے تھے۔عادل شاہی عہد میں تقریباً ڈیڑھ سو سال تک اکثر شعرا اور ادیب دونوں زبانوں سے خوب واقفیت رکھتے تھے۔ان میں سے کچھ شعرا ایسے بھی تھے جو ان دونوں زبانوں میں شعر کہنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔دکن میں فارسی زبان تہذیب اور برتری کی علامت بن چکی تھی۔عادل شاہی درباروں میں ایرانی شعرا کی موجودگی اور اُن کی سرپرستی اس بات کی شاہد ہے۔یہی وجہ ہے کہ جب بھی کوئی خاص واقعہ رونما ہوتا، درباری شعرا اس کی تاریخ ضرور کہتے۔محمد عادل شاہ ثانی نے ۱۰۶۷ھ میں انتقال کیا تو بہت سے شعرا نے اس کی تاریخیں کہیں۔اس عہد میں اکثر تاریخیں فارسی ہی میں کہی گئیں۔حالانکہ وہ دور جو دکنی زبان کی سرپرستی اور عروج کا زمانہ کہلاتا ہے۔اس دور میں بھی شعرا اہم مواقع کے تاریخیں فارسی ہی میں کہتے نظر آتے ہیں۔میاں عبدالرحمٰن نے ۱۰۹۳ھ میں دکنی میں اپنی لکھی تو اس کی تاریخ ''گنجینہ پاک اسرارِ عشق'' فارسی ہی میں لکھی۔اسی طرح مرزا محمد مقیم نے مثنوی ''چندن بدن و ماہ یار'' دکنی زبان میں لکھی تو اس کے معاصر حکیم آتشی نے اسے فارسی میں بھی لکھا۔[۴۴] ان مثالوں سے دور عادل شاہی کی دوسری صدی میں بھی فارسی شاعری کے رواج کا پتہ چلتا ہے۔

چونکہ فارسی زبان کو ایک عرصہ تک درباری سرپرستی حاصل رہی اس لیے یہ زبان ایک تہذیبی علامت کا نشان بن گئی تھی۔دوسری صدی میں دکنی مثنویوں کو چھوڑ کر مختلف مواقع پر کہی گئی تاریخوں کا جائزہ لیا جاتا ہے تو یہ دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ بیشتر تاریخیں فارسی ہی میں کہی گئیں۔اس صدی میں دکنی زبان کی سرکاری سرپرستی کے باوجود اہم مواقع کی تاریخیں فارسی ہی میں نظر آتی ہیں۔عادل شاہی دور کی تاریخی عمارتوں پر جو کتبے لگے ہوئے ملتے ہیں۔ان پر بھی فارسی ہی میں تاریخیں لکھی ہوئی ملتی ہیں۔[۴۵] جس سے اس عہد میں فارسی زبان میں تاریخ گوئی کے رواج کا پتہ چلتا ہے۔

علی عادل شاہ نے دو نہروں کے درمیان ایک خوبصورت باغ تعمیر کروایا جس میں ایک دلکش مسجد بھی تعمیر کروائی تھی۔اس کا نام ''مسجد غالب'' رکھا گیا تھا۔اس مسجد میں ایک ہزار تینتیس (۱۰۳۳) چراغ دان تھے اور یہ

اعداد لفظ ''غالب'' سے برآمد ہوتے ہیں۔[۴۶] ۱۰۴۱ھ میں شاہ حبیب اللہ کا انتقال ہوا تو حسن شوقی نے ''قطب آخرالزماں'' کے الفاظ سے ان کی تاریخ وفات نکالی۔[۴۷]

عادل شاہی دور کی آخری نصف صدی میں بھی فارسی شعرا کو خاصی قدر و منزلت حاصل رہی۔ان کی کہی ہوئی تاریخوں پر بادشاہ وقت انہیں گراں بہا انعامات سے بھی نوازتے رہے۔علی عادل شاہ ثانی کی ولادت ہوئی تو اس وقت کے نامور فارسی شاعر خواجہ آقا جسے دربار میں خاصی قدر و منزلت حاصل تھی، نے شاہزادے کے تولد کی تاریخ فارسی میں کہی۔

شاہ عدالت پناہ خسرو شاہنشہاں　　آں کہ پے بندگیش قامت گردوں خمید
نوگل بستانِ عدل نخل شہنشاہ را　　کرد عطا از کرم خالق عرش مجید
ہاتفے از نہٗ فلک از سر وُدّ و نشاط　　مولد شہزادہ گفت ' کوکب شوکت رسید '

اس قطعے پر بادشاہ وقت نے اسے اتنا انعام دیا کہ وہ مالا مال ہوگیا [۴۸] کوکب شوکت رسید سے (۴۸+۷۲۶+۲۷۴) ۱۰۴۸ھ مستخرج ہوتے ہیں یہی شاہ عادل ثانی کا سال تولد ہے۔سلطان محمد عادل شاہ نے ۲۸ محرم ۱۰۶۷ھ اور دوشنبہ کو نو بجے دن وفات پائی اور اپنے بنائے ہوئے مشہور گول گنبد جسے مول گنبد بھی کہتے تھے، میں مدفون ہوا۔اس کی وفات کی تاریخیں ان کتبوں پر لکھی ہوئی ہیں جو جنوب کے رُخ دروازے کے اندرونی جانب تین رواقوں میں جدا جدا لگے ہوئے ہیں۔تاریخیں یہ ہیں۔

عاقبت محمد محمود شد　　سلطان محمد جنت آشیانی　　محمد شد دارالسلام شد [۴۹]
۱۰۶۷ھ　　۱۰۶۷ھ　　۱۰۶۷ھ

۲۸ محرم روز سہ شنبہ ۱۰۶۷ھ نو بجے دن کے شاہزادہ جواں بخت اور جواں سال علی عادل شاہ ثانی کو انیسویں سال تخت سلطنت پر بٹھایا گیا۔اس موقع پر کسی شاعر نے مولانا ہلالی کے مصرعے کو تاریخ کا حصہ بنا کر یہ قطعہ کہا۔

بہر سال جلوس شاہ دکن　　گفت ہاتف سحر بصوت جلی
نیست آخر دریں سخن حرفے　　جانشین محمد است علی [۵۰]

آخری مصرعے سے شاعر نے تاریخ نکالی ہے۔مادہ تاریخ میں تخرجہ کیا گیا ہے۔جس کی طرف پہلے مصرعے میں اشارہ موجود ہے۔علی کے آخری حرف ''ی'' کے ۱۰ عدد کو پورے مصرع کے اعداد (۴۱۴+۹۲+۴۶۱+۱۱۰) ۱۰۷۷ میں سے نکال دینے سے سال جلوس کی تاریخ ۱۰۶۷ھ مستخرج ہوتی ہے۔عبدالنبی نے سال جلوس کی تاریخ

اس مصرع ''نوبت شاہی زدہ بعد محمد علی'' سے نکالی۔[۵۱]

ملا محمد قلی نے بھی قطعہ تاریخ کہا جس کا آخری شعر ہے۔

سال تاریخ جلوسش خواستم از عقل گفت امیر المومنین بعد از محمد شد علی [۵۲]

علی عادل شاہ ثانی کی تخت نشینی پر جن شعرا نے قطعات تاریخ کہے ان کو بادشاہ نے بہت سے انعام واکرام سے نوازا(۵۳) ڈاکٹر سیدہ جعفر نے ''گلدستہ بیجا پور'' کے حوالے سے لکھا ہے کہ علی عادہ شاہ ثانی نے صلابت خاں کا سر قلم کر دیا تو اس کی تاریخ کسی شاعر نے یہ کہی تھی۔

بمرد آں جواہر از مہابت عادل [۵۴]

علی عادل شاہ نے ۱۰۸۳ھ میں وفات پائی۔ احمد زبیری نے ''بساطین السلاطین'' میں ایک قطعہ تاریخ نقل کیا ہے جس کا آخری شعر یہ ہے۔

سال وفاتش گفت زالہام بادشاہ دین علی کرد وطن برجناں [۵۵]

مذکورہ بالا تاریخوں کے پیش نظر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ عادل شاہی دور کی دوسری صدی میں اگرچہ دکنی زبان کو سرکاری سرپرستی حاصل ہوگئی تھی اور بادشاہِ وقت دکنی زبان میں شعر کہنے والے شعرا کا حوصلہ بھی بڑھانے کے ساتھ ساتھ انہیں دکنی زبان میں شعر تخلیق کرنے کا مشورہ دیتے تھے لیکن اہم واقعات اور بیجا پور کی تاریخی عمارتوں پر موجود بیشتر تاریخیں فارسی میں نظر آتی ہیں۔ اسی طرح عادل شاہیوں کی تاریخ ہائے پیدائش و وفات بھی فارسی ہی میں ملتی ہیں جس سے اس موقف کو تقویت ملتی ہے کہ عادل شاہی بادشاہوں کے دور حکومت کی دونوں صدیوں میں تاریخ گوئی پر فارسی عنصر غالب رہا۔ سلاطین وقت کی پیدائش و وفات پر شعرا عموماً فارسی میں قطعاتِ تاریخ کہتے تھے جن پر انہیں بیش بہا انعامات سے نوازا جاتا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ دکنی زبان کی سرپرستی کے باوجود شعرا اور بادشاہوں کے لاشعور میں فارسی زبان نے مرعوبیت قائم کر رکھی تھی اور اس تہذیبی علامت کو وہ نہ چاہتے ہوئے بھی پسند کرنے پر مجبور تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اس دور کی اکثر تاریخیں فارسی میں نظر آتی ہیں۔

عادل شاہی دور کی آخری نصف صدی میں نصرتی، صنعتی اور شریف ایسے باکمال دکنی تاریخ گو نظر آتے ہیں۔ جن کی تاریخیں اس فن پر ان کی قدرت کاملہ کی مظہر ہیں۔ دکنی زبان میں شاعری ہو یا تاریخ گوئی یہ سب عوامی رجحان اور میلان کی عکاس ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ فارسی زبان کا عالم اور شاعر صنعتی فارسی میں شہرت رکھنے کے باوجود جب مثنوی لکھنا چاہتا ہے تو اسے عوامی رجحان کے باعث دکنی زبان میں ہی مثنوی لکھنا پڑتی ہے۔[۵۶]

عادل شاہی دور کی آخری نصف صدی اُردو تاریخ گوئی کیلئے نہایت سازگار ثابت ہوئی۔ اس عہد میں تاریخ گوئی نے اتنی ترقی کر لی تھی کہ شعر الفظی تاریخوں سے آگے بڑھ کر مکتوبی تاریخیں کہتے نظر آتے ہیں۔ یہ دور بیجا پور میں اردو تاریخ گوئی کے عروج کا دور ہے جو انیسویں صدی کے شمالی ہند کی تاریخ گوئی کے عروج کی یاد دلاتا ہے۔ اورنگزیب کی فتح بیجا پور کے بعد یہ روایت پچھلے قدموں ہٹتی نظر آتی ہے۔ کیونکہ بیجا پور کے شمال سے الحاق نے ایک مرتبہ پھر دکنی سرپرستی کی بجائے فارسی سرپرستی کو رواج دیا۔

حواشی/حوالہ جات

۱۔ کچھ دکھنی کلام از ابوالنصر محمد خالدی مشمولہ نوائے ادب بمبئی، جولائی ۱۹۶۴ء، ص ۲۹

۲۔ تاریخ ادب اُردو، ۱۷۰۰ء تک از سیدہ جعفر و گیان چند، جلد اوّل، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی، ۱۹۸۸ء ص ۱۹۵

۳۔ دکنی ادب کا ایک عظیم مرکز بیجا پور، مشمولہ مجلّہ عثمانیہ، دکنی ادب نمبر ۶۴-۱۹۶۳ء، ص ۶۷

۴۔ واقعات مملکت بیجا پور از بشیر الدین احمد جلد اوّل، مطبع مفید عام آگرہ، ۱۹۵۱ء ص ۴۷

۵۔ علی گڑھ، تاریخ ادب اُردو (نگران) آل احمد سرور، شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونورسٹی، علی گڑھ، ۱۹۶۲ء، ص ۱۹۰

۶۔ ایضاً

۷۔ تاریخ ادب اُردو از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل مجلس ترقی ادب، لاہور ۱۹۷۵ء ص ۱۸۴

۸۔ دکن میں اُردو از نصیر الدین ہاشمی، نسیم بک ڈپو لکھنو، ۱۹۶۳ء ص ۲۷۶

۹۔ علی گڑھ تاریخ ادب اُردو، ص ۱۹۱-۱۹۰

۱۰۔ تاریخ ادب اُردو، ۱۷۰۰ء، تک جلد اوّل، ص ۳۷۷

۱۱۔ علی گڑھ تاریخ ادب اُردو، ص ۱۹۱

۱۲۔ دیکھئے۔ تاریخ ادب اُردو از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل، ص ۱۹۴

۱۳۔ ایضاً

۱۴۔ ایضاً ص ۲۶۱

۱۵۔ دکن میں اُردو،ص ۸۱-۸۰

۱۶۔ غواصی شخصیت اور فن از محمد علی اثر، اکسل فائن پریس، حیدر آباد، اگست ۱۹۷۷ء، ص ۲۷

۱۷۔ تاریخ ادب اُردو، از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل، ص ۲۷۲

۱۸۔ علی گڑھ تاریخ ادب اُردو، ص ۲۰۲

۱۹۔ ایضاً ص ۲۲۳

۲۰۔ تذکرہ مخطوطات اُردو از ڈاکٹر محی الدین قادری زور، ترقی اردو بیورو نئی دہلی، جلد اوّل، ص ۲۶۸

۲۱۔ تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند جلد ششم، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ص ۲۴۷

۲۲۔ اُردوئے قدیم از شمس اللہ قادری، منشی نول کشور لکھنو، ۱۹۳۰ء ص ۶۸

۲۳۔ تاریخ ادب اُردو، ۱۷۰۰ء تک جلد دوم، ص ۴۶۸

۲۴۔ تاریخ ادب اُردو، از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل، ص ۲۵۳

۲۵۔ ایضاً ص ۲۷۵

۲۶۔ خاور نامہ از رستمی مرتبہ شیخ چاند، ترقی اُردو بورڈ کراچی، ۱۹۶۸ء، ص ۸۳۵

۲۷۔ شاہ معظم از ڈاکٹر حسینی شاہد، انجمن ترقی اُردو، آندھرا پردیش ۱۹۷۴ء، ص ۶۴

۲۸۔ ایضاً، ص ۶۴

۲۹۔ تاریخ ادب اُردو، ۱۷۰۰ء، تک جلد سوم، ص ۸۱

۳۰۔ اُردوئے قدیم، ص ۸۸

۳۱۔ تاریخ ادب اُردو از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل، ص ۲۴۳

۳۲۔ تاریخ ادب اُردو، ۱۷۰۰ء، تک جلد سوم، ص ۳۰

۳۳۔ ایضاً، دوم، ص ۱۶۳

۳۴۔ اُردوئے قدیم، ص ۹۴۔

۳۵۔ تاریخ ادب اُردو ۱۷۰۰ء تک، جلد سوم، ص ۱۷۶۔

۳۶۔ تاریخ اُردو ادب ۱۷۰۰ء تک جلد سوم ص ۴۴ ، دوسرے مصرعے سے (۱۱۰+ ۶۰+۳۲+۱۰۰+۱۰۳+۹۳+۴۱+۵۲۳+۱۱۶) ۱۰۷۵ھ برآمد ہوتے ہیں۔ سیدہ جعفر نے غور نہیں کیا۔ نصرتی

نے پنہالہ کو بغیر ''ہ'' کے لکھا ہوگا۔ کیونکہ اُردو کے قدیم ص ۸۵ اور ملا نصرتی از ڈاکٹر عبدالحق ص ۱۱۴ میں پنہالہ بغیر ''ہ'' ہی پنالہ مرقوم ہے جس کی وجہ سے پورے اعداد ۱۰۷۰ھ مستخرج ہوتے ہیں۔

۳۷۔ اُردو قدیم، ص ۸۶۔

۳۸۔ نصرتی از ڈاکٹر عبدالحق انجمن ترقی اُردو، کراچی، ۱۹۶۱ء، ص ۱۱۹۔۱۱۸

۳۹۔ علی نامہ از ملا نصرتی مرتبہ عبدالمجید صدیقی، اعجاز پرنٹنگ پریس، حیدرآباد، ۱۹۵۹ء، ص ۹۹

۴۰۔ تاریخ ادب اُردو، ۱۷۰۰ء، تک جلد دوم ص ۴۹۱۔۴۹۰، مذکورہ مادۂ تاریخ میں سیدہ جعفر لفظ صنعتی لکھنا بھول گئیں۔ جس سے نہ مطلوب اعداد و حاصل ہوتے اور نہ ہی شعر کا وزن دُرست ہوتا ہے۔ مادہ تاریخ کو تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند جلد ششم ص ۴۶۳ کو سامنے رکھتے ہوئے درج کیا گیا ہے۔

۴۱۔ تاریخ ادب اُردو از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل، ص ۳۳۰

۴۲۔ ایضاً، ص ۳۷۶۔ مذکورہ تاریخ سے (۱۲+۶۶+۱۲۸+۲۹۶+۱۰۵+۳۰۵+۶۷+۷۰) ۱۰۴۹، اعداد بر آمد ہوتے ہیں۔ جبکہ مطلوبہ تاریخ ۱۰۷۹ھ ہے۔ ۳۰ کی کمی کس طرح پوری ہوتی ہے۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا۔

۴۳۔ ایضاً، ص

۴۴۔ دیکھیے۔ تاریخ ادب اُردو از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل ص ۲۴۴

۴۵۔ دیکھیے۔ واقعات مملکت بیجاپور جلد سوم،

۴۶۔ تاریخ ادب اُردو، ۱۷۰۰ء تک جلد اوّل، ص ۲۰۹

۴۷۔ تاریخ ادب اُردو از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل، ص ۲۸۱

۴۸۔ تاریخ عادل شاہی از نور اللہ مرتبہ ابوالنصر خالدی، اعجاز پرنٹنگ پریس حیدرآباد دکن، ۱۹۶۴ء ص ۲۹

۴۹۔ واقعات مملکت بیجاپور جلد اوّل، ص ۲۶۸، آخری تاریخ سے (۳۰۴+۳۶۷+۳۰۵+۹۲) ۱۰۶۸ ہجری برآمد ہوتے ہیں۔ اس تاریخ میں شاعر نے ایک کی زیادتی جائز رکھی ہے۔

۵۰۔ ایضاً، ص ۲۷۹

۵۱۔ ایضاً، مندرجہ تاریخ میں مصرع سے (۴۵۸+۳۱۶+۱۶+۶۷+۹۲+۱۱۰) ۱۰۶۸ھ برآمد ہوتے ہیں۔ اس تاریخ میں شاعر نے ایک کی زیادتی جائز رکھی ہے۔

۵۲۔ ایضاً مذکورہ تاریخ سے (۲۵۱+۲۲۷+۶۷+۸+۹۲+۳۰۴+۱۱۰) ۱۰۶۸ھ برآمد ہوتے ہیں اس میں بھی

شاعر نے ایک کی زیادتی جائز رکھی ہے۔

۵۳۔ تاریخ عادل شاہی ص ۵۸

۵۴۔ تاریخ ادب اُردو ۱۷۰۰ء تک جلد سوم ص ۴۴۔ مذکورہ تاریخ سے (۲۴۶+۵۱+۲۱۵+۸+۴۴۸+۱۰۵) ۱۰۷۳ھ برآمد ہوتے ہیں۔ جبکہ نصرتی نے اسی موقع پر ''باغی ہوا موا'' سے بھی تاریخ نکالی ہے جس سے ۱۰۷۲ھ برآمد ہوتے ہیں۔ دراصل سیدہ جعفر سے تسامح ہوا۔ ڈاکٹر سیدہ جعفر نے ص ۴۳ پر مرنے والے کا نام سدی جوہر خاں لکھا ہے۔ مذکورہ تاریخ میں بھی ''جواہر'' کی بجائے ''جوہر'' ہوگا۔ اس طرح پورے مصرعے سے ۱۰۷۲ھ جو کہ مطلوب ہے نکلتے ہیں۔ ممکن ہے یہ کتابت کی غلطی ہو۔

۵۵۔ تاریخ ادب اُردو ۱۷۰۰ء تک جلد سوم ص ۴۷، دوسرے مصرع سے (۳۱۳+۶۴+۱۱۰+۲۲۴+۶۵+۲۰۲+۱۰۴) ۱۰۸۲ھ مستخرج ہوتے ہیں۔ ایک کی کمی باقی رہ جاتی ہے۔ ممکن ہے سیدہ جعفر سے پہلا مصرع نقل کرنے میں سہو ہوا ہو اور پورا مصرع اس طرح ہو۔ ''سال وفاتش گفت زروئے الہام''، اور اس مصرع میں لفظ ''الہام'' کی رو یعنی الف کے ایک عدد کو بھی اگر دوسرے مصرع کے اعداد میں شامل کرلیں تو سالِ مطلوبہ ۱۰۸۳ھ حاصل ہو جاتا ہے۔ اور اس طرح مذکورہ مصرع جو کہ بے وزن تھا باوزن بھی ہو جاتا ہے۔

۵۶۔ تاریخ ادب اُرواز ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اوّل، ص ۲۷۳

خواجہ فریدؒ کی شعری جمالیات

(تفہیم اور استحسان - چند سوالات)

ڈاکٹر قاضی عابد*

Abstract:

This paper attempts to propose that poets like Baba Farid, Khawaja Farid, Waris Shah, Bulhay Shah & others who composed their verses in different regional, language of Pakistan cannot be critically appreciated using the same poetic analysis for all. The paper argues that different parameters for the appreciation of poetry written a different languages be devised and adopted in order to do justice to these works.

برصغیر پاک و ہند میں یہاں (اس خطے) کی قدیم اور جدید زبانوں کے ساتھ ماقبل نوآبادیاتی (آریائی عہد، سلاطین دہلی اور مغل دربار) اور نوآبادیاتی ادوار میں عجیب وضع کا سلوک روا رکھا گیا اور اب مابعد نوآبادیاتی دور میں بھی ہم لوگ اسی وضع قدیم کے ساتھ پوری ایمانداری کے ساتھ نباہ کئے جا رہے ہیں۔ ماقبل نوآبادتی دور کے آریائی مزاج نے یہاں کی قدیم زبانوں کے ساتھ مخاصمت کا رشتہ قائم کر کے اپنی تقدیس کا جواز پیدا کیا لیکن اس کے ردعمل میں اپ بھرنشیں اور پراکرتیں وجود میں آئیں۔ سلاطین دہلی اور مغل دربار کی فارسی زبان کی سرپرستی نے ان اپ بھرنشوں اور پراکرتوں کو ہند کی جدید زبانوں کی شکلیں عطا کیں جن میں اُردو، ہندی، تلگو، ملیالم، بنگالی، پنجابی، سندھی، سرائیکی اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والی زبانوں کو شامل کیا جا سکتا ہے۔ نوآبادتی عہد میں پہلے تو ان نئی زبانوں کی سرپرستی اس طور پر کی گئی کہ یہ فارسی کی حریف ثابت ہو کر اسے دیس نکالا دیں اور پھر خود ان زبانوں کے درمیان بھی رقابت اور تعصب کا بیج بونے کا غیر مختتم سلسلہ شروع ہوا جس کا پہلا ثمر اُردو ہندی تنازعے (۱) کی شکل میں سامنے آیا اور بعد میں مختلف علاقوں میں بولی جانے والی مختلف زبانوں نے خود کو ایک دوسرے کا رقیب سمجھا۔ یوں سب سے زیادہ فائدہ انگریزی زبان کو ہوا جو آج بھی اس ملک میں صاحبی اور حاکمیت کا ایک ذریعہ سمجھی جاتی

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اُردو، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

ہے۔مابعد نوآبادیاتی زمانے کے اپنے رنگ ہیں۔آزادی اور تقسیم کے بعد پاکستان میں پہلے تو اُردو کو واحد قومی زبان قرار دیکر اسے دیگر پاکستانی زبانوں کا حریف قرار دیا گیا اور اُردو کے علاوہ باقی زبانوں کو علاقائی زبانوں کے اقلیتی زمرے میں ڈال دیا گیا حالانکہ یہ سارے رنگ مل کر قومی زبانوں کی قوس قزح تشکیل دے سکتے تھے۔اس طرح دو اڑھائی ہزار سال کے اس عمل میں اس خطے میں بولی جانے والی عوام کی زبانیں اور ان کے تخلیق کار اس توجہ سے محروم رہے جو توجہ کسی نہ کسی طرح اشرافیہ سے تعلق کی بنا پر مختلف ادوار میں دربار سے تعلق رکھنے والی زبانوں کو حاصل رہی۔ ان زبانوں کی زندگی اور حسن ان کے بولنے والوں کے خلوص اور ان زبانوں کے تخلیق کاروں کی تخلیقی دیوانگی (جسے دور حاضر میں مشل فوکو نے اپنی کتاب Madness and Civilization میں تخلیق کار کا سب سے بڑا سرمایہ قرار دیا ہے) کے مرہون منت ہیں۔

برصغیر پاک و ہند میں شعر و ادب اور نقد و استحسان کا سلسلہ نوآبادتی دور میں اُردو زبان کے دائرے میں شروع ہوا۔اردو کے اولین ناقدین تذکرہ نویس تھے۔جنہوں نے اُردو غزل کی شعریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نقد و استحسان کے اصول وضوابط اور قواعد منضبط کئے۔حالی سے جدید انداز نقد شروع ہوا تو تنقید کی شعریات تو اخلاقیات کے دائرے کی پابند ہوگئی (۲) لیکن شعری جمالیات نے ایک اور رنگ اور آہنگ اختیار کیا۔اقبال جیسے بڑے تخلیق کار اور ترقی پسند تحریک کی فعالیت اور مضبوط روایت نے نئی شعرح جمالیات کو تشکیل دیا۔اس کے ساتھ ایک نئی تنقیدی بوطیقا بھی جنم لیتی ہوئی نظر آتی ہے جو معاشرے اور تخلیق کار کے درمیان ایک نئے تعلق کی دریافت تھی لیکن یہ نئی تنقیدی بوطیقا ان اُردو، ہندی اور کچھ دیگر بڑی زبانوں جدید ادب اور جدید تخلیق کاروں کی تفہیم اور استحسان سے ہی اپنی دلچسپی ظاہر کرسکی۔

اُردو اور ہندی یا پاک و ہند کی دیگر زبانوں میں تخلیق ہونے والے اس ادب کے متوازی اتنی ہی قدیم ایک اور شعری اور ادبی روایت بھی ہمارے ہاں موجود رہی ہے جو بابا فرید سے لیکر خواجہ فرید تک پھیلی ہوئی ہے۔اس روایت کی ایک اور شکل کبیر سے نظیر (۳) تک عوام کے ساتھ جرت اور تعلق کا ایک نیا نغمہ الاپتی ہوئی نظر آتی ہے۔ یہ وہ روایت ہے جس کی تفہیم اور استحان کے لئے نہ تو کوئی بڑی تنقیدی روایت بن سکی اور نہ ہی اس دور کی تنقیدی

روایت کے پاس وہ بصیرت نظر آتی ہے جو اس بڑے تخلیقی سرمائے کو اس کے درست سیاق وسباق میں سمجھ اور سمجھا سکے یا پھر اس کے نقد و استحسان کا حق ادا کر سکے۔

اصل بات یہ ہے کہ اس شعری دھارے کی طرف جن ناقدین نے توجہ کی ان کی تنقیدی تربیت جس روایت کے زیر اثر ہوئی تھی وہ صرف اُردو غزل کا ہی استحسان کر سکتی تھی۔اُن کے تنقیدی سانچوں کی مدد سے بابا فرید سے خواجہ فرید اور کبیر سے لیکر نظیر تک کی تفہیم یا اُن کی ادبی قدر و قیمت کا تعین ممکن نہ تھا۔یہی وجہ ہے کہ غلام مصطفٰے خان شیفتہ جب نظیر اکبر آبادی پر قلم اُٹھاتے ہیں تو انہیں ان کا تنقیدی شعور نظیر کے فن کی قدر و قیمت کے تعین سے روک دیتا ہے اور وہ اسے بازاری شاعر اور اس کی بے مثال ولازوال شعری زبان کو سوقیانہ کہہ کر آگے بڑھ جاتے ہیں۔غلام مصطفٰے خان شیفتہ سے لیکر دورِ حاضر کے ناقدین کی یہ ساری جماعت (چند استثنائی مثالوں کو چھوڑ کر) پاکستانی زبانوں میں تخلیق ہونے والے شعری سرمائے کی درست تنقیدی تناظر میں تحسین کرنے سے قاصر ہے۔

دراصل یہ سارے ناقدین ایک خاص وضع کا تنقیدی مزاج اور مذاق رکھتے ہیں جس نے ان کے لئے ایک خاص وضع کی شعری جمالیات/ شعریات متشکل کی ہوئی ہے۔اس شعری روایت کی تفہیم کے لئے جس ندرت یا جدت یا پھر وضعی قوت کی ضرورت ہے وہ ہمارے ان ناقدین کے پاس نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ خواجہ فرید آج بھی اپنے نقاد کے انتظار میں ہے جو نئی وضع شدہ شعریات کی مدد سے فرید کی شعری جمالیات کی توضیح کر سکے۔

فرید کو اس وقت ان ناقدین کی ضرورت نہیں جو اب تک فریدیات پر قلم اُٹھاتے رہے ہیں کیونکہ یہ جن تنقیدی سانچوں کی مدد سے فرید کی شعری جمالیات کو کھولنا چاہتے ہیں ان کی مدد سے ایسا ممکن نہیں۔اس وقت اس امر کی ضرورت ہے کہ نصر اللہ خان ناصر، حفیظ خان، اشولال اور رفعت عباس جیسے لوگ آگے بڑھیں جو ایک نئی تنقیدی بوطیقا جنم دینے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ان لوگوں کے لئے رفیق خاور جسکانی کا کام نقش کفِ پا کا درجہ رکھتا ہے۔ پاکستانی زبانوں کی تفہیم و تنقید کے لیے ہمیں ان کی شعری جمالیات کو سمجھنا ہوگا (۴) اور اُس نئی تفہیم شدہ شعری جمالیات کی مدد سے ایک نئی تنقیدی بوطیقا جنم لے گی۔ایک نئی روایت جو قدیم سرمائے کو بہ انداز دگر داور درست سیاق وسباق میں سمجھ بھی سکے اور سمجھا بھی سکے اور اس روایت کی تنقیدی تحسین بھی ممکن بنا سکے۔

فرید کی شعری جمالیات پر چند باتیں کرنے سے پہلے ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ شعری جمالیات آخر کیا شے ہے۔کیا کسی شاعر کی شعری جمالیات محض اس کی فکر کے کسی بھی طرح کے اظہار کا نام ہے اور اس میں اہمیت صرف موضوع کی ہوتی ہے تو پھر اقبال اور حزیں لدھیانوی اور فیض اور نیاز حیدر میں کیا فرق ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ نقاد اگر آرنلڈ کی زبان میں کسی ذاتی مغالطے کا اسیر ہو کر اس فرق کو نہ بھی سمجھے تو کوئی مضائقہ نہیں وقت کی قوت اور فیصلہ ادب کی تاریخ میں حزیں لدھیانوی اور نیاز حیدر کا نام حاشیے پر بھی نہیں لکھنے دیتے۔دوسری بات یہ ہے کہ کیا شعری جمالیات صرف محض اظہار کے حسن کا نام ہے اگر یہ حقیقت ہے تو پھر کروچے اور اس کے مقلد تخلیق کار آج تک فکر سے عاری فن پارہ تخلیق کرنے میں کیونکر کامیاب نہیں ہو سکے۔اصل بات یوں ہے کہ شعری جمالیات فکر کی قوت اور اظہار کے حسن کی نامیاتی وحدت کا نام ہے۔ایک ایسا کُل جسے کسی بھی تجرباتی عمل سے گزار کر الگ الگ نہ کیا جا سکے بلکہ ان کے امتزاج کے اندا ایک ایسا تخلیقی اہتزاز ہوتا ہے جو لانجائنس کے بقول انسانوں کو ارفعیت یا ترفع کی طرف لے جاتا ہے۔ایک ایسی آگہی جو سرشاری عطا کرے یا پھر ایسی سرشاری جو آگہی عطا کرے۔

فرید کی شعری جمالیات بھی فکر کی توانائی اور اظہار کے حسن کے تال میل سے جنم لیتی ہے۔اس شعری جمالیات کی تنقیدی تحسین کیلئے اُردو کی کلاسیکی شعریات ہماری مدد نہیں کر سکتی کیونکہ فرید اُردو کا اچھا شاعر ہونے کے باوجود اپنی سرائیکی شاعری میں اُردو کی کلاسیکی شعری روایات سے ہٹ کر اپنی ایک تخلیقی دنیا وضع کرتا ہے جس کا رشتہ بابا فرید، شاہ لطیف، بلھے شاہ، شاہ حسین اور رحمان بابا کی شعری روایت سے ہے۔

فرید کی شعری جمالیات تجرید کی بجائے تجسیم کے رنگ و آہنگ کی حامل ہے۔دراصل ہندوستانی مزاج تجسیم کا ہی حامل ہے۔وہ اپنی گردوپیش کی مانوس اشیاء کو دیکھتا محسوس کرتا اور پھر بیان کرتا ہے۔اُردو غزل کی تجرید پسندی کے برعکس فرید کے ہاں تجسیم سے لگاؤ کے فنی مظہر بہت واضح دکھائی دیتے ہیں۔اس کی حسیاتی دنیا بھی خوگرِ پیکرِ محسوس ہے۔یہاں تک کہ وحدت الوجود کے تجربے کے بیان میں بھی فرید کے ہاں تجسیمی انداز بنیادی مزاج کی حیثیت رکھتا ہے۔(۵) فرید کی شاعری میں اس رنگ کی مثالیں کثرت سے موجود ہیں۔

تیڈے نیناں تیر چلایا	تیڈیاں رمزاں شور مچایا
المست ہزار مرایا	لکھ عاشق مار گنوایا
ابراہیم اڑاہ اڑایو	بار برہوں سر چایا
صابر دے تن کیڑے بچھے	موسیٰ طور جلایا
یونس پیٹ مچھی دے پایو	نوح طوفان لڑھایا
شاہ منصور چڑھایو سولی	مستی سانگ رسایا(۶)

ایک اور کافی دیکھئے

مساگ ملیندی دا	گذر گیا ڈینہہ سارا
سنگار کریندی دا	گذر گیا ڈینہہ سارا
کجلہ پایم، سرخی لایم	کیتم یار وسارا
کانگ اڈیندیں عمر وہانی	آیا نہ یار پیارا
رہ ڈونگر تے جنگل بیلا	رولیم شوق آوارا
ہک دم عیش دی سیجھ نہ مانیم	بخت نہ ڈترم وارا
پڑھ بسم اللہ گھولیم سرکوں	چاتم عشق اجارا
رانجھن میڈا میں رانجھن دی	روز ازال دا کارا
ہجر فرید البنی لائی	جل گیم مفت وچارا(۷)

تجسیم کا یہ عمل فرید کی پوری شعری کائنات پر محیط ہے۔ ہر طرح کے فکری تموج کو اس نے پیکر محسوس بنا کر کبیر اور نظیر کے شعری عمل کو نئی شکل دی ہے۔ فرید کے شعری مرتبے کا تعین اس وقت تک ممکن نہیں جب تک محاکات اور امیجری کے اس نظام کو نہ سمجھا جائے جو فرید کے شعری وژن کے پیچھے موجود ہے۔

فرید کی شعری جمالیات کا دوسرا امتیاز اس کا تحرک ہے۔ اس کی روہی بھی ساکن نہیں ہے بلکہ زندگی کے

ہنگاموں سے پر ہے۔ وہاں طوفان برق وباراں ہیں، موسم کی تبدیلیوں کے اثرات ہیں گویا روہی ایک زندہ وجود کے طور پر فرید کی جمالیات کے تحرک یا اس کی متحرک جمالیات (Dynamic Aesthetics) کی گواہ بن جاتی ہے۔ روہی کی زمین، باشندے، موسم، جغرافیہ اور تاریخ ایک تجسمی وحدت یا کل میں ڈھل جاتے ہیں۔ یوں فرید ایک ایسی متحرک جمالیات کو تشکیل دیتا ہے جو ایک طویل فنی ریاضت کے بعد ہی ممکن ہوسکتا ہے۔ یہاں پر طوالت سے بچنے کے لیے فرید کی صرف ایک ہی کافی کی مثال کافی ہوگی۔

آ چنوں رل یار   پیلوں پکیاں نی وے

کئی بگڑیاں کئی ساویاں پیلیاں   کئی بھوریاں کئی پھکڑیاں نیلیاں

کئی اودیاں گلنار   کٹویاں رتیاں نی وے

بار تھئی ہے رشک اِرم دی   سُک سڑ گئی جڑھ ڈکھ تے غم دی

ہر جا باغ بہار   سا کھاں چکھیاں نی وے (۸)

حسن اور عشق کا بیان ہر صوفی اور غیر صوفی شاعر کا ایسا تجربہ ہوتا ہے جو اس کی شعری جمالیات اور لسانیات کی تشکیل کرتا ہے۔ ہم میں سے وہ نقاد یا قاری جن کی مطالعے کی تربیت کلاسیکی فارسی اور اُردو شاعری نے کی ہے وہ فرید کی شاعری کے اس پہلو کی تحسین کرنے یا اسے سمجھنے میں دقت محسوس کرتے ہیں۔ فارسی اور اُردو کی کلاسیکی شعریات میں ایک عام عورت سے محبت جرم اور کسی خاتون کی طرف سے اظہارِ عشق اس قدر غیر پسندیدہ ہے کہ اس کی ایک مصنوعی شکل اُردو میں آئی بھی تو ریختی کہلائی لیکن اس امر کا کیا کیا جائے کہ فرید اور اس کے قبیلے کے دیگر شعراء کے ہاں عشق کا اظہار ہمیشہ نسوانی قالب میں ہوا ہے۔ حسرت موہانی غالباً اُردو کے پہلے شاعر ہیں جن کے ہاں ایک عام عورت سے عشق کی جسارت تخلیقی تجربے میں ڈھلتی ہے وگرنہ داغ دہلوی تک تو اُردو کے سارے شاعر اپنے وسیب کی عورت سے عشق حرام تصور کرتے ہیں۔

ڈاکٹر وزیر آغا نے اُردو گیت (۹) کے عمرانی محرکات سے بحث کرتے ہوئے کہا تھا کہ گیت میں وارفتگی اور عشق کا اظہار عورت کی طرف سے ہوتا ہے لیکن ان سے بھی بہت پہلے مقابیس المجالس میں خواجہ فرید اس امر کی

صراحت عمرانی اور نفسیاتی محرکات کے ساتھ کر چکے تھے۔فرید کے ہاں جو نسوانی قالب محبت کی آگ میں جل رہا ہے اس کے ہاں بصیرت اور گہرائی کی فراوانی ہے۔اگر اُس کے عمرانی، سماجی اور تہذیبی محرکات کا جائزہ لیا جائے تو برصغیر کے معاشرے میں عورت چار دیواری کی اسیر ہے۔اس لیے اس کے تجربات میں گہرائی زیادہ ہے۔اس امر پر بات کرنے کی گنجائش ہی نہیں ہے کہ محبت گہرائی کے بغیر بے معنی تجربہ ہے۔فرید کی شعری کائنات کو جدید نسائی شعور کی روشنی میں یا جدید نسائی تنقید جسے ہم تانیثیت کے نام سے موسوم کرتے ہیں پڑھا جائے تو مطالب ومفاہیم کی کئی نئی دنیائیں دریافت ہوسکتی ہیں۔

عشق انوکھڑی پیڑ　　　سوسوُول اندر دے
نین وہانوم نیر　　　الڑے زخم جگر دے
برہوں بکھیڑا، سخت اڑایا　　　خویش قبیلہ لانوم جھیڑا
مارم ماء پییُو ویر　　　دشمن لوک شہر دے
تانگ اولڑی سانگ کُللڑی　　　جندڑی جلڑی دلڑی گلڑی
تن من دے وچ تیر　　　مارے یار ہُنر دے (۱۰)

فطرت پسندی، تنہائی، وحدت الوجود اور ایسے کئی اہم تجربے فرید کی شعری جمالیات کا اٹوٹ حصہ ہیں۔ سرائیکی ادب اور تنقید میں فریدیات ایک مستقل شعبے کی حیثیت اختیار کر گیا ہے لیکن فرید کی شعری جمالیات کی تحسین کا فرض ابھی تک سرائیکی تنقید کے ناخن پر قرض ہے۔فرید اپنی تفہیم وتحسین کیلئے آج بھی پراُمید اور انتظار کے عالم میں ہے۔

ہُن تھی فرید اشادول　　　ڈُکھڑیں کوں نہ کر یادول
جھوکاں تھیسن آبادول　　　اے نئیں نہ وہسی ہک منڑیں

حوالہ جات/ حواشی

۱۔ اِس حوالے سے ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی کتاب "اُردو ہندی تنازع" اور شمس الرحمٰن فاروقی کی کتاب "اُردو کا ابتدائی زمانہ" دیکھی جا سکتی ہیں۔ پھر تازہ ترین مباحث میں ڈاکٹر گیان چند جین کی کتاب "ایک بھاشا، دو لکھاوٹ، دو ادب" اور اِس کے نتیجے میں اُٹھنے والی بحث کو بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ اسی طرح پریم چند اور خانوادۂ پریم چند میں امرت رائے اور الوک رائے نے بھی اِن مباحث کو علمی حوالوں سے زیرِ بحث لانے کی کوشش کی ہے۔

۲۔ مقدمۂ شعر و شاعری میں غزل، مثنوی، اور دیگر اصنافِ ادب کے حوالے سے اٹھائے گئے مباحث میں واضح طور پر نظر آتا ہے کہ نو آبادیاتی دور کے اخلاقی نظریات کا حالی پر کتنا زیادہ اثر ہے۔ انھوں نے جن مغربی ناقدین /دانشوروں کا اثر قبول کیا وہ ادب کو وکٹورین اخلاقیات کے دائرے میں دیکھنے کے خوگر تھے۔

۳۔ یہ صورتِ حال بہت عجیب ہے کہ اُردو کے مؤرخینِ ادب یا ناقدینِ ادب نے اِس بڑی تخلیقی روایت کو اُردو کے مرکزی دھارے سے بارہ پتھر دور رکھا۔ اگر چہ اِس امر کا اعتراف ہر مؤرخِ ادب نے کیا ہے کہ اُردو شعر و ادب کے ارتقاء میں بابا فرید کا کیا مقام ہے لیکن انھوں نے بابا فرید کی شاعری کا ان کی مابعد شاعری سے کوئی گہرا تعلق دکھانے کی کوشش نہیں کی۔ ہمارے ذہن میں یہ سوال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ کیا ان کے لاشعور میں یہ بات موجود تھی کہ بابا فرید کا تعلق ایک ایسی دھرتی سے ہے جو اُردو تہذیب کے مرکزی منطقوں سے دور ہے اور کسی مرکزی دھارے کی شناخت نہیں بن سکتی یا پھر کسی مرکزی روایت کو متاثر نہیں کر سکتی۔ اسی طرح سے کبیر سے لے کر نظیر تک کو بھی بیسویں صدی کے ترقی پسند ناقدین کے علاوہ تنقیدی روایت کی توجہ نہیں مل سکی۔ کیا یہ بھی ایک نو آبادیاتی رویہ تھا کہ یہاں کی تہذیب و ثقافت کے ساتھ اٹوٹ اور گہرا تخلیقی تعلق رکھنے والے شاعروں کو غلام مصطفیٰ خان شیفتہ کی زبان میں بازاری شاعر کہہ کر ان سے صرفِ نظر کر لیا جائے۔

۴۔ اِس حوالے سے ہمیں ہندوستان کی دلت ادب کی روایت کے ناقدین سے بھی رہنمائی مل سکتی ہے اور ہم مغربی تنقیدی رویوں اور رجحانات میں سے مابعد نو آبادیاتی تنقید سے بھی بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ ایڈورڈ سعید اور ہومی۔ کے۔ بھابھا کے علاوہ بھی کئی ناقدین نے اِس ضمن میں کچھ بنیادی مباحث اٹھائے ہیں۔

۵۔ وحدت الوجود اُردو غزل کا ایک بنیادی تخلیقی تجربہ ہے لیکن وحدت الوجود کے تجربے کے بیان میں اُردو غزل اور برِصغیر کی دیگر زبانوں کا اظہاری اسلوب مختلف وسائل کا حامل ہے۔ اُردو غزل میں وحدت الوجود کا بیان سراسر تجریدی انداز میں کیا گیا ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوا کہ خواجہ میر دردؔ نے وحدت الوجود کے بیان میں کائنات کے

مظاہر اور ان کے حقیقتِ واحد کے ساتھ تعلق کو یوں بیان کیا

جگ میں آ کر اِدھر اُدھر دیکھا
تُو ہی آیا نظر جِدھر دیکھا

یہاں بھی انداز تجریدی ہے جبکہ بابا فرید سے لے کر خواجہ فرید تک اِس روایت کے سبھی شاعروں نے تجسیم کے اندر وحدت تلاش کی ہے۔

۶۔ صدیق طاہر، مرتب، کلامِ خواجہ فرید۔ رحیم یار خان، خواجہ فرید فاؤنڈیشن، ۱۹۸۸، ص ۱۲۶

۷۔ ایضاً، ص ۱۳۵

۸۔ ایضاً، ص ۲۳۵

۹۔ وزیر آغا، ڈاکٹر، اُردو شاعری کا مزاج۔ لاہور، مکتبۂ فکر و خیال، ۱۹۹۵،

۱۰۔ کلامِ خواجہ فرید، ص ۳۱۴

☆☆☆